UNIVERSAL LIBRARY
OU_222982
UNIVERSAL LIBRARY

Checked 1978

۱۳۵۳

مدیر سید محمد محی الدین

معین مدیر محمد عابداللہ خان

سید یوسف الدین
مہتمم

CHECKED. 19



Checked 1969.
1952

# آسٹن Austin

آسٹن موٹر کارس انگلستان کی صنعت کی نمایاں شا...
...لطافت آسٹن کا مقابلہ ناممکن ہے آپ کو اس کی اہمیت
ایک بار کے مظاہرہ میں ہو جائے گا۔

## صرف آسٹن موٹر کارس خریدیئے

سول ایجنٹس
## پربھاکر اینڈ کمپنی
...ل سٹریٹ سکندرآباد

ڈیلرس
## گرانٹ گیراج
موٹر کارس کی مرمت کا سب سے بڑا ورکشاپ

(۱۰۰۹

# اطلاع برائے شعرائے حیدرآباد دکن

اس سال صرف دو مصرعۂ طرح (ایک فارسی اور دوسرا اردو) بابتہ تقریب سالگرہ دئے گئے ہیں طبع آزمائی کیلئے۔ اور مدت کم وبیش ایک ماہ کی دی گئی ہے تاکہ اسمیں جوجو کہنا چاہیں اپنی غزلیں امیر سلطان شریک کوتوال بلدہ کے ہاں بھجوادیں تاکہ بروقت (یعنے رجب میں) گلدستہ میں طبع ہوجائیں۔ (فی غزل ۵ یا ۷ شعر سے زاید نہ ہوں)

"زاہل عشق شنو قصۂ زلیخا را"

(قافیہ زلیخا۔ ردیف را)

"جاتی رہے گی جان بھی ناز وادا کے بعد"

(قافیہ ادا۔ ردیف کے بعد)

## کلام وفا التیام اعلیحضرت سلطان العلوم خسروِ دکن خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ

بیا به بزم که وقت است جام و مینا را — به شغلِ باده گزاریم چند شبها را

نه تابِ صبر بغیر از نظارهٔ دلدار — نه آن مجال که بینیم روئے زیبا را

بهر کجا و بهر سو ظهورِ جلوهٔ اوست — بحیرتم که چسان بینم این تماشا را

چنان به لذتِ دردِ جگر شده خوگر — مریضِ عشق نخواهد گهے مسیحا را

درونِ دل نبود جائے غیر جز جانان — بگو که باش به جائے دگر تمنا را

به فصلِ گل که عجب رنگ ست - ما دیدیم — به ضربِ چنگ رود زود دورِ صهبا را

ز حسنِ یوسفِ کنعان مپرس اے عثمان

ز اهلِ عشق شنو قصهٔ زلیخا را

# نواب کاظم جاہ بہادر

بگفت جوشِ جنون آن غزالِ عنارا — کہ تیز دار تو ہر نوکِ خارِ صحرا را

بُریدہ باد زبانِ تو ناصحا از لاف — چرا کُنی بہ کسے تنگ راہِ دُنیا را

حیات بخش شدہ دردِ عشق اے ہمدم — دگر میار ببالینِ من مسیحا را

سیاہ باد رُخت اے فلک چہ بیمہری — مکن جُدا ز لبم آن لبِ شکر خارا

مبین بچشمِ حقارت بہ بیکشان واعظ — بیار جامِ بلورین بگیر مینا را

ہزار طائرِ دلہا اسیرِ تو گردد — اگر تو پیچ دِہی کاکُلِ چلیپا را

زعشقِ کاظمِ شیدا مگو صبا حرفے
مکُن برائے خدا فاش این مُعمّا را

# نواب تقی جاہ بہادر

بپائے شمع گذارند تیرگیہا را / سپردہ خشک لبی ہم کنار دریا را

زخوفِ این کہ نشگفد شگوفۂ دیگر / بچیدہ ایم بنو غنچۂ تمنّا را

ہمین زمان کہ بمن عہد کرد وہم بشکست / چہ قدرت است بگفتار چشم گویا را

بدامِ عشق کشاکش میانِ بیم و رجا / شکستہ کرد پر و بازوئے شکیبا را

نکرد زلفِ تو تردیدِ سرنوشتِ زبون / قلم گرفتہ چلیپا کنم چلیپا را

سزائے بود باظہارِ رازِ مستیہا / گرہ زدند بہ قلقل گلوئے مینا را

تقی مپرس ز نرگس تو قدرِ اہلِ نظر
بچشمِ کور مجو سرمۂ تماشا را

# نواب بشارت جاہ بہادر

حقیقتے کہ عیانست روئے لیلیٰ را — خرید کن بدکان مجاز معنیٰ را

ندانم اینکہ گلے زیر لب چہ می گوید — کہ آورد بہ فغان عندلیب شیدا را

فراغ حال کسے نیست در جہان خراب — صبا بگردش و ہم سینہ چاک گلہا را

بزیر گیسوئے شبگون بپوش رخ ایجان — کسے ندید سیہ پوش ماہ رخشا را

دہان زخم بخندد دلم کند گریہ — بچشم عشق توان دید این تماشا را

بکنج عافیت خویش شادمان بودم — کہ دادہ است نشانم غم و بلا ہا را

بکوئے یار بشارت چو سر فراز شدم
زمین عشق قدم بوس می شود مارا

# مہاراجہ سر کشن پرشاد بہادر شاد

چو عارفی بگشا شاد چشم بینا را | ببین تجلّی انوار حق تعالیٰ را
ز پرده گر بنمائی تو روئے زیبا را | توان نظارہ ربودن حجاب دلہا را
ہر آنچه بود به یوسف گذشتنی بگذشت | عبث دراز مکن قصۀ زلیخا را
ببین بزہد لبسے زاہدان ریاکارند | فروختند بدنیا متاع عقبیٰ را
گمان مبر که خدا را بچشم خواہی دید | ندیدۀ که چه پیش آمدست موسیٰ را
بعاشقان بنگر چون ز خویشتن رفتند | سپرد بوالہوسان کردہ کار دنیا را
کدام شیوۀ مجنون پسند حق باشد | بروز حشر که گردد شفیع لیلیٰ را

## دیگر در مدح

بیار ساقی سرمست جام صہبا را | که جشن سالگرہ رو نمود دنیا را
بہارِ گلشن دنیا پناہ دین عثمان | که مہر و مہ بدرش سودہ اند سیما را
محیط بخشش و دریائے جود و ابر نوال | شہے که بہرہ ز فیضش بود تمنا را
ز بارگاہِ خدائے بزرگ یافته است | لوا و مسند و تاج و نگین و تمغا را
خدا نوشت بنام تو عزت دو جہان | نبی بحق تو فرمانِ دین و دنیا را
بجاست قبلۀ حاجات و کعبۀ آمال | عطا نمود مرا کار و بار آبا را
دعائے شاد ہمین است از خدائے بزرگ | بدار تا بجہان شاہِ عالم آرا را

## نواب ضیا یار جنگ ضیاؔ

صبا حوالہ نرگس مکن تماشا را — کہ چشم تازہ بہار است گلشن ما را
چہ غم بہ مغبچہ گر رند پارسا گردد — کہ توبہ کم نہ نماید بہائے صہبا را
ہرانچہ کرد بہ یوسف خطائے الفت بود — جزین چہ شرح دہم قصۂ زلیخا را
خوش است گریہ اگر یار روبرو باشد — کہ ماہ جلوہ فروز است آب دریا را
رم غزالِ معیشت نظر نمی آید — ز چشمِ شیر بگیرم چراغ صحرا را
دراین زمانہ چو عثمان کجا بہ ہفت اقلیم — شہے کہ زندہ نمودست نامِ آبا را

جہانیان ہمہ دارند منتش بر سر
منم ضیا کہ کنم پائمال دنیا را

## مسعود علی صاحب محویؔ

بیا بہ بزم و بدہ جلوہ روئے زیبا را — ببر ز خاطر ما حیرتِ تماشا را
بیادِ روئے تو تسکینِ دل توان کردن — ولے چہ چارہ کنم چشمِ ناشکیبا را
ہزار رنگ تماشا شکستہ اند وہنوز — ہزار رنگ تماشاست چشمِ بینا را
امید و یاس ز صافی دلان چہ می پرسی — کہ شستہ اند ز دل نقشِ ہر تمنا را
بکوئے دوست بہ ہر خطوہ ہست جائے نماز — درونِ کعبہ چہ می گستری مصلیٰ را
تفاوتے نکند شاہِ عشق در زن و مرد — بیک کمند کشد وامق و زلیخا را

بہ سوزِ سینۂ پروانہ کے رسی محوی
بسانِ شمع نہ سوزی اگر سراپا را

## عبداللہ صاحب عمادی

صبا بلطف بگو چشم بے محابا را
که گردشے ز نگاهِ تو بس بود ما را

منم کز انچه بجز عشق تست بیزارم
غریبِ شهر نداند رهِ تولّا را

لطیفهٔ لبِ لعلت کند مسیحائی
کرشمهٔ تو بکشتن دهد مسیحا را

بجز طهور شرابے بجامِ ما نبود
نگفتمت که ز کوثر مجوی صهبا را

به تخت بادنشینند و باده پیمایند
که نوش باد حریفان بادپیما را

تفقّدے چه ازین به که کرد شیرین کام
حلاوتِ سخنش طوطیِ شکرخا را

علوّ علم مودّت بزرگ معراجیست
به علم یافت عمادی علیِّ اعلی را

## سید محمد علی صاحب داعی

نهی ز زلف بر خسار اگر چلیپا را
به یک کرشمه به بندی درِ کلیسا را

به آرزوے شهادت رسیده ام برتن
خدا کند که نیفتد گزر مسیحا را

غلامِ تو است دلِ زارم ار تو پسندے
که میخرد ز تو این دردمند رسوا را

دلم ز دست بجز زلف تو کسے نه ربود
بدامِ خویش گرفتی تو مرغِ دانا را

ز گل نوازشِ عاشق ببایدت آموخت
که خوش به خنده کند عندلیبِ شیدا را

مقامِ چشمهٔ حیوان میان تاریکی است
پے صفاے دلت پاس دار شبها را

سفینهٔ غزلِ شاه خواند داعی و گفت
میانِ کوزه عیان دیده ایم دریا را

## محمد عبد اللہ خان صاحب کامل

چہ حاصل از غمِ درمان شکستہ دلہا را
کسے بہ خویش نہ کرد ست سازِ دُنیا را

مخور فریب علاجیکہ سعیِ اہلِ جہان
نیاورد ز فلک بر زمین مسیحا را

فسانہ سازیِ اہلِ کمال پروازست
وگرنہ بال و پرے از کجاست عنقا را

مکش ز دائرۂ اعتبار پا بیرون
ز قطرۂ نتوانی حباب دریا را

کمر بہ خدمتِ طوفانِ گریہ نتوان بست
کہ عمرِ نوحؑ بود لازم این تماشا را

سوادِ خاطرِ دل آرزو کند روشن
جز این چراغ نہ زیبد سراچۂ ما را

ہزار بار بگفتیم و باز می گوئیم
ولے زمیکدہ کامل نمی کشد پا را

## ہدایت محی الدین خان صاحب فدائی

الٰہی عمرِ فراوان بدہ شہ ما را
کہ بہرِ خلق نہادہ است خوانِ یغما را

ز لطف چارہ گرِ بیکسانِ عالم شد
مسیح ہست مریضانِ دردِ دلہا را

چہ گوئیم از کفِ پُر جودِ پادشاہِ دکن
کہ غرقِ شرم کند جہاے دریا را

حکومتِ شہِ عثمان چنان بُود یارب
کہ آید از پئے دربانیش دو صد دارا

مدام باغِ شہی سبز و تازہ تر بادا
کہ این پناہ بُود بلبلانِ شیدا را

مبارک اے شہِ عثمان تُرا گرہ بندی
خدا نگاہ بدارد ذاتِ والا را (آمین ثم آمین)

چنین دماغ بہر حکمران کجا باشد
ندیدہ چون تو فدائی حکیم و دانا را

## محمد عبد السلام صاحب ذکی

بجائے کعبہ بود نقشِ پائے تو مارا
کہ جائے حج و طواف است چشم بینا را

اگر نہ گم شود اندر خیالِ تو چہ کند
گزاشت عاشق شیدا چو دین و دنیا را

گزر ز وادیٔ وہم و گمانِ این عالم
مدہ ز دست دلِ خود جنون و سودا را

زعکسِ روئے تو تصویرِ دہر رنگین شد
چہ طور وصف توان کرد روئے زیبا را

ترا کہ نیست ذکی حاجت مے و ساغر
لبے کشیدہ از چشمِ یار صہبا را

## محمد عبد الرزاق صاحب راشد

بیار بادہ کہ ساعت خوش است صہبا را
چراغِ لالہ برافروخت دشت و صحرا را

کلامِ آصفِ سابع کند مسیحائی
چہ حاجت است کہ زحمت دہی مسیحا را

روانیٔ سخن و فیضِ او چہ می پرسی
کہ سیلِ ابرِ بہار است چشمِ بینا را

بیک کرشمہ ز دل خار خارِ غم بکشند
بیک نگاہ ز ہم بشکنند خارا را

نسیمِ لطفِ توائے گل ہزار غنچہ کشاد
بہ ہیچ گونہ کشودے نشد دلِ مارا

دعاے راشدِ احقر قبول کن یارب
بعمرِ خضر رسان شادمان شہِ مارا

## محمد عبد الرحمن خان صاحب فخری

رسان صبا تو سلامم رسولِ بطحا را
بگو پیامِ دلِ ناصبورِ شیدا را

طوافِ کعبۂ کعبہ نصیبِ ما گردد
بہ روضۂ نبویؐ چون گذر شود مارا

اگرچہ سورۂ یوسف شریکِ قرآن است
ز اہلِ عشق بشنو قصۂ زلیخا را

شبے بہ فخریؔ مشتاق یا رسول اللہ
نما بعالمِ رؤیا تو روئے زیبا را

## سید ابو القاسم صاحب سرور

بگیر از دلِ ما لذّتِ تماشا را — درونِ سینہ نہان داشتیم صحرا را
نگاہِ من بچمن زارِ حُسن اُو گوئی — کہ رندِ مست بہر گام بشکند پا را
متاعِ آرزوئے نو بہ دل فراہم شد — خبر کُنید بہ آن رہزنِ تمنّا را
گمان مبر کہ زسعیِ حقیر سُودے نیست — ہجومِ موج فزاید خروشِ دریا را
بدامگاہِ خیالم رُخ است و ہم کمرش — نگر کہ صید نمودم ہُما و عنقا را

## سید برہان الدین احمد صاحب شوق

بیار ساقیِ گلفام جامِ صہبا را — نجات از غمِ ایّام تا دہد ما را
بحالِ خستۂ ناشاد رحم کن شاہا — کہ فیضِ تُست میسر مدام دُنیا را
ظہورِ وحدت و کثرت بہ عالم است بہم — بہ بین ز دیدۂ تحقیق این تماشا را
ظہورِ نورِ رسالت مآب را بنگر — نویدِ رحمتِ جاوید داد دُنیا را
چگونہ بلبلِ شیدا نہ در قفس اُفتد — نہادہ است چو صیاد دامِ گلہا را
وصالِ یار چو خواہی ز خود گزر اے شوق — وجودِ خویش حجاب است روئے زیبا را

## سید محمد جعفر حسین صاحب صادق

جمالِ چہرۂ تو نورِ چشمِ بینا را — کمالِ ذاتِ تو یک درس اہلِ دنیا را
ہزار شکر خدایا کہ "آصفِ سابع" — چہ شاہِ عادل و باذل تو دادۂ ما را
شہے کہ شوکتِ او فخرِ شوکتِ جمشید — شہے کہ سطوتِ او رشکِ سطوتِ دارا
ز اہلِ درد شنو ماجرائے دلِ زاہد — ز اہلِ عشق شنو قصّۂ زلیخا را
پیامِ تہنیت از صادقِ غریب صبا — کرم کُنی چو رسانی نوشاہِ والا را

## سید عباس حسین صاحب صمصام

صبا بیار برائے نثار گلہا را — کہ شہریارِ دکن (خلد اللہ ملکہ) گشت انجمن آرا

چو روزِ آمدِ عثمان (خلد اللہ ملکہ) ماست در دنیا — بدہ پیامِ طرب ساقئ دل آرا را

خوشا شہنشہ و فرمانروائے ملکِ دکن — بمدحِ حیدرِ صفدر خرید عُقبیٰ را

زہی۔ شہنشہِ عالی تبار ما دارد — جلال و سطوتِ جمشید و شوکتِ دارا

بداد و لطف و سخاوت شہنشہِ عادل — نمود خرّم و خندان ہزار دلہا را

بحقِ آلِ نبیؐ یا الٰہ بر سرِ ما — بدار تا بقیامت شہنشہِ ما را (آمین)

ندید دہر و نہ بیند گہے دگر صمصام
شہے چو حضرتِ عثمان (خلد اللہ ملکہ) معدلت آرا

## مرزا محمد خان صاحب طلعت

بعشق اگر بکشائی دو چشمِ بینا را — بغیرِ عشق نہ بینی اساسِ دنیا را

بہ ذوقِ فطریِ خود باش طالبِ دیدار — مکن طلب پئ تقلیدِ قیس و لیلا را

بر دزدستِ تو دل چشمِ مستِ اوزان رو — کہ ترکِ مست نہ پیچد عنانِ یغما را

ثنائے آصفِ ہفتم چو با نوا خوانم — بسانِ زہرہ برقص آورم ثریا را

خوشا سعادتِ آنکس کہ دارد اندر دل — ولائے احمدؐ و حیدرؓ دو سبطؓ و زہراؓ را

ملک ہمارہ گرہ میزند بسالگرہ — کہ میکشاید ازان عقدہائے دلہا را

اگر تو شاہ پرستی چو طلعتِ یزدی
گزین جوارِ ملکِ ہمکنارِ دریا را

## محمد رحیم خان صاحب فرخ

بیار ساقی و پُر کن ز بادہ مینا را
کہ تا کنیم فراموش فکرِ فردا را

بعہدِ حضرتِ عثمان علی شہِ عادل
کہ صیتِ جاہ و جلالش گرفتہ دنیا را

زہے بطالعِ فرخندہ اش کہ محو نمود
شکوہِ آصفیش عز و جاہِ دارا را

تبارک اللہ ازین جشنِ سالِ میلادش
کہ کردہ خرّم و خندان تمام دلہا را

بہ بین دلا بہ چنین شاہِ جم حشم کہ نمود
ز کیمیائے نظر لعل سنگِ خارا را

ندیدہ دیدۂ گردون چو وے شہے بہ کرم
کہ بہرِ عام کشود است خوانِ یغما را

سزد کہ فرخِ شیراز افتخار کند
کہ گشتہ است ثنا گوے شاہِ والا را

## قمر

رخش حیات دہد عاشقانِ شیدا را
ز زلفِ یار شود از دیاد سودا را

محال ہست شود زندہ کشتۂ نازش
ز چرخِ چارم اگر آوری مسیحا را

بہ یادِ جشن بدہ ساقیائے گلرنگ
شمار مغتنم ایندم گذار فردا را

چہ جشن جشنِ گرہ است شاہِ عثمان خلد اللہ ملکہ را
ہر آنکہ ماہ بہ بزم است و شیر ہیجا را

شہے کہ کرد مسخر ز دانش و تدبیر
بہ ہر طرف چو عمرؓ قلب اہلِ دنیا را

بہ اتباعِ شریعت بہ دینِ مصطفویؐ
درست مثلِ علیؓ کرد کارِ عقبیٰ را

قمر شکایتِ ناسازگاریِ دنیا
عجب کہ می نہ شناسی خدائے دانا را

## محمد غوث محی الدین صاحب فاضل

دلم کہ نذر بشد آن رسولِ بطحا را
کجا بہ محفلِ خود رہ دہد مسیحا را

مریضِ عشقِ رسولم علاجِ من نشود
نیاورید بہ بالینِ من مسیحا را

منم کہ مستِ چشمان مست وے ہستم
بہ بزمِ خود نہ دہم راہ جام و مینا را

دلم کہ بادۂ توحید در ازل نوشید
نیاورد بہ نظر مسجد و کلیسا را

مپرس قصۂ یوسف ز بوالہوس ہرگز
ز اہلِ عشق بشنو قصۂ زلیخا را

## سید ذوالفقار علی خان صاحب گل

اجازتے نہ دہد خار آبلہ پا را
کہ زیر آب کند غرق دشت و صحرا را

بگو بیا و تماشائے خوش ببین زاہد
چسان کریم کند عفو کردۂ ما را

بلائے زلفِ سرش را بدو جہان نہ دہم
بیک جوے نہ خرم غمزہ ہائے حورا را

بغیرِ یار شراب و بہار بے کیف است
بغیرِ دوست نگیرم کنارِ دریا را

مسلّم است کہ شاہِ دکن دہاند یاد
بہ جود حاتمِ طے را بعدل کسرا را

## سید علی صاحب منظور

بہارِ علمِ تو شاداب کرد دنیا را
نگارِ حلمِ تو شاہا بود جہان آرا

نمودِ تست حیات آفرینِ محفلِ ذوق
شہودِ تو طرب افزاست بزمِ تقوی را

کمالِ تست کہ اغیار از و پشیمانند
جمالِ تست کہ شادان کند احبا را

رفیقت اے شہ عثمان مدظلہ العالی دعاے ماہمہ باد
کہ لطفِ تو بنوازد دلِ رعایا را

بہ یادِ لطفِ تو وردِ زبانِ منظور است
شہنشہا ملکا خسروا جہاندارا

## سید محمد علی صاحب صفوی مؤثر

حجاب تیز کند دیدہ ہائے شیدا را / کند نظارہ بہ ہر ذرّہ قیس لیلا را
چہ جائے برقع و محمل بود کہ بس کافی ست / شعاعِ دیدۂ مجنون نقابِ لیلا را
بہ چاکِ دامنِ یوسف چہ رازہاست نہان / زاہلِ عشق بشنو قصّۂ زلیخا را
رسید موسمِ گل فصلِ برشکال آمد / بیار بادہ کہ وقت ست جام و مینا را
خوشا کہ باز مؤثر غزل سرا شدہ است / ہزار مژدہ رسان عندلیبِ شیدا را

## محمد حبیب اللہ صاحب وفا

ولیکہ می برد از دست جلوۂ رویش / سزد زخالِ رخِ او کند سویدا را
کسیکہ یوسفے ماہست می برد دلہا / نہ یوسفیکہ بر دیک دلِ زلیخا را
زقیدِ رشتۂ ہستی نمی توان رُستن / مکن اسیرِ تو مرغانِ رشتہ برپا را
ازین سبب منم و گلرخ و می گلرنگ / بہارِ توبہ شکن برد زہد و تقویٰ را
وفا بموسم گل در سرم ہمین سوداست / زخونِ توبہ کشم غازہ روئے گلہا را

## میر ولایت علی صاحب وفا

گہے زِ چشمِ کرم بنگری اگر مارا / کُنم زِ فیضِ تو پُر دامنِ تمنّا را
بدہ کنون مۓ عشرت کہ سالِ نو آمد / بیار ساقیٔ خوش وقت جامِ صہبا را
مثالِ تُست ندیگر بہ ہفت اقلیمے / بیک نگاہ تو بینی محبّ و اعدا را
زِ جورِ گردشِ افلاک گشتہ ایم تباہ / زبارگاہِ تو خواہیم عدل کسریٰ را
حکومتت بود از شرق تا بہ غرب مدام / رسی زفضلِ الٰہی تو عمرِ عیسیٰ را (آمین)

## محمد سعادۃ اللہ خان صاحب ہوش

بیادِ لعلِ لبے خون دلست صہبارا — بذکرِ نام کسے قلقل است مینارا
کنم چو شرحِ جمالِ رخِ مصفّارا — بیاضِ صبح دہم روئے تارِ شبہارا
خیالِ زلفِ تو ابراست بر زمینِ دلم — طپانِ چو برق بہ بینم در و تمنارا
زخویش بگزرو دامانِ وصلِ یار بگیر — خودیٔ قیس نہ بیند جمالِ لیلیٰ را
بعہدِ آصفِ سابع چہ کارہاست کہ شد — بصیرت است کز و دیدہ ہائے بینارا

## سید محمد حسین صاحب آزاد

بچشمِ قیس ببین رنگِ روئے لیلیٰ را — زاہلِ عشق بشنو قصّۂ زلیخارا
چہ فائدہ؟ کہ تصنع کنی بہ فطرتِ خویش — ببین تو حسنِ خدادادِ روئے زیبارا
بہ پیش حق نہ شود ہیچ عزتِ باطل — کہ لاالٰہ برآورد لات و عزّیٰ را
بہ جسمِ خاکیٔ من روح چون مقید شد — تو گوئی بند نمودہ بکوزہ دریارا
کسے نماند از ایشان مگر شدہ مشہور — کہ کج نمود زنِ پیر قصرِ کسریٰ را

## گورسرن بلی صاحب آزاد

ز رازِ دردِ نہانی خبر تو خواہی یافت — زاہلِ عشق بشنو قصّۂ زلیخارا
سرورِ مطلق و آرامِ جاودانی یافت — کسیکہ کرد فراموش یومِ فردا را
امین و خازنِ الماس و لعل شد بجہان — چرا بچشم نیارند سنگِ خارارا
بعہدِ حضرت عثمان شاہ آصف جاہ — جہان بکرد فراموش عہدِ کسریٰ را
تو سعیٔ بہرچہ آزاد می کنی بے سود — کہ کس نکرد بعالم شکارِ عنقارا

## سید علی محمدؐ صاحب اجلال

بیا بیا بنگر حسنِ عالم آرا را — کہ ہست آئینہ ہر ذرہ روئے زیبا را
تو در نظر ز ہمہ نیک و خوب تر ہستی — بچشمِ قیس نہ بیند اگرچہ لیلیٰ را
نداشتیم بغیر تو میلِ عرضِ نیاز — کہ تشنہ کام شناسد کنارۂ دریا را
بیا بیا سرِ بالینِ من بیا امروز — مریضِ غم نکشد انتظارِ فردا را
شراب نوشم و طی می کنم رہِ کعبہ — نمودہ ام خضرِ راہ لغزشِ پا را
دعا بہ بارگہِ حق ہمی کنیم اجلالؔ — کہ عمرِ خضر دہد شاہِ عادلِ ما را

## سید احمدؐ صاحب احمدؔ

بہ شب چو ساقیِ ما دید روئے زیبا را — بنورِ عکس برافروخت جامِ صہبا را
ببین بچشمِ من آن روئے ماہ سیما را — ز اہلِ عشق شنو قصۂ زلیخا را
ثبات نیست بہ عمرِ دو روزہ دنیا را — بدستِ عقل کن امروز کارِ فردا را
ندید ناصحِ ما آن جمالِ یکتا را — بہ جرمِ عشق کہ بدنام میکند ما را

## محمدؐ اسمٰعیل صاحب اسمٰعیلؔ

رموزِ عشق شنیدن اگر ہوس داری — ز اہلِ عشق شنو قصۂ زلیخا را
اسیرِ دامِ محبت مسیح نفسِ خود است — چہ حاجت است کشد منتِ مسیحا را
بجذبِ کاملِ خود ہر کہ رفت راہِ صفا — بیک نگاہِ کرم موم کرد خارا را
دکن چمن چمن و ہر کسے است متأمن — ہمین بس است نشاط و فرح دلِ ما را
الٰہی تا کہ بود اعتدالِ شمس و قمر — بعمرِ خضر رسان شاہِ عادلِ ما را

## محمد اسمٰعیل شریف صاحب ازل

کسے کشود بدنیا نہ این معمّارا — ز اہلِ عشق بشنو قصۂ زلیخارا
حذر ز کاسۂ گل نیست اہل تقویٰ را — نہفتہ اند بزیرِ لباس مینارا
الٰہی این شہ عثمانِ آصفِ سابع — بود ہمیشہ بملکِ دکن سریر آرا
بذرّہ ذرّۂ عالم تجلّی مہر است — بہ قطرہ قطرہ بہ بینید روئے دریارا
عیان شود بتو سرِّ وجودِ لم یزلی — نگاہ کن بہ تعمّق حباب و دریارا
شہودِ جلوۂ شاہد سزائے ہر کس نیست — نگاہِ قیس بباید جمالِ لیلیٰ را

## میر مہدی حسین صاحب الم

چو خواستی کہ بدست آوری دلِ مارا — ہزار سحر بیاموختی مسیحارا
بعدل و رافتِ او خلقِ تست آسودہ — بدار تا بہ ابد یا خدا شہ مارا خلد اللہ ملکہ (آمین)
رموزِ عشق نگنجد بدل ترا زاہد — مگر نخست بگو ترکِ زہد و تقویٰ را
نہیم سر برضا و برغبت اے ناصح — نصیحتے بحقیقت اگر کنی مارا
غمِ حبیب بدل اے الم نمی گنجد — بکوزۂ نتوان کرد بند دریارا

## عبید اللہ صاحب بصیر

چہ طور صید کنی طائرِ تمنارا — کہ کس بدام نیارد شکارِ عنقارا
ز تیرِ عشق بدل زخم خوردہ ہم بہ ازل — خبر نبود ز مجنون ہنوز لیلیٰ را
ز دستِ دامنِ یوسف نہ کرد چاک از پس — دریدہ عشق مگر پردۂ زلیخارا
حدیثِ واعظِ خود بین مکن بگوش کہ وے — خرد بدولتِ ایمان متاعِ دنیارا
دہد بصیر بہ مردم فریب از طاعت — چو عابدے کہ کشیدہ بسر مصلیٰ را

## غلام محمد خان صاحب ایجاد

صبا ز لطف بگو غنچۂ لب شیدارا — کہ پُر ز گل بکند دامنِ تمنّا را
بعزّ عرض رسان شہریار یکتا را — کہ منعقد بکند بزم عشرت افزا را
بجشنِ سالگرہ ساقیانِ بزم حضور — بدامِ عشوہ بگیرند مُرغِ دانا را
شہ زمان کہ خطا پوش و ہم عطا بخش است — ز جودِ خویش دہد عمرِ نخلِ طوبا را
بگو کہ باش بحق بندۂ سپاس گذار — بعمرِ نوح بکن انتظامِ دنیا را
ز دستبردِ زمانہ خدا نگہدارد — سریرِ مملکت و شاہِ کشور آرا را

جُز اشتیاقِ زمین بوسی و دعا ایجاد
چہ نذر پیش کنم بندہ شاہِ والا را

## سورج نارائن صاحب خاطر

بیا برُون ز پسِ پردۂ ستم آرا — نما بہ طالبِ دیدار روُئے زیبا را
بجز وصالِ تو دارم نہ خواہشے دیگر — بر آر از دل من کاش این تمنا را
کسیکہ دیدہ بہ بحرش تلاطمِ اشکم — ز چشمِ خویش بر انداخت سیلِ دریا را
مکن مذمتِ رندان و وصفِ خود واعظ — سزد نہ ہیچ خرافات مرد دانا را

مپرس کیفیتِ وجدِ میکشان خاطر
بیا بمیکدہ خود بین تو این تماشا را

## محمد عبد الجبار صاحب جبار

فدائے جلوۂ محبوب کن وجودِ خود — کہ ہست دامِ خودی آشیان بلاہا را
چرا بہ دیدہ نمی گنجد آن رخِ انور — کشی چو جامِ فنا دانی این معما را
بہ شمعِ نورِ جمالت شدیم پروانہ — بسوخت آتشِ حسنِ تو ہستیِ ما را
پرید مرغِ شباب و گزشت فصلِ بہار — ہنوز ترک نہ کردی تو جامِ صہبا را

حلال داشتۂ بادۂ خودی جبار
بہ ہوش کین نہ سزد چون تو مردِ دانا را

## افسر سلطانہ بیگم صاحبہ وفا

مجالِ دید کجا نرگسانِ شہلا را — بغمزہ صید کنند آہوانِ صحرا را
بہ شمع پرتوِ رخسارِ یار می بینم — نیاورم بنظر جلوہ ہائے سینا را
بخوابِ ناز چیان او فدائے یوسف شد — ز اہلِ عشق شنو قصۂ زلیخا را
مرا ز گوشۂ چشمت اشارۂ کافیست — برائے زیست نخواہم دمِ مسیحا را

فلک مخالفِ اہلِ کمال می باشد
وفا چہ حاجتِ تشریح امرِ پیدا را

بسم اللہ الرحمن الرحیم


# رہبر دکن

رجب المرجب سنہ ۱۳۵۲ھ


# سالگرہ ہمایونی

ہر قسم کی حمد و ستائش کا وہی خدائے رحمٰن و رحیم، عزیز و قدیر سزاوار ہے جو واحد و یکتا ہے، بے نظیر و بے مثال ہے، جِسنے اس ساری کائنات کو ایک لفظ کن سے پیدا کر دیا، اور ایک خاص انتظام کے ساتھ چلا رہا ہے اور ایک وقت خاص تک جس کا علم اسی کو ہے چلاتا رہے گا جس نے اس دنیا میں رنج و محنت کے ساتھ مسرت و ابتہاج کے اسباب بھی پیدا کر رکھے ہیں، جس نے ہمیں اعلیٰحضرت قدر قدرت دارا شوکت سکندر حشمت، مہر خیال، رعیت پرور، کرم گستر، اعلیٰحضرت میر عثمان علی خان بہادر خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ سا بادشاہ ذیجاہ عطا فرمایا اور آج ہمیں اس کی پچاسویں سالگرہ کی مسرتوں سے اپنے دل و دماغ کو منور و معطر کرنے کا موقع عطا فرمایا ہے۔

دنیا کی وہ ساری قومیں جن کی رگوں میں زندگی کا خون دوڑ رہا ہو، جن کا دماغ روشن، رائے صائب، طبع سلیم، دل روشن، نظر عمیق اور دور رس ہو اور جن کے متخیلہ میں اپنے امروز کے آئینے میں فردا کو دیکھ لینے کی قوت و قابلیت ہو، ایسے سارے واقعات کی سالگرہ مناتی ہیں جن سے ان کی ملی زندگی کو طاقتور خون ملا ہے یا جو ان کے خون حیات کی بڑی نشانیاں متصور ہوتے ہیں یا ایسے تمام اشخاص کی سالگرہ کی راہ میں اپنے دیدہ و دل فرش کرتے ہیں جو ان کی زندگی کا موجب یا حیات فردی و اجتماعی کا باعث ہیں۔

ہم حیدرآبادیوں کے لئے بندگان اقدس کی ذات قدسی صفات سب کچھ ہے، یہ ہماری فردی و ملی دونوں قسم کی زندگیوں اور ان کے تمام پہلوؤں کا مرکز و مدار بھی ہے، اور ہماری ساری ترقیوں اور پیش رویوں کا منبع یاوقار و آمال رفیعہ کا مرجع تابناک بھی۔ ذات ہمایونی ہمارے اندر دل و دماغ کا حکم رکھتے ہیں اور ہماری حیثیت اعضاء و جوارح کی سی ہے۔ ہم ہمیشہ سے شاہ پرست ہیں اور شاہ ہمارے عقیدے میں ظل اللہ ہے۔ ہم اس کی ہر مسرت سے مسرور ہو جاتے ہیں اور اس کے ہر اشارۂ گوشۂ چشم کی تعمیل میں اپنی جانیں لڑا دیتے ہیں۔

ہمارے اس آبائی شعار و عقیدت کی تشکیل میں خود شاہان آصفیہ کی بیدار مغزی و رعیت پروری کو بڑا دخل رہا ہے، اور ہم جو اپنے آپ میں شدت سے شاہ پرستی کے جذبے کو بیدار پاتے ہیں اس کی وجہ یہی ہے خسرو دکن خلد اللہ ملکہ نے جلیل القدر خانوادۂ آصفی کی روایاتی خصوصیات بہت بڑی مقداروں میں ورثے میں پائی ہیں۔ بندگان اقدس کے اس عہد مسعود و میمنت میں ہمیں ایک ایسی زندگی مل رہی ہے جس کی لذت سے ہماری روحیں ایک عرصہ سے ناآشنا ہو گئی تھیں۔ جب ہم سالگرہ ہمایونی کے اس انبساط ریز دن میں ان سعادتوں اور برکتوں کا شمار کرنے بیٹھتے ہیں جو ہمیں اس عالی مرتبت ہستی کے فیض سے حاصل ہوئی ہیں تو ہمارے لئے ان کا شمار دشوار ہو جاتا ہے ہمیں اپنی زندگی کا کوئی سرکاری و غیر سرکاری گوشہ ایسا نہیں دکھائی دیتا جس میں اس آفتاب فضل و کمال کی تجلیاں ضیا افگن نہ ہوں۔ کبھی خیال جامعہ عثمانیہ کی طرف دوڑتا ہے کہ اس چشمۂ علم و فضل سے جو فائدے پہنچ رہے ہیں ان کا شمار کریں مگر تھک کر پلٹ آتا ہے۔ کبھی تعلیمات کا عظیم الشان موازنہ سامنے آتا اور اپنی طرف متوجہ کرنے کا اشارہ کرنے لگتا ہے اور کبھی مختلف محکمہ جات نظم و نسق کی تبدیلیاں نمودار ہوتیں اور کہتی ہیں کہ ہمارا شمار کیا جائے، کبھی وہ سارے تالاب مسرت کے آنسوؤں سے اپنی آنکھیں بھرے ہوئے صف بستہ ہو جاتے اور اپنے ان معاشی فائدوں کی طویل داستان بیان کرنے لگتے ہیں جو ان کی وجہ سے ملک کو پہنچ رہے اور پہنچنے والے ہیں اور کبھی عالیشان عمارتیں، اور دار السلطنت کی صحت بخش و حسن نواز آرائش آنکھ کے سامنے ہوتی اور مطالبہ کرنے لگتی ہے کہ میری خد و خال کتنی ہی حسن بیان و لطف اظہار حاصل کیا جائے اور ہم کو اپنے عجز بیان کے اقرار کے ساتھ ان سب کے آگے سپر ڈالدینا پڑتا اور ان تمام فیوض و برکات کے تصور شیریں میں کھو جانا پڑتا ہے۔

لہٰذا ہم یہاں ان بے شمار چیزوں میں سے کسی ایک کا ذکر بھی کسی تفصیل کے ساتھ نہیں کرنا چاہتے، البتہ اتنا ضرور کہیں گے کہ آج کے عظیم الشان دن کے اعمال و طریقے جن کے ذریعہ ہم اپنی مسرت کا اظہار کرتے ہیں، ہمارے بادشاہ ذیجاہ کی خصوصیات خاص کا ایک ہلکا سا عکس ضرور پیش کرتے ہیں۔ ہم آج کے دن شہر کو آئینہ بند نہیں کرتے، رقص و سرود کی محفلوں پر روپیہ نہیں صرف کرتے یا اور کسی قسم کے کھیل تماشوں میں اپنا وقت ضائع نہیں کرتے۔ سرکاری رسوم تو بس اتنے ہی ہوتے ہیں کہ آج صبح پریڈ ہو گی اور پھر دربار ہو گا۔ عوام اس طرح یہ مبارک دن مناتے ہیں کہ ہماری دنیائے صحافت میں جو اس تقریب میں خاص سالگرہ نمبر نکلتے ہیں، انھیں پڑھتے، اپنے علمی ذوق کو ترقی دیتے، اس عہد کے برکات سے آگاہ ہوتے اور اس چیز سے خاص طور پر زیادہ متاثر ہوتے اور دعائے درازی عمر و اقبال میں مصروف رہتے ہیں کہ خود بندگان اقدس اپنی سالگرہ کے اس مبارک موقع پر فارسی اور اردو طرحیں دیکر اردو و فارسی ادب کی روح شاعری کو بھی زندگی عطا فرماتے رہتے ہیں۔

خود بدولت اور شہزادگان والا تبار کے افکار عالیہ بھی انہی طرحوں پر دنیائے ادب کو مالا مال کرنے کے لئے عرصۂ ظہور میں آتے ہیں اور بلند خیال شعرائے ملک کو بھی ان پر طبع آزمائی کا موقع دیا جاتا اور ان کے نتائج کی یکجائی کو اس یوم مبارک کی یادگار رہنے کا، عز و افتخار نصیب ہوتا ہے۔ ایسی یادگاروں کا قیام سلطان العلوم کے سوا کسی اور سے ممکن نہ تھا۔

یہ ”رہبر“ کی خوش قسمتی ہے کہ اس مرتبہ اس کو بندگان اقدس سلطان العلوم، شہزادگان والا تبار اور شعرائے ملک کی ان بلند پایہ فارسی غزلوں کو اپنے سالگرہ نمبر کی عزت بنانے کا موقع ملا ہے جو اس تقریب میں ذات ہمایونی کے مجوزہ مصرعہ طرح فارسی پر کہی گئی ہیں۔ ہم نے پوری سعی کی ہے کہ ”رہبر“ کے اس سالگرہ نمبر میں وہ ساری خوبیاں پیدا کر دیں جو (۱۴) دنوں میں ”رہبر“ کے حلقۂ ادارت و عملۂ انتظامی سے ممکن تھیں۔ اگر قارئین اس میں کچھ کمی پائیں تو قلت وقت کو بھی پیش نظر کر لیں۔

ہمارا آج کا سب سے زیادہ خوشگوار فریضہ یہی ہے کہ جناب باری میں حضرت سلطان العلوم خلد اللہ ملکہ، کی درازی عمر و اقبال کی دعا کریں اور خدا امان بارگاہ کی حضور میں بادب تمام ہدیۂ تبریک و تہنیت گذرانیں۔

# قدیم اردو مناجاتیں

از

ڈاکٹر سید محی الدین صاحب قادری ۔ زور ۔ ایم ۔ اے ۔ پی ۔ ایچ ۔ ڈی (لندن) پروفیسر ادبیات اردو جامعہ عثمانیہ

اردو شاعری کے بہت سے انواع اور پہلو ابھی توجہ طلب ہیں ۔ جو لوگ ہماری شاعری کی کائنات کو محدود سمجھتے ہیں وہ اسی وجہ سے حق بہ جانب ہیں کہ اس کے سینکڑوں خزانے ان کی نظروں سے پوشیدہ ہیں ۔ گذشتہ تین چار سو سال کے طویل عرصے میں ہندوستان میں اتنے انقلابات رونما ہوئے، اور اردو بولنے والوں کی علمی و سیاسی زندگیوں میں اتنی دفعہ کایا پلٹ ہوئی کہ اردو شاعروں اور انشا پردازوں کے کارنامے یا تو سرے سے برباد ہوگئے یا ایک جگہ سے دوسری جگہ پہونچ گئے ۔ ساتھ ہی چونکہ زبان ایک زندہ شئے ہے، اور وہ بھی اپنے بولنے والوں کے ساتھ ساتھ تغیرہ تبدل حاصل کرتی رہتی ہے، اس لئے جن لوگوں کے یہاں اپنے قدیم شاعروں کے کلام کے نمونے باقی رہ گئے تھے انھوں نے ان کو قدیم اور متروک زبان سمجھکر ردی کاغذات میں ڈال دیا ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وہ پہلے تو کرم خوردہ ہوئے، اور آخر کار یا تو نذر آتش ہوگئے یا کوڑا کرکٹ کی طرح نکال باہر کئے گئے ۔

عہد حاضر میں چند سال سے اعلیٰ حضرت سلطان العلوم مدظلہ کی ذاتی توجہ اور اردو کی ہمت افزا سرپرستی کی وجہ سے ذوق تصنیف و تالیف اور جدید ترین علوم و فنون کے تراجم کے ساتھ، قدیم اردو کارناموں کے مطالعہ، تحفظ، اور اشاعت کا خیال بھی عام ہوتا چلا ہے ۔ چنانچہ گذشتہ چند سالوں میں قدیم اردو ادب سے تعلق کئی کتابیں اور مضامین شائع ہوگئے، اور ہندوستان و دکن کے متعدد انشا پرداز اور محقق اس اہم کام میں سرگرم ہیں ۔ اگر یہی رفتار جاری رہی تو توقع ہے کہ مستقبل قریب میں اردو کے متعدد انمول اور نایاب کارنامے منظر عام پر آسکیں گے ۔ اور ہماری زبان پر طعن کرنے، اور اس کی کم بساطی کی شکایت کرنے والوں کے لئے خاطر خواہ جواب ثابت ہوں گے ۔

اس وقت اردو شاعری کی مطبوعہ کتابیں زیادہ تر غزلیات پر مشتمل ہیں اور یہی وہ صنف ہے جس نے ہماری اصلی شاعرانہ قوتوں کو ملیا میٹ کر دیا ۔ اردو ادب کا دور متوسط سرتا پا غزل گوئی میں غرق ہے یہ ایک افسوس ناک حقیقت ہے ۔ اگر میر و سودا کے بعد سے ہمارے شاعر غزل گوئی ہی کے لئے وقف نہ ہوجاتے تو آج ہماری جدید زبان میں اعلےٰ درجہ کی مثنویوں، قصیدوں، رباعیوں وغیرہ کی افسوسناک کمی نہ ہوتی اس کے برخلاف قدیم اردو کا مطالعہ کرنے والے سمجھتے ہیں کہ وہ انواع سخن کی گوناگونیوں اور مضامین کی وسعت کی وجہ سے جدید اردو پر کئی طرح فوقیت رکھتی ہے ۔ اگر اردو کے عہد متوسط کے شاعر اپنے عظیم الشان پیشروؤں، سلطان محمد قلی، وجہی، غواصی، عبداللہ قطب شاہ، حیاتی، رستمی، ملک خوشنود، نصرتی، طبعی، شاہی اور مرزا وغیرہ کی طرز شاعری کی تقلید کرتے تو آج اردو نہ مضامین اور انواع سخن کے لحاظ سے محدود سمجھی جاتی اور نہ لسانی حیثیت سے ہندوؤں اور مسلمانوں کے آپس میں رسم الخط کا اختلاف پیدا ہونے پاتا ۔

قدیم اردو شاعروں نے جہاں فارسی کی تقلید کی، برج بھاشا زبان اور اس کی شاعری کا دامن بھی کبھی نہیں چھوڑا ۔ ان کے کلام میں دونوں کے عنصر دوش بدوش نظر آتے ہیں ۔ اور وہی زبان اصل میں تمام ہندوستان کی مشترکہ زبان ہوسکتی ہے ۔ چنانچہ عہد حاضر کے محقق پھر اسی کی طرف متوجہ ہو رہے ہیں ۔ پروفیسر وحید الدین سلیم مرحوم نے ان ہی رجحانات کی دوبارہ ترویج کے لئے کئی مضامین "اصلاح زبان اردو" اور "ہندوستان کی عام زبان" کے عنوانات سے شائع کئے ۔

قدیم اردو ادب میں انواع سخن کی گوناگونی پڑھنے والوں کو کبھی سرگراں نہیں ہونے دیتی ۔ اس میں جہاں اعلیٰ سے اعلیٰ غزلوں کے دیوان ہیں، ریختی کے مزاحیہ مجموعے بھی موجود ہیں۔ خاقانی اور انوری کے رنگ کے قصیدے نظر سے گزرتے ہیں تو ساتھ ہی نہایت موثر اور اعلےٰ ادبی مرثیے بھی حزنیہ شاعری کا بہترین نمونہ پیش کرتے ہیں ۔ مثنویوں میں جہاں سخت سے سخت جنگ و جدل کی رزمیہ داستانیں انسان کے جوش و جذبات کو ابھارتی ہیں، شہزادوں اور امیروں کی بزم ہائے طرب اور عاشق مزاجوں کے شبستانوں کے حقیقی نقشے پڑھنے والے کو عہد حاضر کے بکھیڑوں اور جان کاہ کشمکش حیات سے کچھ دیر کے لئے غافل کر دیتے ہیں، اور وہ سمجھنے لگتا ہے کہ میں بھی آج سے تین چار سو سال قبل کے گولکنڈہ یا بیجاپور کی سر بفلک فصیلوں اور برجوں سے

دو کسی صاحب دل شہزادے کی پرکیف مجلس شعر وسخن یا محفل رقص و سرود میں شریک ہوں

یہی قدیم اردو شاعری ہے جس کا مطالعہ ہمارے نوجوان شاعروں اور انشا پردازوں کے قلب و دماغ میں اچھی قوتوں کی سوتیں جاری کر دے گا یہی وہ سرچشمے ہیں جن سے سیراب ہوکر وہ اردو کے مستقبل کو سرسبز و شاداب کرسکیں گے ۔ اور یہی وہ مرقعے ہیں جن میں زندہ دل اور آزاد قوموں کی صحیح طرز زندگی اور اصلی حالات و خیالات کی ہوبہو تصویریں نظر آئیں گی جو غزلوں، قصیدوں، رباعیوں، مرثیوں اور مثنویوں کی شکل میں زندۂ جاوید ہوگئی ہیں ۔ اور عہد حاضر کے شاعروں اور انشا پردازوں کو حقیقی آزادی، بلندیٔ تخیل اور وسعت زبان کا سبق دیتی ہیں ۔

افسوس ہے کہ اردو کے یہ بیش قیمت اور عالیشان کارنامے ابھی عوام کی دسترس سے باہر ہیں ۔ گو وہ دن دور نہیں ہے کہ ان میں سے اکثر شائع ہوکر منظر عام پر آئیں گے اور ہمیں ان سے مستفید ہونے کا موقع ملے گا ۔ مگر اس خاص دن کے انتظار میں بیٹھے رہنا بھی کوئی عقلمندی نہیں ہے ۔ ہر اہل ذوق اور خاص کر اردو کے طالب علم کو چاہئے کہ وہ کسی نہ کسی طرح اردو کی قدیم مطبوعہ یا غیر مطبوعہ کتابوں کا مطالعہ شروع کر دے اور جو چیز ابھی ہر کس و ناکس کے مطالعہ میں نہیں آسکیں انھیں مکمل حالت میں یا ان کے اقتباسات رسائل و اخبار میں یا کتابی حیثیت سے شائع کرے ۔ یہ نہ صرف اردو کی بلکہ تمام قوم کی خدمت ہے ۔ قوموں کی ترقیاں اسلاف کے کارناموں کے مطالعے اور ان پر غور و فکر کرنے ہی پر منحصر ہوتی ہیں ۔ جس ملک نے اپنے عہد ماضی سے غفلت کی اس کا مستقبل ہمیشہ تاریک رہا ۔

قدیم اردو شعر و شاعری نہ صرف سرکاری اور خانگی کتب خانوں میں دستیاب ہوسکتی ہے بلکہ اکثر گھروں میں بڑی بوڑھیوں کو قدیم نظمیں اور اشعار یاد ہوتے ہیں ۔ خاص کر مناجاتیں تو آج بھی وردِ زبان ہوتی ہیں ۔ چنانچہ راقم الحروف نے اپنے صغر سن میں اپنی پرنانی صاحبہ مرحومہ سے (جو حضرت مولانا انوار اللہ خان بہادر نواب فضیلت جنگ مرحوم کی حقیقی ممانی ہوتی تھیں، اور جن کا مولانائے مرحوم یہاں تک احترام کرتے تھے کہ جب کبھی وہ ان کے یہاں تشریف لے جاتی تھیں تو دروازے تک آکر لے جاتے اور نذر گزرانتے تھے) اس قسم کی متعدد قدیم اردو مناجاتیں سنی تھیں ۔ اور اب بھی طرح یاد ہے کہ ان میں سے بعض شعر بالکل وہی تھے جو آج سے ساڑھے تین سو سال قبل کے قطب شاہی ملک الشعرا وجہی نے اپنی مثنوی قطب مشتری کے آغاز میں لکھے تھے ۔

قطب مشتری کی تصنیف سلطان ابراہیم قطب شاہ (۹۵۷ھ تا ۹۸۸ھ) کے عہد حکومت میں شروع ہوئی تھی ۔ اس میں شہزادہ محمد قلی کے (جس نے سلطان ابراہیم کے بعد ۹۸۸ھ سے ۱۰۲۰ھ تک حکومت کی) غالباً بھاگ متی کے ساتھ عشق و محبت کی داستان بیان کی گئی ہے ۔ وجہی اس عہد کا بہت بڑا اردو شاعر تھا ۔ کئی بادشاہوں کے زمانے میں ملک الشعراء رہا ۔ اس کی ایک کتاب "سب رس" کو مولوی عبدالحق صاحب نے انجمن ترقی اردو کی طرف سے خاص اہتمام سے شائع کیا ہے اور اب ایم اے کے نصاب اردو میں پڑھائی جاتی ہے "قطب مشتری" انڈیا آفس لندن کے کتب خانہ میں موجود ہے اس پر کئی دفعہ مضامین شائع ہوچکے ہیں، اور کتاب "اردو شہ پارے" اور "یورپ میں دکنی مخطوطات" میں اس کا تفصیلی تذکرہ بھی موجود ہے ۔ اس مثنوی میں حمد کے بعد وجہی نے ایک سو پانچ ابیات کی ایک مناجات لکھی ہے ۔ جس کے اقتباسات یہاں درج کئے جاتے ہیں ۔

اس مناجات کی زبان چونکہ قدیم ہے اس لئے پہلی دفعہ کے پڑھنے میں مطالب پوری طرح واضح نہ ہوں گے ۔ ایک دفعہ شروع سے آخر تک سرسری نظر ڈال لینے کے بعد اگر دوبارہ اس کا مطالعہ کریں تو صاف سمجھ میں آجائے گی ۔ اس میں وجہی نے پہلے خدائے تعالیٰ کی قدرت اور اس کے احسانات کا اظہار کیا ہے ۔ اور پھر اپنے لئے دنیا سے بے نیازی، دو جگ کی سرفرازی اور نظر کرم وغیرہ کی التجا کی ہے ۔ وہ اپنے تئیں کنکر سمجھتا ہے اور گوہر بننے کا خواہاں ہے ۔ بڑوں کے ڈر سے نڈر رہنے اور صرف خدا سے ڈر پیدا ہونے کی آرزو کرتا ہے ۔ اپنے گناہوں کا اعتراف کرکے خدائے تعالیٰ کی بخشش کا امیدوار ہے ۔ اور آخر میں مجنون جیسے دیوانے کی طرح عشق و محبت سے بہرہ مند ہونا چاہتا ہے کیونکہ اس کا عقیدہ ہے کہ شراب محبت آب حیات ہے ۔ جو اس کا مزہ چکھ لیتا ہے کبھی نہیں مرتا ۔ وہ اس طرح کی حیات جاودانی بھی محض اس لئے حاصل کرنا چاہتا ہے کہ ہمیشہ مے محبت سے سرشار رہنے کا موقع ملے ۔

# مناجاتِ وجہی (۱۰۱۸ھ)

خدایا بڑا تو بڑائی ہے تجھہ / ہمیں سب بندے ہیں خدائی ہے تجھہ
کرے آگ کوں پانی، پانی کوں آگ / کوے کوں سو ہنس، ہو اہنس کوں سو کاگ
خدا ہے توں یو کام تجھہ کو سہائے / کر جیوتے کو مارے، موے کو جلائے
بندیاں کوں کسی بات کا غم نہیں / بھریا ہے خزانہ ترا کم نہیں
توں جھاڑاں کو کپڑے دیا سبزیاں / معلق رکھیا ہے زمین آسماں
دیو اکر چندر شمع کر بھان کوں / دیا یا دو جگ کے شبستاں کوں
تینگ کوں دیوے کا پرت لائیلا / کل پر توں بھونرے کو سب ایا
بندیاں پر ہے تیرا کرم ایک دھات / ہے تیری نظر سب پہ ہر ایک سات
کرم سب بندیاں پر کرہنہار توں / میا سب پہ اک رنگ دھرنہار توں
دکھایا بقا کوں عدم میں تھے توں / بنایا ہے شادی کوں غم میں تے توں
تو صاحب حکم سب پہ دھرتا رہے / جو تجھہ کرنے منگتا سو کرتا رہے
منجے بے نیازی دے دو جگ منے / مجھے سرفرازی دے دو جگ منے
مہرباں، صاحب، غنی، ایک توں / کرم کی نظر سے منجے دیکھہ توں
کمینہ بندہ سب تے کمتر ہوں میں / گہر کر منجے توں کہ کنکر ہوں میں
خدایا منجے خیر دے شر ستے / نڈر کر برایاں کے برے ڈر ستے
نڈر سب تے کر ڈر توں اپنا دلا / دو جگ میں مجھہ اپنا تو جینا دلا
الٰہی الٰہی گنہ گار ہوں..... / گناہاں میں اپنے گرفتار ہوں
عمل کا تو میں گنج کچھہ میرے پاس / دے تیری بخشش کی ہے بہوت آس
جو توں بول بھیجیا سو سب سانچ ہے / ہمیں میں سنے، چوک ہمارا اچ ہے
خلاصی دے منجہہ جگ کے جنجال تے / تو غافل نکو رنج مرے حال تے
گناہاں تے میرے منجے رنج نہیں / جو توں بخشنے آئے تو کچھہ نہیں
جو جوش آئے دریا ترے پیار کا / گنہ دھو سٹے تل میں سنسار کا
دے منجہ عشق مجنوں سے دیوانے کا / پلائے محبت کے مے خانے کا
محبت کرا مے جو پیتا رہے / مرگ اس کو نیں، جم دو جیتا رہے
محبت کے مے کو پلا توں منجے / نکو مار دایم جلا توں منجے

جو جگ میں سدا کال جیتا اچھوں
محبت کی رسے مے کو پیتا اچھوں

---

وجہی کی مناجات کے بعد ہم بیجاپور کے ایک شاعر نصرتی کی مناجاتوں کے اقتباس بھی پیش کریں گے۔ نصرتی علی عادل شاہ ثانی (۱۰۶۷ تا ۱۰۸۳ھ) کے دربار کا ملک الشعرا تھا۔ اس کی دو اردو کتابیں اس وقت تک موجود ہیں۔ گلشن عشق ۱۰۶۸ھ میں لکھی گئی۔ اور علی نامہ ۱۰۷۶ھ میں تکمیل کو پہنچا۔ ان دونوں کتابوں اور اس کے مصنف پر اس وقت تک کئی مضامین شائع ہو چکے اور قدیم اردو ادب کے متعلق کتابوں میں بھی ان کا تذکرہ موجود ہے۔ اس لئے نصرتی اور اسکی شاعری کی اہمیت واضح کرنے کی جگہ ہم اس کی مناجاتوں کا خلاصہ بیان کئے دیتے ہیں تاکہ انکے پڑھنے اور سمجھنے میں آسانی ہو۔

گلشن عشق کی مناجات کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ نصرتی اپنی حقیقت سے بے خبر نہیں ہے۔ وہ کہتا ہے کہ میں گم نام تھا اور صرف خدا کی مہربانی سے نام آور ہوا، اور اپنے شعر و سخن کی درخشانی کی وجہ سے بادشاہوں سے بھی عزت حاصل کی۔ لوگ حیران ہیں کہ ایسے ایسے انمول رتن مجھے کہاں سے دستیاب ہوئے۔ وہ نہیں جانتے کہ یہ مشتِ خاکی تیرے فضل کرم کی وجہ سے کئی لاکھ ہیروں اور جواہرات کی کان بن گیا ہے۔ میرے دل میں شعر پیدا کرنے اور پھر اس کو زبان سے نکالنے والا تو ہی ہے۔ جب تو نے دنیا میں ان گنت نعمتیں عطا کی ہیں تو عقبیٰ میں بھی نیک نام رکھ۔ تیری بے انتہا عنایتوں کی وجہ سے میں شروع ہی سے تجھے مہربان سمجھنے لگا ہوں۔ اس لئے مجھے بے حیائی کی زندگی سے بچا، اور دین و دنیا دونوں میں سرخرو رکھ۔

دوسری مناجات میں جو علی نامہ کی طویل مناجات سے مقتبس کی گئی ہے، نصرتی نے زیادہ تر اپنے کلام کی تاثیر اور مقبولیت کی التجا کی ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ شعر و سخن کے ذریعے سے سارے عالم کو مسخر کرلے۔ وہ اپنے قلم میں خضر کی سی زندگی اور رہبری، اپنے خیالات میں ہوا کی سی روانی اور اوج، اور اپنی طبیعت میں دریا کی سی موجیں اور جوش حاصل کرنے کا خواہشمند ہے۔

# نصرتی کی مناجاتیں

(۱) گلشن عشق سے (۱۰۶۸ ہجری)

ترے قہر تے آہ لرزاں ہے دل / مرا فعل دیکھوں تو ہوئے خجل
جو یوں کچھہ عیاں منج میں تلبیس ہے / خجل منج گنہاں تے ابلیس ہے
گناہاں میرے روز لکھنے تے آہ / ہوا ہے عمل نامہ میرا سیاہ
الٰہی میں اس جگ میں گمنام تھا / ادک پختہ کاراں میں ات خام تھا
عنایت کیا آسمانی منجے / سخن کی دیا درفشانی منجے
ہر اک دُر بھی شاہاں کے لائق دیا / بہا لو رتن تے بھی فائق دیا
رتن دیکھنے لوگ لاتا ہوں میں / سمجھتے ہیں کوئی کاں تے پاتا ہوں میں
میرا سینہ خاپچ یک کھن ہے پن / بھرے فیض تج پل میں کئی لکھ رتن
سخن دل میں اچھیان ہارا تھیں / زباں پر اسے لیانہارا تھیں
کیا جوں توں مشہوریاں اک سبب / نکو نام کر دال بی اے پاک رب
عطا ان گنت تیری پایا ہوں میں / تجے مہرباں کر کچھیانیا ہوں میں
منجے دین دنیا میں عزت سوں کام / یو جیو بے حیائی کا جینا حرام
توں عزت کوں میری نگہدار ہو / ہر اک وقت مشکل میں توں یار ہو
نکو رکھ کمیناں کے ابکار میں / نہ منجہ سر نوا دام کے بھار میں
معانی کے کھن کی منجے دے دوات / جو ہر بات میں کئی رتن آئیں ہات
دے ایسا سخن کی جہاں میں قلم / جو الہام کی فوج کا ہو علم
ہر اک حرف میں کر دکھا جام جم / معانی میں لکش بھر مسیحا کا دم
جو خاصاں کا جاں گرم بازار اچھے / تو ہر کوئی یو گنج خریدار اچھے

---

(۲) علی نامہ سے (۱۰۷۶ ہجری)

مجے خوب کاماں کی توفیق دے / اچھے حق سو کر مجہہ پہ تحقیق دے
مرے لکھ تے کاڑ اس اثر کا کلام / کہ ہر حرف ہوئے مے پرستاں کو جام
دیرنہار اثر حال کا قال دے / دلاں کو جسم اس قال تے حال دے
بھریا رکھ مرے دل میں افسوں سدا / کہ ہوئے جگ مسخر یو سن کر ندا
مرے شعر سوں زندہ دھر ہر شعور / سمجھ مجہہ بچن تے سوں کر جگ میں پور
مرے قول انگے بحث کر سب کی رد / سخن کر مرا عارفاں میں سند
سیاہی کوں کر میری ظلمات دھات / قلم میں مرے خضر کی دے صفات
گلستاں میں ہر انجمن کے دھرا / مرے خوش سفینے کا گلستاں سرا
مرے فن کے بن کوں عطا کر وہ آب / کہ ہر پھول ہوئے چشمۂ پر گلاب

خیالاں کو مجہہ باؤ کی اوج دے
طبیعت کوں دریا کی نت موج دے

---

دکھنی اور نصرتی کی مناجاتوں کے
سلسلہ میں دکن کے دو اور قدیم
اردو شاعر طبعی اور عشرتی کی مناجاتوں
کے انتخاب بھی پیش کر دیئے جاتے
ہیں۔ اوّل الذکر قصّۂ "بہرام و
گل اندام" کا مصنف ہے جو سنہ ۱۰۸۱ھ
میں مثنوی کی شکل میں لکھا گیا۔
موخر الذکر کئی کتابوں مثلاً
"نیہ درپن" اور "دیپک پتنگ"
وغیرہ کا مصنف ہے۔ ان دونوں
کی نسبت تفصیلی معلومات ہماری کتاب
"اردو شہ پارے" میں مندرج
ہیں۔ ان کی مناجاتیں نسبتاً صاف
ہیں۔ کیونکہ یہ وجہی اور نصرتی
کے بعد کے شعراء ہیں۔ ان کو بغیر
توضیح کے پیش کر دیا جاتا ہے تاکہ
اہل ذوق قدیم اردو کے مطالعہ
اور اس کے سمجھنے کی کوشش کریں۔

## مناجات طبعی (سنہ ۱۰۸۱ھ)

الٰہی یو طبعی ترا داس ہے
دے ایمان، اسکوں ترا آس ہے
الٰہی بچن کا منجے تاب دے
میری جیب کی تیغ کو آب دے
الٰہی بچن کا پلا منج شراب
کہ بولوں ہر اک بات جوں آفتاب
الٰہی بچن کا دوانہ ہوں میں
کرم تے ترے گرچہ دانا ہوں میں
بچن کی گگن کا منجے ماہ کر
رتن کر منجے توں کہ ہوئیں کنکر
زباں آشناں کر صلاحت ستے
فصاحت، بلاغت، ملاحت ستے
الٰہی توں میرے اُپر رحم کر
کہ تا نا مجھے عیب کوئی بے ہنر
زباں طعن کی دور مجھ تے کریں
میرے شعر پر بان وعیب نا دہریں
الٰہی میرے پر توں ہو مہرباں
دو ناداں کے ہات تے دے اماں
اول اک غلط خواں بد آواز تھے
دوجا عیب جو چور، غماز تھے
الٰہی تو طبعی کوں گن گیان دے
الٰہی اسے دین ایمان دے

# قصیدہ

(نتیجۂ فکر سر مہاراجہ بہادر یمین السلطنۃ المتخلص بہ شاد صوفی)

جہاں فروز ہے حسن کمال صنع الٰہ — کہ اپنی خوبیٔ صنعت پہ خود خدا ہے گواہ
ہر ایک شئے سے عیاں اسکی شان قدرت ہے — ہر ایک چیز سے کرتی ہے کسب نور نگاہ
دلیل معرفت حق ہے منظر عالم — نظر فروز ہے نظارۂ چمن واللہ
بہار آئی کھِلے تازہ گل گلستاں میں — نہال ہیں شجر و شاخ سبز و برگ و گیاہ
چٹک چٹک کے بجاتے ہیں تالیاں غنچے — جو عندلیب کا سنتے ہیں نغمۂ دلخواہ
نسیم صبح کے مستانہ وار جھونکوں سے — پری رخان چمن چونکے خواب سے ناگاہ
دُھلا کے دایۂ ابر بہار نے رخ گل — پنہایا گوہر شبنم کا ہار خاطر خواہ
بہار باغ کی منظور ہے ہوا خواہی — اسی فرش خواب پہ تکیہ کئے ہیں سبزۂ کاہ
ہر ایک سمت ہے جوش نشاط و فرط طرب — ہر اک طرف ہے وفور مسرت دلخواہ
کہ آج شاہ دکن کا ہے جشن سالگرہ — حضور آصف سابع نظام ظل اللہ
محیط بخشش و دریا کف و سحاب نوال — قمر لوا و فلک خرگہ و ستارہ سپاہ
وہ تاجدار دکن حضرت نظام الملک — کہ جس کا عہد ہے رونق فزائے عزت و جاہ
سراج دین پیمبر چراغ راہ علی — نظام ملک و ممالک حضور آصفجاہ
نظام بزم گہہ نظم میں ہیں صدر نشیں — سریر مملکت نثر پر حضور ہیں شاہ
گل حدیقۂ شاہنشہی نظام الملک — بہار گلشن اقبال و جاہ آصف جاہ
دعاء پہ خاتمہ مدح و ثنا کا لازم ہے — اسی لئے کہی ورد زباں ہے شام و پگاہ
حضور تا صد و سی سال شاد شاد رہیں — دعا خدا سے یہ کرتا ہے بندۂ درگاہ
ترقیوں پہ رہے شہ کا نیّر اقبال — ہمیشہ شاد سے ہو شاد شاہ آصفجاہ
یہ سلطنت رہے آباد رہتی دنیا تک — جہاں میں تا بہ ابد شہ رہیں بعز و جاہ

## مناجات عشرتی (سنہ ۱۱۲۰ھ)

بڑا پاپی ہوں رگن میں سیہ کار
ولے تجھ در بناں منج نہیں کہیں ٹھار
مجھ ایسے رو سکھن کو تو اے معبود
نہ کرتا کاش کہ دنیا میں موجود
کیا پیدا تو دے توفیق منج خوب
کہ ہووں دو جگ منے محبوب مرغوب
دنیا میں آبرو کی زندگی دے
منجے آزادی ایس کی بندگی دے
نہ کر کس غیر کا منج کوں توں محتاج
مرے سر بے نیازی کا توں کہہ تاج
مرے قالب میں رکھ تو علم کا جان
خصوصاً علم جو ہے دین و ایمان
مرے منطق میں دے شیریں زبانی
فصاحت کی منجے دے نکتہ دانی
منجے دے شعر کی حکمت کا جوہر
بچن کی شکل کا توں مج دے دفتر
عمر مت صرف کر میری معطل
نہ کر ناقص مجھے کر توں مکمل

آخر میں مناجاتوں کی
نسبت اس امر کا اظہار ضروری ہے
کہ ان کے ذریعے سے شاعروں کے
حالات و معتقدات اور خواہشات
کی نسبت صحیح معلومات حاصل ہوتی ہیں
مناجاتوں میں شاعر کے زمانۂ حیات،
سیاسی و ادبی رجحانات، اور اخلاق
و معاشرت کی جھلکیں بھی نمودار ہوتی
ہیں۔ نعت اور منقبت میں شاعر زیادہ
تر اپنے موروثی معتقدات کا اظہار
کرتا ہے، لیکن مناجات خود اسکی اپنی
ذات کی صحیح خواہشات اور التجاؤں کا
آئینہ ہوتی ہے۔ اردو شاعری کے انواع
میں مناجات کو نعت و مراثی کی طرح
ایک آزاد اور انفرادی حیثیت حاصل ہے
کوئی قدیم اردو شاعر ایسا نہیں ہے کہ جس کی
مثنوی میں دو مناجاتیں کا ایک مستقل جزو
شامل نہ ہوتا ہو۔ اور چونکہ وہ شاعرانہ
تعلیوں، فنکارانہ تکلفات، اور معاصرانہ
چشمکوں اور طعن و تعریض سے پاک ہوتی
ہے اس لئے وہ شاعر کے دلی جذبات
اور اصلی اسلوب شاعری کی بہترین مظہر
سمجھی جا سکتی ہے۔ اس کے مطالعہ سے نہ صرف شاعر کے ماحول اور اسکی قلبی کیفیتوں کی نسبت واقفیت ہوتی ہے بلکہ پڑھنے والے کو بھی ایک خاص کیف حاصل ہوتا ہے جو بہت ممکن ہے اسکی روحانی نشو و نما اور اخلاقی اصلاح میں مفید ثابت ہو

# شمس الامراء اول کی بادشاہ پرستی[۵۱]

## الملازمت الملوک نصف السلوک

از

قاضی ابن مظہر صاحب (محمد معین الدین) رہبر فاروقی (منشی فاضل پنجاب)

(؛)

نواب شمس الامراء بہادر (اول) کی شاہ پرستی کے متعلق کچھ لکھنے سے قبل ہم یہہ مناسب سمجھتے ہیں کہ یہاں ان کی زندگی کے کچھ مختصر حالات، ناظرین کے سامنے پیش کریں۔

نواب صاحب کا نام محمد ابوالفتح خاں بہادر تھا۔ آپ محمد ابوالخیر خاں شمشیر بہادر امام جنگ اوّل جیسے باخیر بزرگ کے فرزند ارجمند تھے جن کا نسب حضرت شیخ فرید گنج شکر علیہ الرحمہ ایسے فرید دہر اور جلیل الشان بزرگ سے ملتا ہے، جو حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی اولاد سے تھے۔ نواب صاحب اپنے والد ماجد کی شمع حیات گل ہونے کے بعد موضع "لاروشاگر" میں گوشہ نشین ہوگئے تھے۔ لیکن جب امیر الممالک نواب آصف الدولہ بہادر صلابت جنگ عزیمت فرمائے برہان پور ہوئے، تو آپ نے بھی ہمراہی حضور سے افتخار پایا۔ اسی زمانہ میں مدار المہام وقت کا ساغر زندگی لبریز ہوچکا تو، نواب صلابت جنگ بہادر نے انھیں اپنا دیوان مقرر کرنا چاہا، مگر عالی ظرف، مستغنی، اور بلند ہمت امیر نے اس عہدے کے قبول کرنے سے دو ہا انکار کردیا، اور ایک پر لطف حسن معذرت کرتے ہوئے کہا کہ

"میں ایک سپاہی ہوں، معاملہ فہم نہیں اس لئے اگر اس بار عظیم سے سبکدوش کردیا جاؤں تو میرے حق میں یہہ عین الطاف شاہانہ ہونگے"

اس پر فرمان شاہی صادر ہوا کہ

"اس عہدے کے لئے کوئی اچھا سا اپنا جانشین نعم البدل انتخاب کرکے معروضہ پیش کرو" تو آپ نے حسب الحکم غلام سید خاں (مشیر الملک ارسطو جاہ) کو منتخب فرمایا۔[۵۲]

فتح و نصرت کو ہمرکاب رکھنے والے نواب، ابوالفتح خاں بہادر کی خود ذاتی فوج، رسالہ پائیگاہ کے علاوہ بارہ ہزار تھی، اسے وہ جان سے زیادہ عزیز رکھتے تھے۔ اخراجات فوج کے لئے حضور سے تیس لاکھ روپیے سالانہ کی جاگیر مرحمت فرمائی گئی، یہہ رقم ان کے جیسے سپاہ پرور کے لئے بالکل ناکافی تھی۔ ان کے لئے ہر وقت شاہانہ مرحمتوں کا دروازہ کھلا ہوا تھا، اس لئے وقت بہ وقت سرکاری خزانہ سے جاگیر کے سوا ایک معتد بہ رقم بھی ان کو دی جاتی تھی۔

خدائے بزرگ و برتر کی بے انتہا عنایات کے باعث، نواب میر نظام علی خاں بہادر (آصفجاہ ثانی) کی پیشگاہ سے، ۱۱۹۱ھ جمادی الثانی کو پنج ہزاری منصب، اصل کے سوا اور پانچ ہزار سوار، علم، نقارہ، جھالردار پالکی، اور جواہرات گراں بہا مرحمت ہوئے۔ جاں نثاروں کے قدر دان بادشاہ نے صرف اسی پر اکتفا نہ فرمایا، بلکہ موقع بہ موقع، ان کو خطابات ابوالخیر خاں بہادر، تیغ جنگ، شمس الدولہ، شمس الملک، شمس الامراء سے سرلبند فرمایا، اور "فدوی بے نظیر" جیسے خاص لقب سے ان کی عزت میں چار چاند لگائے۔

۲۵ ربیع الثانی ۱۲۰۵ھ کو پانگل میں بہ حالت سفر، مسافر عالم بقا ہوئے، نعش کو حیدرآباد لاکر درگاہ حضرت برہنہ شاہ صاحب (قدس سرہ) میں سپرد خاک کیا گیا۔

نواب مرحوم کے بادشاہ پرستی کے حالات پڑھنے والا حیران ہو جاتا ہے کہ الٰہی! یہہ کیسی زبردست، عقیدت کیش اور جاں نثار شخصیت گزری ہے جس کی نظیر ڈھونڈھنے سے بھی نہیں ملے گی۔ یہی وجہ ہے کہ ان کا خاندان بہت جلد سلطنت کا ایک "جزو اعظم" بن گیا۔ یوں تو کہنے کو دکن میں سلطنت آصفی کے زیر سایہ بڑے بڑے خاندانوں نے عروج پایا، مگر آج سب کے حالات یا نام و نشان، تاریخوں کے پارینہ صفحات کے سوا، سب کے دماغوں سے محو ہوچکے ہیں۔ اور ان کا کوئی نام لیوا تک ...... باقی نہ رہا۔ لیکن اس ریاست ابد مدت کے ابتدائی دور میں ان کو اور ان کی اولاد کو جو اعزاز حاصل تھے چشم بد دور، یہہ سب شاہان آصفیہ کی قدر دانیوں کی وجہ سے ان کے جانشینوں کو بھی اسی آن و بان کے ساتھ حاصل ہوتے چلے آئے ہیں، بلکہ وقت بہ وقت ان میں اور اضافہ ہی ہوتا رہا۔

تواریخ دکن ناقل ہیں کہ شمس الامراء بہادر خلوت مبارک میں ہمیشہ حاضر رہتے تھے اور شب میں دروازہ خوابگاہ کے روبرو آرام فرمایا کرتے تھے۔ کسی وقت پاس ادب سے ... خواب کے عالم میں بھی ڈیوڑھی مبارک کی طرف پیٹھ نہ کی۔ حتیٰ کہ سوتے میں اگر پہلو کو کھجانے تو کروٹ ہونے کے بجائے، اگر سر شمال کی طرف ہوتا تو جنوب کی طرف کردیتے، اور جب یہہ بھی دُکھ جاتا تو اٹھ کر پھر شمال کی طرف جانب کرکے دیا کرتے تھے۔

بندگان اقدس سے انھیں اس قدر محبت تھی کہ کبھی بھی، اپنے مالک کے قدموں سے جدائی پسند نہ کی۔ چنانچہ جب آپ کی شادی ہوئی، تو شام کے قریب دلہن کا محافہ گھر روانہ کرکے خود ڈیوڑھی مبارک میں چلے آئے۔ حضور نے جب یہہ حال سنا تو کسی خادم سے فرمایا کہ۔

"شمس الامراء سے جاکر یہہ کہ تم کو ایسے موقع پر تو یہاں نہ آنا چاہیئے تھا، خیر جاؤ اور اب اپنے گھر ہی میں آرام کرو" تو اس عقیدت کے پتلے نے جواب میں عرض کی کہ:۔

"میری طرف سے بھی بارگاہ خسروی میں یہہ معروضہ کرو کہ آج نہیں کل چلا جاؤں گا۔ گھر اپنا ہے، مگر سرکار کے قدموں سے لمحہ بھر کی جدائی بھی مجھ سے گوارا نہیں ہوسکتی"!

کہتے ہیں کہ بندگانعالی نے کسی ایک سفر میں، محلات عالیہ کو بھی رکاب سعادت کی ہمراہی کا اعزاز عطا فرمایا تھا۔ سب کے سب کسی مقام پر غیر آباد ہونے کی وجہ سے ڈیروں میں اتر پڑے۔ دفعتاً رات میں نہایت شدت کی بارش ہوئی، اور اس قدر ہوا چلی کہ تمام ڈیرے گر پڑے بجلیوں کی سخت کڑاک سے خصوصاً عورتیں بے انتہا پریشان ہوگئیں۔ موسلا دھار بارش میں، تن تنہا، حضور خود باہر نکل پڑے، ڈیروں کے گر پڑنے کی وجہ سے محلات شاہی کو رتھوں میں سوار ہونے کا حکم صادر فرمایا، اور بہ نفس نفیس آگے بڑھ کر، ایک زرد رتھ پر کھڑے ہوئے، لشکر کی حالت ملاحظہ فرمانے لگے بجلی کی بار بار کی کڑک، موقوف ہونے کے باوجود اس گھٹا ٹوپ اندھیری رات میں نظر اشرف کے سامنے ہر وقت ایک چیز چمکتی ہوئی دکھائی دینے لگی تو ماما سرن سے یہہ ارشاد فرمایا کہ

"ذرا کسی کے ساتھ جاکر دیکھ کہ یہہ کیا چیز چمکتی ہوئی نظر آرہی ہے" حسب الحکم اس نے قریب پہنچ کر دیکھا کہ محلات مبارک کے خیموں پر اس شدت باد و باراں میں بھی، حفاظت کی خاطر، تیغ جنگ بہادر ہاتھ میں برہنہ تیغہ لئے ہوئے بہت دیر سے نگرانی کر رہے ہیں اور اسی کی چمک دور سے بجلی نما، نظر آرہی تھی۔ جب اعلیحضرت نے یہہ سنا تو انکی اس جاں نثاری پر بے انتہا اظہار پسندیدگی فرمایا۔

مؤلف مدحیہ شمسیہ لکھتا ہے کہ

"حضور پر نور نے ایک مرتبہ رات کے ابتدائی حصے میں شمس الامراء بہادر کو اپنا پلنگ مبارک مرحمت فرمایا"

کیا آپ یہہ سمجھتے ہیں کہ بہادر موصوف نے اس پر آرام فرمایا ہوگا؟ بھلا جو شخص محل کی طرف پیٹھ کرکے سونا بھی نا پسند کرتا ہو، وہ اپنے آقا کے پلنگ پر کس طرح سو جاتا۔ چنانچہ فرط عقیدت سے وہ تمام رات پلنگ مبارک کی اطراف پھرتے رہے۔ اور انھیں ہرگز ہرگز یہہ گوارا نہ ہوا کہ اپنے آقا جیسی جلیل الشان ہستی کی آرام گاہ پر خود بے تکلف سو جائیں، جس پر وہ استراحت فرماتا ہو۔ ان کا آقا بھی کیسا آقا تھا، جو اپنے جاں نثاروں کو اپنی جان سے زیادہ عزیز رکھتا تھا بھلا اسکو جب ان کی اس قسم کی عادتیں معلوم تھیں، تو کسطرح خاموشی اختیار فرما لیتا، اس لئے آدھی رات کے قریب ماما سرن کو ارشاد فرمایا کہ "ذرا جاکر دیکھ کہ شمس الامراء کیا کرتے ہیں؟" جب اس نے ان کو دیکھا تو اس کے حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی، اور دوڑی ہوئی، بارگاہ سلطانی میں پہنچ کر عرض کی کہ جہاں پناہ! آپ نے ان کو جو پلنگ سونے کے لئے مرحمت فرمایا تھا ......... مگر وہ تو اس کے اطراف پھر رہے ہیں۔ حضور نے سن کر تبسم فرمایا، اور ان کی اس بادشاہ

---

[۵۱] مضمون ہذا "مدحیہ شمسیہ" مولفہ غلام امام خاں ترین (مصنف تاریخ رشید الدین خانی و خورشید جاہی) سے ماخوذ ہے۔ ۱۲

[۵۲] تاریخ خورشید جاہی صفحہ (۲۰۰) پر غلام سید خاں نام لکھا ہے، لیکن بستان آصفیہ میں صفحہ (۲۴۹) پر سید لشکر خاں (دکن الدولہ) کا نام لکھا ہے جو غیر صحیح معلوم ہوتا ہے۔ ۱۲

پرستی کی ہر وقت قدر فرماتے رہے۔

اسی طرح کہتے ہیں کہ اعلیٰ حضرت نے ایک وقت فرمایا کہ "امی شمس الامراء، ارسطو جاہ نے باغ بنایا ہے، تم بھی ایک باغ تیار کرو۔" عرض کی پیر و مرشد جو حکم ہو۔

اس کے بعد اپنی فوج کو نہایت زرق برق پوشاک سے آراستہ اور قواعد و کرتب سے پیراستہ کرکے معروضہ کیا کہ "جہاں پناہ! غلام نے باغ تیار کر لیا ہے، جو ملاحظۂ سرکار کے قابل ہے۔" حضور نے فرمایا کہ "اچھا کسی روز ہم چل کر دیکھیں گے۔" تو اس پر پھر عرض کی "ظل سبحانی! فدوی کے باغ کے معائنہ کے لئے قدم رنجہ فرمانے کی ضرورت نہیں، وہ باغ تو لیغ رواں ہے۔ یہیں حضورِ شاہ میں حاضر ہوگا۔" اعلیٰ حضرت نے مطلب تاڑ کر فرمایا کہ "اچھا لے آؤ"!

شمس الامراء بہادر اپنی ساری جمعیت کو آراستہ و پیراستہ کرکے شاہی سلامی کے لئے ملاحظۂ اشرف میں لے آئے۔ فوج جب حضور کی نظرِ انور سے گزرنے لگی تو انھوں نے عرض کی کہ "جہاں پناہ میں نے یہ باغ ایسا تیار کیا ہے کہ جس باغ کے لئے حکم ہو ابھی چھین لیتا ہے" بندگانِ اقدس ان کے اس پر لطف جملہ کو سن کر بے انتہا مسرور ہوئے، فوج کے اس کر و فر اور اعلیٰ تنظیم پر اظہار خوشنودی فرماتے ہوئے باغ قدسیہ کے قریب ایک نہایت ہی عمدہ باغ مرحمت فرمایا۔

ان کی بادشاہ پرستی کی انتہا یہ بھی ہے کہ اپنے سارے ذاتی ظروف و اسباب وغیرہ پر حضور کا نامِ مبارک کندہ کروا رکھا تھا۔ کسی نے اس کا سبب پوچھا تو فرمایا کہ "میں نے یہ اس لئے کیا ہے کہ جس چیز پر میری نظر پڑے اس کو دیکھ کر اپنے ولی نعمت کا شکر ادا کرتا رہوں، اور یہ سمجھتا رہوں کہ یہ جو کچھ حاصل ہے، سب آقا کی بدولت ہے میری کیا چیز ہے، جان و مال سب سرکاری ہے۔"

شمس الامراء بہادر کا جب انتقال ہوا تو حسب قاعدہ غسل کے لئے آپ کے جسم سے کپڑے نکالے گئے ...... کسی نقش یا تعویذ کے بجائے چند گلاب کی پتیاں نکلیں، سب دیکھ کر حیران ہو گئے معلوم ہوا کہ کسی ایک موقع پر یہ پھول بندگانِ عالی نے انھیں عنایت فرمائے تھے۔ جس کی انھوں نے انتہائی تعظیم حرزِ جان بنا کر کی۔

الغرض اس قسم کے کئی واقعات ان کے متعلق دکن کی تاریخوں میں مسطور ہیں۔ درحقیقت مشرق میں بادشاہ پرستی کا جو جذبہ کارفرما ہے، یہ اس کا انتہائی نمونہ تھے۔

شمس الامراء بہادر، جس طرح اپنے مجازی آقا کے دلدادہ تھے، اس سے زیادہ وہ مالکِ حقیقی کے شیدا تھے۔ صوفیوں کے اس قول "ملازمۃ الملوک نصف السلوک" کے تحت بادشاہِ وقت کی تعظیم میں مبالغہ کیا کرتے تھے کہ وہ ایک فاروقی شیخ زادے، صاحب حال و قال بزرگ تھے، اور یہ جانتے تھے کہ مجازی آقاؤں کی خدمت کے ذریعے، صوفیۂ کرام، دربارِ خدائے عز و جل کے آداب و مراتب کی انتہائی نگہداشت کی استعداد نفس میں پیدا کرتے ہیں۔

اسی شاہ پرستی کا نتیجہ تھا کہ غفران مآب نواب میر نظام علیخاں بہادر کے انتقال خبر جس وقت ان کے گوش گزار ہوئی، تو فوراً آبدیدہ ہوگئے اور اپنے ایک جاں نثار کے اظہار تعزیت کے لئے چالیس دن تک ہر قسم کے راگ و سرود وغیرہ کو بالکل موقوف فرما دیا، اور چند دنوں تک جب کبھی مرحوم کے صاحبزادے نواب محمد فخر الدین خاں بہادر شمس الامراء ثانی امیر کبیر اوّل سامنے آجاتے تو رو دیا کرتے تھے۔

اس قسم کی بادشاہ پرستی کی مثالیں دکن کا کوئی خاندان تو کیا، شاید دنیا کے کسی بڑے سے بڑے تاریخی شخص کی لائف سے بھی نہیں پیش کی جاسکیں گی۔

"ان کے لائق پوتے اور خاندان پائیگاہ کے جوانبخت و جواں سال، نواب "محمد ظہیر الدین خاں بہادر (بی، اے عثمانیہ) خلف نواب معین الدولہ بہادر"

"امرائے پائیگاہ میں سب سے پہلے شخص ہیں جو ایک اعلیٰ ڈگری حاصل کرنے کے علاوہ نہایت ہی صحیح علمی مذاق بھی رکھتے ہیں۔"

"اہل ملک، نوجوان نواب مستطاب کے اس علمی ذوق کو بڑی پسندیدگی کی نظر سے دیکھ رہے ہیں۔" "اور ان سب کی آنکھیں، ان کو (ان کے اسلاف کی طرح شاندار...! قدیم روایات کو پیش نظر رکھتے ہوئے "ملک و مالک کی خدمات انجام دینے کے لئے) میدانِ عمل میں سرگرم دیکھنے کی، بے چینی کے ساتھ متمنی ہیں"

# غزل

(از عالی جناب نواب امانت جنگ معین الدولہ بہادر المتخلص معین دامہ پائیگاہ)

خلوت میں آج تذکرۂ مدعی سہی
اس میں خوشی ہے آپ کی اچھا یہی سہی

برہم مزاج یار ہوا عرضِ وصل پر
کمبخت دل نے بات بھی کھوئی ہوئی سہی

کچھ تو لگاؤ ہم سے رہے بانیٔ ستم!
مانا کہ دوستی نہ سہی دشمنی سہی

جب کام ہی نہ آئے کسی کے تو کام کیا
ہونے کو آپ حور سہی یا پری سہی

دشمن سے آپ وعدہ خلافی نہ کیجئے
کچھ اس کا غم نہیں ہے مرے حق میں کمی سہی

میرا ہی دل ہے اُف بھی نہ لائی زبان پر
سو بار چوٹ اس نگہہ ناز کی سہی

بیکار زندگی ہے اگر کچھ نہیں لگاؤ
ممکن نہ ہو جو وصل فقط دل لگی سہی

ایفا کریں وہ وعدہ فردا امید کیا
ہر چند آج صلح سہی آشتی سہی

درپردہ وہ عدوئے دل و جاں ہے اے معینؔ
ظاہر میں رسم و راہ سہی دوستی سہی

ڈاکٹر سید محی الدین صاحب قادری زورؔ کی تصنیفات

مطبوعہ

لسانیاتی: ہندوستانی لسانیات، ہندوستانی صوتیات (انگریزی) حصص خوب ترنگ (فرانسیسی)

تاریخ ادب: اردو شہ پارے، اردو کے اسالیب بیان۔ کارساں دتاسی۔ سلطان محمود غزنوی کی بزم ادب۔

تنقیدی: روح تنقید۔ تنقیدی مقالات۔ تین شاعر۔

فسانوی: مسلم تقدیر۔ تازیانہ

تحقیقی: کلام ابراہیم (انجمن ترقی اردو)

دیوان زادۂ حاتم
(ہندوستانی اکیڈمی)

# فارسی مصنفین اورنگ آباد

از مولوی محمد سرفراز علی صاحب

اورنگ آباد (دکن) تقریباً دو صدی تک امراء، علماء، شعراء اور مشائخین کی توجہ کا مرکز رہ چکا ہے۔ نظام شاہیوں کی تباہی کے بعد جب مغل اسپر قابض ہوئے اور اورنگ زیب اس کا صوبہ دار مقرر ہوا تو ہندوستان کے بہت سے امراء و علماء اورنگ آباد چلے آئے اور یہیں بود و باش اختیار کی۔ اس خاک پاک سے بھی بڑی بڑی نامور ہستیاں پیدا ہوئیں اور آسمان شہرت پر ستارے بن کر چمکیں۔

اورنگ آباد گزیٹیر (مطبوعۂ ۱۸۸۴ء) میں اس ضلع کے تفصیلی حالات موجود ہیں۔ اس کا باب ششم اس ضلع کے مذاہب، زبان اور ادب کے تذکرہ پر مشتمل ہے۔ اور اس میں ایک ذیلی عنوان کے تحت مشہور و اہم مسلمان فارسی مصنفین کا ذکر کیا گیا ہے اور یہی حصہ ہماری اس مضمون کا ماخذ یا آزاد ترجمہ (کسی قدر حذف و اضافہ کے ساتھ) ہے۔

مصنفین کی اس فہرست میں ایسے مصنفین و شاعر ہیں جو اورنگ آباد میں پیدا ہوئے اور ایسے بھی ہیں جو کسی دوسری جگہ پیدا ہوئے اور یہاں ان کی نشو و نما ہوئی اور بعض نے منتقل اور بعض نے عارضی طور پر اورنگ آباد میں قیام کیا۔ اس سلسلہ میں ان مورخین کا بھی ذکر کیا گیا ہے جو عارضی طور پر اورنگ آباد میں مقیم تھے یا کسی تقریب سے اپنی کتابوں میں اس ضلع کے واقعات درج کئے ہیں۔ اگرچہ مصنفین کی یہ فہرست مکمل نہیں اور اس میں اضافہ کی گنجایش ہے لیکن پھر بھی مفید معلومات کی حامل ہے۔

**ملک قمی** ملک قمی مشہور شاعر ہے ایران سے آکر احمد نگر میں مقیم ہوا۔ نظام شاہ کی وفات کے بعد ابراہیم عادل شاہ کے دربار سے متوسل ہوا۔ شاہ نے اپنی عنایات فراواں سے اس کو مالا مال کر دیا۔ چنانچہ اس نے اپنی بقیہ زندگی یہیں گزار دی۔ ناظم تبریزی لکھتا ہے کہ ملک قمی نے ۱۰۲۴ھ میں انتقال کیا اور ملا ظہوری جو اس کا داماد تھا ایک سال بعد فوت ہوا تاریخ "عالم آرائے عباسی" کا بیان ہے کہ ملک قمی نے ظہوری ترشیزی سے مل کر عادل شاہ کے نام پر کتاب "نورس" لکھی جس کے ۹ ہزار بیت ہیں۔ خان آرزو نے لکھا ہے کہ ملک قمی و ظہوری نے اپنی تصانیف کے صلہ میں عادل شاہ سے ایک اونٹ کا بوجھ زر انعام میں پایا۔ ملک قمی کا کلام تقریباً ایک لاکھ ابیات پر مشتمل ہے۔

**خان زمان بہادر** خان زمان بہادر صاحب دیوان ہے۔ شاہ جہاں کا درباری امیر تھا اور ۱۰۴۴ھ میں دکن میں انتقال کیا۔ اس کا باپ زمان بیگ یا مہابت خاں ایک عرصہ تک دکن کا صوبیدار یا نائب السلطنۃ رہا۔ اس کے کچھ حالات "تواریخ ہند" میں ملتے ہیں۔

**قاضی شہاب الدین دولت آبادی** شہاب الدین کی اصل غزنین سے ہے لیکن یہ دولت آباد میں پیدا ہوئے یہیں نشو و نما پائی۔ سلطان ابراہیم کی علمی قدر دانیوں کا شہرہ سنکر کالپی سے جونپور آگے یہاں ان کی خوب قدر ہوئی۔ ملک العلماء کا خطاب پایا اور قاضی القضاۃ مقرر ہوئے۔ قاضی صاحب نے ۲۵ رجب ۸۴۹ھ کو جونپور میں انتقال کیا اور وہیں جامع مسجد میں دفن ہوئے۔

حواشی کافیہ، ارشاد النحو، غایۃ التحقیق، بدیع البیان، بحر مواج، فتاوی ابراہیم شاہی وغیرہ ان کی مشہور تصانیف ہیں۔

**محمد شریف حنفی** دکن میں پیدا ہوا۔ شاہ جہاں کے عہد میں مشہور تھا۔ اس کی ایک کتاب "مجالس السلاطین" مشہور ہے جس میں محمد تغلق کے حالات ہیں۔ ایلیٹ کی تاریخ جلد ۶ صفحہ ۱۳۱ میں اس کا ذکر ہے۔

**محمد ساقی مستعد خاں** مآثر عالمگیری کا مصنف ہے جو عہد اورنگ زیب کی ۴۰ سالہ تاریخ ہے۔ اس نے یہ کتاب اپنے آقا نواب عنایت اللہ خاں کی فرمایش سے لکھی۔ عنایت اللہ خاں اورنگ زیب کا معتمد خاص تھا۔ اس نے محمد تغلق کی حکومت کے دیوگیری یا دولت آباد منتقل ہونے کے حالات اپنی تاریخ میں لکھے ہیں اور غار ہائے الیورا کا بھی مختصراً تذکرہ کیا ہے۔

**محمد ہاشم خافی خاں** اس کی تاریخ "منتخب اللباب" مشہور ہے۔ اورنگ زیب کے عہد میں گجرات میں رہتا تھا۔ ۱۱۲۵ھ میں فرخ سیر نے اس کو دکن کا دیوان مقرر کیا اس کے بعد جب محمد شاہ کے عہد میں نواب نظام الملک آصفجاہ دکن کے صوبہ دار مقرر ہوئے تو انھوں نے خافی خاں کو اپنا دیوان مقرر کیا۔ اور اسی زمانہ میں خافی خاں نے اپنا لقب نظام الملکی اختیار کیا۔ "منتخب اللباب" تین جلدوں پر مشتمل ہے۔ تیسری جلد میں سلاطین دکن کے حالات ہیں۔

**حکیم میر ہاشمی** حکیم میر ہاشمی کی اصل ایران ہے۔ وہ ایک عرصہ تک اورنگ آباد میں رہا۔ جب اسکی ادبی قابلیت کا شہرہ ہوا تو شاہ جہاں نے دہلی میں طلب کر کے اورنگ زیب کا استاد مقرر کیا۔ جب اورنگ زیب دکن کا صوبہ دار مقرر ہوا تو یہ بھی ساتھ چلا آیا اور ۱۰۶۱ھ میں بمقام اورنگ آباد وفات پائی۔

**ارادت خاں واضح** نواب میر مبارک اللہ ارادت خاں واضح عالمگیر کے امرائے خاص سے تھا۔ جلوس کے ۳۲ ویں سال عالمگیر نے اس کو چاکنہ کی فوجداری پر مقرر کیا۔ اس کے بعد اس کا تقرر گلبرگہ کی قلعہ داری پر عمل میں آیا۔ اورنگ آباد اور مانڈو کی خدمت فوجداری پر بھی مامور رہا۔ ارادت خاں واضح اچھا شاعر اور زبردست انشا پرداز تھا۔ انشاء میں اسکی کتابیں پنج رقعہ و مینا بازار بہت مشہور ہیں۔ اس کی تاریخ کا نام تاریخ ارادت خاں واضح ہے جو اورنگ زیب کی وفات سے شروع ہوکر ۱۱۲۵ھ کے ابتدائی واقعات پر ختم ہوتی ہے۔ اس میں ارادت خاں نے اپنے سوانح حالات لکھے ہیں۔ کتاب مصنف کی امتیازگڑہ (ادہونی) کی قلعہ داری سے علحدگی اور احسان آباد (گلبرگہ) کی قلعہ داری پر تقرر کے واقعات سے شروع ہوتی ہے۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ سید اشرف صاحب شمسی نے نواب کمال خاں بہادر کی فرمایش سے کیا ہے جو چھپ گیا ہے۔ ارادت خاں نے ۱۱۲۸ھ میں وفات پائی۔

**میر جلیل** میر جلیل مشہور شاعر و مصنف ہیں پہلے طرازی تخلص تھا بعد میں واسطی اختیار کیا۔ عربی، فارسی، ترکی اور ہندی میں شعر کہتے تھے۔ بلگرام میں پیدا ہوئے اور اپنے ایک دوست سید علی سے ملنے کے لئے اورنگ آباد آئے اور بہت دنوں تک یہاں رہے آپ ہندوستانی موسیقی کے بھی استاد تھے۔ ۱۱۱۱ھ میں اورنگ زیب نے بمقام اورنگ آباد میر جلیل کو طلائی ہون سے بھرے ہوئے چار کیسے عنایت کئے۔ میر جلیل ۱۰۷۱ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۱۳۸ھ میں وفات پائی۔ نعش شاہ جہان آباد سے لاکر بلگرام کے باغ محمود میں ... دفن کی گئی۔

**مظفر حسین** مظفر حسین ۱۷۰۶ء میں اورنگ آباد میں پیدا ہوا اور تعلیم سے فراغت حاصل کرنے کے بعد دہلی چلا گیا۔ جہاں وہ شاہی حکیم مقرر ہوا۔ اس نے ایک کتاب "جام جہاں نما" لکھی اور ۱۱۶۷ھ میں بمقام اورنگ آباد وفات پائی۔

جالنہ میں خادم درگاہ جان اللہ شاہ کے پاس "تحفۂ عالمگیری" کا ایک مخطوطہ ہے لیکن مصنف کا نام معلوم نہیں یہ تقریباً ۱۰۸۹ھ میں لکھا گیا ہے۔ اس میں اورنگ زیب اور اس کے بعض افسروں کے نام جو دکن میں تھے خطوط مبارکباد ہیں۔

**غلام حسن** سید غلام حسن قادری جنار میں پیدا ہوا۔ احمد نگر اور گجرات میں پھرتا پھراتا اورنگ آباد آیا اور یہیں رہ پڑا۔ جہاں اپنے علم و فضل کے لحاظ سے بڑی شہرت حاصل کی۔ سید حسین علی خاں آزاد الدولہ، نظام الملک آصف جاہ، ناصر جنگ اور نواب نظام علی خاں کے پاس اسکی بڑی قدر و منزلت تھی۔ غلام حسن نے مثنوی مولانا روم کی طرز پر ایک مثنوی لکھی ہے۔ ۱۱۷۶ھ میں فوت ہوا اور قلعہ ارک میں ایک مسجد کے قریب جو اسی نے بنائی تھی دفن ہوا۔

### شاہ نواز خاں

شاہ نواز خاں صمصام الدولہ اس کا اصل نام عبدالرزاق الحسینی ہے۔ ۱۶۹۹ء میں لاہور میں پیدا ہوا اور اوائل عمر ہی میں اورنگ آباد چلا آیا جہاں اس کے اکثر رشتہ دار مقیم تھے۔ یہاں آصف جاہ نے اس کو برار کا دیوان مقرر کیا۔ جب ناصر جنگ نے ۱۱۵۲ھ میں آصفجاہ کے خلاف بغاوت کی تو اس نے ناصر جنگ کا ساتھ دیا جس کی وجہ سے وہ خدمت سے معزول اور ایک عرصہ تک معتوب رہا۔ آصف جاہ نے اس کا قصور معاف کرکے ۱۷۴۷ء میں پھر برار کی دیوانی پر مقرر کیا۔ گوشہ نشینی کے زمانہ میں جب وہ معتوب تھا کتاب "مآثر الامراء" لکھی جو ہندوستان اور دکن کے مشاہیر کے حالات پر مشتمل ہے۔ جب اب ناصر جنگ برسر حکومت ہوئے تو شاہ نواز خاں وزیر مقرر ہوا۔ ۱۷۵۷ء میں بمقام اورنگ آباد اس کو معاندوں نے قتل کر ڈالا۔ مآثر الامراء کے علاوہ اس کا ایک فارسی شعراء کا تذکرہ بھی ہے جس کا نام "بہارستان سخن" ہے۔

### میر غلام علی آزاد

میر غلام علی آزاد ۱۷۰۴ء میں بمقام بلگرام پیدا ہوئے۔ آزاد عربی، فارسی کے مشہور شاعر اور مصنف ہیں۔ ۱۱۵۲ھ میں اورنگ آباد آئے اور آخر عمر تک یہیں رہے۔ ۱۲۰۰ھ میں وفات پائی اور خلد آباد میں پیوند زمین ہوئے، ان کے فارسی عربی دیوان موجود ہیں خزانہ عامرہ، ید بیضا، سرو آزاد وغیرہ مشہور کتابیں ہیں۔ آزاد تعارف کے محتاج نہیں۔

### صمصام الدولہ

عبدالحی خاں صمصام الدولہ شاہ نواز خاں کا بیٹا ہے ۱۷۲۹ء میں پیدا ہوا۔ ۱۷۴۸ء میں ناصر جنگ نے خطاب "خانی" سے سرفراز فرمایا اور برار کی دیوانی پر مقرر کیا۔ صلابت جنگ نے اس کو دولت آباد کا حاکم بنایا۔ لیکن اس کے باپ شاہ نواز خاں کے قتل کے بعد (۱۷۵۷ء) عبدالحی خاں کو گولکنڈہ میں قید کیا گیا جس کو ۱۷۵۹ء میں نواب نظام علی خاں نے رہائی دی۔ اور خطاب صمصام الدولہ صمصام جنگ سے سرفراز فرمایا۔ پہلے عبدالحی خاں کا خطاب شمس الدولہ دلاور جنگ تھا لیکن وہ صمصام الملک کہلاتا تھا، تخلص صارم تھا۔ عبدالحی خاں نے اپنے باپ کے تمام ناتمام مسودات کی تکمیل کی جن کی اشاعت آزاد کے ذریعہ عمل میں آئی۔

### میر اولاد علی

میر اولاد علی ۱۱۸۲ھ میں بلگرام میں پیدا ہوا اور اورنگ آباد میں اپنے چچا کی سرپرستی میں تعلیم حاصل کی۔ تخلص ذکا تھا اور وہ زیادہ تر مذہبی نظمیں لکھا کرتا تھا۔

### عبدالقادر

میر عبدالقادر نیشاپور میں پیدا ہوا۔ حضرت برہان الدین کی درگاہ کا منتظم تھا۔ آزاد کا شاگرد اور اخلاقی نظمیں لکھا کرتا تھا۔ وہ "مہربان اورنگ آبادی" کے نام سے مشہور تھا۔

### نظام الملک آصفجاہ

نواب نظام الملک آصفجاہ فارسی کے بڑے فاضل تھے۔ آپ نے دو طویل نظمیں لکھی تھیں۔ ان کی خترین بیگم بھی فارسی کی اچھی شاعرہ تھیں۔

### ناصر جنگ

ناصر جنگ بھی شاعر تھے، آزاد بلگرامی سے اصلاح لیا کرتے تھے۔ موسیقی اور رقاصی میں آپ کو اچھا دخل تھا۔

تاریخ ایلیٹ کے مطالعہ سے معلوم ہوگا کہ دکن کو ہندوستان کی تاریخ میں کس قدر اہمیت حاصل ہے۔ ہندوستانی مورخین نے اپنی تاریخوں میں اورنگ آباد دکن کے جو حالات لکھے ہیں ان میں سے بعض اہم مورخین کا ذیل میں ذکر کیا جاتا ہے۔

تجزیۃ الامصار و تزجیۃ الاعصار مصنفہ عبداللہ وصاف۔ یہ ۱۲۰۰ء میں لکھی گئی۔ مصنف عام طور پر وصاف کے نام سے مشہور ہے۔ اس میں دیوگیری پر علاء الدین کی چڑھائی کے ابتدائی حالات درج ہیں۔

تاریخ علائی یا خزائن الفتوح مصنفہ امیر خسرو۔ اس میں سلطان علاء الدین خلجی کی تخت نشینی ۱۲۹۶ء سے فتح معبر ۱۳۱۰ء تک کے حالات ہیں۔ خسرو نے نہ سپہر میں لکھا ہے کہ جب قطب الدین مبارک شاہ نے دیوگیری پر چڑھائی کی تو وہ اس کے ساتھ تھے۔ اس کے بعد وہ ملک تلنگانہ کو بھیجے گئے اور لڑائی ختم ہونے کے بعد وہ کامیاب دیوگیری کو واپس ہوئے لیکن ان کے دیوگیری کو پہنچنے کے قبل ہی مبارک شاہ دہلی روانہ ہو چکا تھا۔

تاریخ فیروز شاہی میں ضیاء الدین برنی نے لکھا ہے کہ دیوگیر فتح ہونے کے بعد وہاں قحط پڑا۔ علاء الدین خاں نے غلہ کے گودام کھول دئے اور غلہ سستے داموں فروخت کیا جانے لگا۔ برنی نے دکن کی لڑائیوں کا پورا حال تغلق شاہ کی وفات تک درج کیا ہے، لکھتا ہے کہ ۱۳۱۰ء کے اوائل میں دہلی سے دکن تک فوجوں کی نقل و حرکت کی اطلاع کا باقاعدہ انتظام کیا گیا تھا جس کے لئے راستوں پر چوکیاں قائم کی گئی تھیں۔ دیوگیر تک چالیس روز تک کا راستہ تھا اور یہی سڑک تلنگانہ اور معبر کو جاتی تھی۔ ہر ایک میل کے فاصلہ پر ایک مسافر بنگلہ تھا جس میں سلطان کے ٹھہرنے کا مقام الگ تھا اور مسافروں کے لئے بھی ایک گوشہ وقف تھا، مسافروں کو سفر میں توشہ ساتھ رکھنے کی ضرورت نہیں تھی ان کا جس مسافر بنگلہ میں قیام ہوتا وہاں کھانا ملتا تھا۔ دہلی سے دولت آباد کو دارالحکومت منتقل کرنے کی محمد تغلق نے جو کوشش کی اس کا تذکرہ برنی کی تاریخ میں موجود ہے۔ قصائد بدر چاچ سے معلوم ہوتا ہے کہ ۷۴۵ھ میں برنی کو بادشاہ نے جمال ملک شاعر اور نیکروز غلام کے ساتھ دیوگیر روانہ کیا۔ شاہ نے برنی کو ایک مکتوب (بطور تعارف) دیا تھا جس میں یہ بھی لکھا تھا کہ دولت آباد کا قلعہ بہشت کے ہمرتبہ ہے گو میری سلطنت کا یہ ایک جزو ہے لیکن جمشید کی ہزار سلطنتوں کے مساوی ہے۔

مسالک الابصار فی ممالک الامصار میں لکھا ہے کہ دہلی سلطنت کی دارالحکومت تھی بعد میں دیوگیر دارالحکومت بنا اور سلطان نے اس کا نام قبۃ الاسلام رکھا۔ مصنف لکھتا ہے کہ جب میں وہاں سے ۶ سال پہلے روانہ ہوا تو عمارات زیر تعمیر تھیں اور اس قدر وسیع پیمانہ پر کام ہو رہا تھا کہ اب تک انکی تکمیل خلاف قیاس معلوم ہوتی ہے۔ بادشاہ نے شہر کو محلوں پر تقسیم کر دیا تھا اس طرح وزراء، امراء، اہل قلم، قاضی، شیوخ، فقراء وغیرہ کا ایک ایک محلہ تھا۔ تاجروں کا ایک محلہ الگ تھا۔ ہر محلہ میں تمام ضروری چیزیں موجود تھیں مثلاً مسجد، بازار، حمام خانے، آٹے کی چکیاں، تنور، سنار، لوہار، رنگریز وغیرہ تاکہ کسی محلہ کے آدمی کو خرید و فروخت اور دیگر ضروریات کے لئے کسی دوسری جگہ جانا نہ پڑے۔ ہر ایک محلہ کی شکل ایک علیحدہ شہر کی تھی اس لئے کہ ہر ایک محلہ ایک حصار سے محفوظ تھا۔

تاریخ فیروز شاہی میں شمس سراج عفیف نے بہرام خاں کے حالات لکھے ہیں جو حسن گنگو کا داماد اور دولت آباد کا صوبیدار تھا اور حسن گنگو کی وفات پر اس نے فیروز شاہ کو آکر اس شہر پر قبضہ کرنے کی دعوت دی تھی۔

مطلع السعدین کا مصنف عبدالرزاق شاہ رخ کی حکومت کے آخری زمانہ میں سفیر بناکر بیجانگر بھیجا گیا تھا اس کو اپنے سفر میں غیر معمولی حادثات پیش آئے۔ بالآخر وہ سلامتی سے خراسان واپس آیا۔ اس نے اپنی کتاب میں والئ بیجانگر اور سلطان گلبرگہ کے مابین جنگ کا حال لکھا ہے۔

طبقات اکبری مصنفہ نظام الدین احمد میں سلاطین دکن کی مختصر تاریخ موجود ہے۔

اسد بیگ ابوالفضل کا ملازم تھا اس نے اپنی ایک خود نوشت سوانح عمری لکھی ہے جس کا نام واقعات اسد بیگ ہے اس میں وہ لکھتا ہے کہ اکبر جب برہانپور میں تھا ۱۰۰۹ھ میں میر جمال الدین حسین کو شہزادہ دانیال اور والئ بیجاپور کی دختر کے مابین شادی کا انتظام کرنے کے لئے روانہ کیا لیکن جب دیکھا کہ ۱۰۱۲ھ تک اس کا کچھ انتظام نہ ہوا تو اسد بیگ کو میر جمال الدین اور دلہن کو لانے کے لئے بھیجا۔ اسد بیگ بیجاپور گیا اور دلہن اور میر جمال الدین کو احمد نگر لایا۔ اس کے بعد اسد بیگ کو شاہی فرامین دے کر بیجاپور، گولکنڈہ، بیدر اور کرناٹک بھیجا گیا۔

منتخب التواریخ مصنفہ حسن بن محمد میں وہ تمام واقعات درج ہیں جو دکن میں مغل معرکہ آرائی کے سلسلہ میں پیش آئے۔

تاریخ فرشتہ مصنفہ محمد قاسم ہندو شاہ دکن کے مسلمان فرمانروا خاندانوں

کی مستند تاریخ ہے۔

مآثر رحیمی مصنفہ محمد عبد الباقی میں بھی جو ۱۰۲۲ھ میں برہان پور آیا تھا۔ دکن کے بہت کچھ حالات ہیں۔

انفع الاخبار کا مصنف محمد آمین طویل عرصہ تک احمدنگر میں رہا اس نے اپنی کتاب میں دکن کے حالات لکھے ہیں۔

واقعات جہانگیری میں بھی ملک عنبر کے ساتھ دکن کی آویزش کا ذکر موجود ہے۔

تتمہ واقعات جہانگیری اور اقبال نامۂ جہانگیری میں بھی دکن کا ذکر آیا ہے۔ اول الذکر کا مصنف محمد ہادی اور آخر الذکر کا محمد شریف معتمد خاں ہے کامگار خاں کی مآثر جہانگیری میں بھی دکن کا حال پایا جاتا ہے۔

بادشاہ نامہ (جو شاہ جہاں کی تاریخ ہے) میں عبد الحمید لاہوری نے دولت آباد کے حالات لکھے ہیں جبکہ اس کو مہابت خاں نے فتح کیا تھا حکیم ہمدانی عہد شاہ جہاں کا شاعر اور قدسی و شید اکا ہمعصر ہے۔ شاہجہاں نے اس کو ملک الشعراء کا خطاب دیا تھا۔ اس کے ایک قصیدہ میں دکن کے قحط کا حال بہ تفصیل پایا جاتا ہے۔

تاریخ مفضلی مصنفۂ مفضل خاں میں عہد شاہجہاں سے اورنگ زیب کے صوبہ دار دکن مقرر ہونے تک کے حالات ہیں۔

مرآۃ جہاں نما مصنفہ بختاور میں دکن کے چار صوبوں کی مالگزاری کے حالات ہیں۔

شاہجہاں نامہ مصنفۂ عنایت خاں میں اورنگ زیب کے دو بارہ صوبہ دار دکن ہونے کی تاریخ موجود ہے۔ بیجاپور کے خلاف اورنگ زیب کی پیشقدمی اور گولکنڈہ کی مہم کے حالات بھی درج ہیں۔

تاریخ بہادر شاہی میں بہادر شاہ کے کام بخش کے تعاقب میں اورنگ آباد آنے کے واقعات پائے جاتے ہیں۔

ہفت گلشن محمد شاہی مصنفۂ محمد ہادی کامور خاں میں بھی برہمن اور اس کے ملازم حسن گنگو (بانی خاندان بہمنی) کا قصہ موجود ہے۔

برہان الفتوح مصنفۂ محمد علی میر دکن میں ۱۰۹۹ھ سے ۱۱۰۴ھ تک ایک وبائی مرض کے پھیلنے کا ذکر کیا گیا ہے جس سے نصف آبادی ہلاک ہوگئی تھی اس کے بعد ہی ۱۱۱۶ھ سے ۱۱۱۹ھ تک دکن میں عظیم قحط پڑنے کے حالات بھی ہیں۔

تاریخ چغتائی مصنف محمد شفیع طہرانی میں نادر شاہ کے حملہ ہندوستان اور نظام الملک آصفجاہ کی صلح کیلئے سلسلہ جنبانی کے حالات ہیں۔

تواریخ ہند مصنفہ رستم علی اور جوہر صمصام مصنفۂ محمد محسن صدیقی میں نادر شاہ اور آصف جاہ کی گفتگوئے صلح کے حالات ہیں۔

تاریخ احمد شاہ میں بھی آصف جاہ کی وفات کے بعد کے دکن کے مختصر حالات ہیں۔

تاریخ ابراہیم خاں دکن کی تاریخ پر مشتمل ہے جس میں مرہٹوں اور نواب نظام علی خاں کی لڑائیوں کا حال بہ تفصیل درج ہے۔

تاریخ مظفری مصنفۂ محمد علی خاں میں غازی الدین خاں کے دہلی سے اورنگ آباد آنے کے حالات ہیں۔ فقط

# قطعۂ تاریخ سالگرہ مبارک آصف ہفتم مدظلہ العالی

## از سید عابد حسین صاحب عابد

بزم میں پیرِ خرد سے میں نے یہ پوچھا کہ آج
دل ہیں وابستہ خوشی سے ہر یہ کس حق بیں کا عقد

بائے بسم اللہ کا نقطہ ہے وجہ انبساط
کیا کسی کے خال سے ہے زلفِ حورِ عیں کا عقد

ہنس کے فرمایا کہ جلوہ ہے کسی کے حسن کا
خرمنِ انوار کے ہے ایک خوشہ چیں کا عقد

گاتی ہے زہرہ رہے تاحشر الٰہی یہ سہاگ
طولِ عمرِ آصف ہفتم سے ہے پروین کا عقد

مہر پر جنکی خدا نے آپ باندھا مہر حور
انکے شیدا کی گرہ ہے نورِ عینِ دین کا عقد

آصف ہفتم کو نسبت اس گرہ سے کیوں نہو
ہے ولائے پنجتن کے ساتھ اس آئین کا عقد

کہکشاں نے اس گرہ کا سال عابد یہ کہا
لو ہوا طولِ حیات سے اب پروین کا عقد

۱۳۵۳ ہجری

عقد اور گرہ متحد المعنی ہونے سے وابستگان مسرت کیلئے تازہ لطف پیدا ہوگیا ہے لیکن یہ قطعہ نظم کرکے سہل ممتنع کی تعریف یاد آگئی — کیونکہ

آسان سے آسان ہے مشکل سے ہے مشکل

# دور عثمانی اور ذہنی انقلاب

از مولوی اکبر وفاقانی صاحب بی۔ اے (عثمانیہ) مدیر "حسن کار"

حیدرآباد کے نئے جنم کا آغاز دور عثمانی سے ہوتا ہے، اور مقابلۃً اس پچیس سال کے دور نے اتنی ترقی کی ہے جو اپنی رفتار میں گذشتہ ڈیڑھ سو سال کا مقابلہ کرسکتا ہے۔ زندگی کے ہر شعبے نے ایک انقلاب آفریں کروٹ لی ہے۔ یوں تو ابتک بیشمار تحریریں دور عثمانی کی مختلف خصوصیات ظاہر کرنے کے لئے شائع ہوچکی ہیں لیکن ایک خاص چیز یعنی وہ اثر جو ان ترقیوں کی وجہ سے باشندگان ملک پہ پڑا ہے اس کا اظہار بہت کم ہوا ہے۔

کوئی شخص جو حیدرآباد کو طغیانی کے پہلے دیکھ چکا ہو اور اس کے بعد کی تبدیلیاں اس کے پیش نظر نہ ہوں تو یقیناً وہ موجودہ حیدرآباد کو دیکھکر یہ محسوس کرے گا کہ اس نئے شہر کو کسی نے علاؤالدین کے چراغ کی رگڑ سے پیدا کردیا ہے۔ ہم ذہنی انقلاب کو مادی ترقی کے مختلف پہلوؤں کے ذریعہ محسوس کرسکتے ہیں، اس لئے ہم ہر چیز علیحدہ علیحدہ پیش کرکے اسکے اثرات ذہنوں میں ٹٹولیں گے۔

سب سے پہلے جو چیز ہماری نظروں کے سامنے آتی ہے وہ شہر کی تعمیری ترقی ہے، وہ حیدرآباد جو دور ماضی میں تھا اور وہ حیدرآباد جو دور حاضر میں ہے اتنا ہی ایک دوسرے سے متغائر ہے جتنا ازمنۂ وسطیٰ ازمنۂ حال سے۔ گذشتہ دور میں جتنی سرکاری عمارتیں تھیں ان پر مغرب پرستی اور یورپ کی تقلید اس قدر غالب ہوگئی تھی کہ ہم کسی طرح ان کو اپنی کسی روایت سے بھی ملاکر اپنا نہیں بنا سکتے۔ اس زمانے کے بنے ہوئے شاہی محلات سرکاری دفاتر یہاں تک کہ امراء کے مکان پکار پکار کر اس بات کی شہادت دیتے ہیں کہ ہم ایسے لوگوں کے لئے تعمیر ہوئے ہیں جن کو سوائے گاتھی، یونانی، رومائی اور انگریزی اسلوب تعمیر کے اپنی کوئی چیز مرغوب ہی نہیں ہے۔ عام عمارات اور سکونتی مکانات کا تو یہ عالم ہے کہ ان میں سہولت اور زندگی کی آسائش کا تو سراغ چلتا ہے لیکن اس میں بسنے والوں کی اولوالعزمی اور بلند حوصلگی کی کمی نظر آتی ہے۔ وہ خاص خاص چیزیں جن کو خاندان آصفیہ نے اپنے ساتھ مغلیہ یادگار کے طور پر تعمیر میں یہاں منتقل کیا تھا وہ تو موجود ہیں، لیکن بہت بھدے طریقہ سے۔ مثلاً ہودج نما کھڑکیاں، برآمدے، الگڑیوں کے کنول نما کمانیں، نعمت خانے وغیرہ۔ ان کو دیکھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ گذشتہ دور متواتر تجربوں کے بعد اس نتیجہ پر پہنچ چکا تھا کہ اس کے پاس اپنی طرف سے آگے بڑھنے کی کوئی چیز موجود نہیں ہے۔ اب اس کے بالمقابل دور حاضر کے تعمیری رجحانات کو دیکھئے، جتنی سرکاری عمارات موجود ہیں انھی کو لیجئے تو صاف معلوم ہوتا ہے کہ پرشوکت قطب شاہی دور کی نقش کاری کا جواب اگر کوئی دور دیسکتا ہے تو وہ یہی دور حاضرہ ہے۔ چار مینار، مکہ مسجد کی جیسی ضرب المثل عمارتوں کے بعد اگر ہم کسی اور عمارت پر نظر ڈال سکتے ہیں تو وہ یہی موجودہ ہائیکورٹ، دواخانہ وغیرہ ہیں۔ اس کی تعمیر میں بھی قومی خصوصیات، قومی روایات جو حب الوطنی اور ارتقائی ترقی کی جان ہیں، نظر آئینگی۔ ہائیکورٹ کی تعمیر اپنے قبوں، کمانوں، دریچوں اور دوسری تعمیر کارانہ چیزوں سے یہ ثابت کررہی ہے کہ موجودہ دور اپنے اسلاف کی خوبیوں سے واقف ہے اور ان کو نئے ضروریات کے لئے استعمال کرسکتا ہے۔ اسی کے ساتھ آپ سکونتی تعمیر پہ غور کیجئے تو وہاں پر ایک دوسرا ہی منظر نظر آئیگا جس طرح حکومتی عمارتیں ہم کو حب الوطنی کا درس دے رہے ہیں اسی طرح خانگی تعمیر عام انتشار دماغی کا نمونہ ہے۔ طغیانی کے لگ بھگ یا ابھی زمانہ میں سہ دائری گاتھی کمان بر آمدوں میں استعمال ہونے لگی جو خدا جانے کس بر خود غلط تعمیر کار کی ایجاد تھی۔ اس کے بعد جس خانگی بنگلہ میں دیکھو وہی تین کمانیں نظر آئینگی۔ اس کے بعد کسی شوقین نے ازمنۂ وسطیٰ کے پیرس کے عمارتی سقف یعنی کھپریل سقف کو استعمال کیا اور یہ بلا طاعون کی طرح پھیل گئی۔ چند سالوں سے موجودہ دماغی افلاس والے یورپ کا طرز عام ہوگیا ہے جس کو عرف عام میں "کیوبزم" کہتے ہیں یا اگر "الموسیٰ عملہ" کی جدت کو قبول کرلیا جائے تو "مکعبیت" ہے۔ بغیر مغرب کے موجودہ حسن کارانہ رجحانات پہ غور کئے ہوئے اس کو فیشن بنالیا گیا ہے، اور یہ مرض یہاں تک ترقی کرگیا ہے کہ جہاں کوئی بھدی سی چیز نظر آتی ہے اور بنانے والے کو اس کی خوبی منوانے کی ضرورت پیش آتی ہے تو اطمینان سے اس کا نام "کیوبزم" یا "مکعبیت" رکھدیتا ہے اور سننے والا یہ سمجھکر تعریف کردیتا ہے کہ اس فیشن کے بھوت کی تعریف نہ کرنا اپنی جہالت کا اعلان کرنا ہے۔ تاہم ان خانگی عمارتوں سے ایک چیز کا پتہ تو ضرور چلتا ہے کہ اہل حیدرآباد گذشتہ دور کی طرح لکیر کے فقیر نہیں ہیں۔ وہ نئی چیزوں کی تلاش میں ہیں، آگے بڑھنے کی تڑپ ان کے دل میں ہے اور شوق تعمیر حکومت کی طرح ان کے رگ و پے میں سرایت کرگیا ہے۔ یہی وہ حرکت ہے جس سے ہم باوجود موجودہ خامیوں کے ہم مستقبل کو خوشگوار دیکھ سکتے ہیں۔

## عید وطن

از کیپٹن اعجاز علی شہرت

روکش روضۂ رضواں ہے بہار گلشن
وہ مئے صاف کہ ہو جس کی تجلی سے سرور
بادۂ ہوش فزا۔ جام محبت افزا
لب رنگیں پہ تبسم ہو صفائی دل میں
دیکھ آراستہ ہے بزم مساوات و طرب
عید قومی ہے کہ ہے سالگرہ سلطاں کی
ساقیا! جام ہو وہ آئینۂ غیب نما
کوئی تفریق نہیں شان مساوات یہ ہے
مسجد و دیر کلیسا میں ہے یکساں رونق
بذل و احساں نے کیا ہے سر عالم کو خم
وقف ہے دولت پائندہ رعایا کیلئے
مخزن علم ہے کلیۂ عثمانیہ
خسرو کشور تعلیم ہے سلطان علوم
چمن حسن معانی میں بہار آئی ہے
بس کہ مقصود ہے آرائش و آسائش خلق
فرق آئیں کے لئے تاج ہے فرمان شہی
امن وہ امن کہ جس امن کا خواہاں ہے جہاں
دشمن امن کا انجام پشیمانی ہو
تا بہ محشر رہے یارب یہ گلستاں آباد

ساقی فیض رساں جام مئے حب وطن
وہ مئے صاف، ہوں جس سے دل و دیدہ روشن
شیشۂ عہد وفا۔ تازہ ہو پھر رسم کہن
نہ زباں پر ہو شکایت نہ جبیں پر ہو شکن
دوست تو دوست یہاں فیض طلب ہیں دشمن
لطف اندوز رہائی ہیں اسیران محن
صورت شاہد مقصود رہے جلوہ فگن
بخشش عام ہے بے کیف و کم و ما و من
عدل سلطانی کے شاہد ہیں چراغ روشن
باادب باش۔ ہے تحریر بیاض گردن
پائے تعلیم تو ہر طرح سے ہو ماہر فن
زر خالص کا در و لعل و گہر کا معدن
نئی ٹکسال۔ نیا زر۔ نئے سکوں کا چلن
شاہ کے فیض سے سرسبز ہے گلزار سخن
بھر دیا گنج فراواں سے زمیں کا دامن
جسم تمکیں کے لئے فخر بوجہ احسن
وہ فضا ہے کہ کھنچے جاتے ہیں دل سوئے وطن
ہوں تہ تیغ سیاست سر ارباب فتن
رونق خندۂ گل۔ نغمۂ مرغان چمن

اب ہم دوسرے پہلو پر نظر ڈالتے ہیں۔ یہ ظاہر ہے کہ حیدرآباد کی موجودہ ذہنی ترقی کی داغ بیل گذشتہ دور میں پڑی اور بغیر کسی معقول عملی نقشہ کے یہاں تک بھی اس زمانے میں یہ خواب دیکھے جانے لگے تھے کہ چونکہ حیدرآباد نئی ترقی کی راہ پر اس زمانے میں چلنے لگا ہے جس زمانے میں جاپان نے زندگی کی کروٹ لی تھی اس لئے حیدرآباد بھی جاپان کی طرح ترقی کریگا لیکن حیدرآباد نے اس وقت صرف ابتدا ہی کی تھی اور یہ ابتدا اپنی پہلی شکل میں تقریباً اس وقت تک رہی جب تک کہ دور حاضر کا آغاز ہوا جو لوگ اس زمانے کے اب بھی موجود ہیں وہ یہ جانتے ہیں کہ حیدرآباد میں اب سے بیس سال پہلے مڈل کا امتحان جس کو آج کل کے دس بارہ سال کے لڑکے کامیاب کرتے ہیں کوئی پچیس سال کا نوجوان پاس کر لے تو اس کو تعلیمی معراج سمجھا جاتا تھا۔ یوں کہنے کو تو ہمارے پاس علوم مغربیہ کا کالج اور علوم مشرقیہ کے بڑے بڑے مدارس موجود تھے لیکن ان میں سے اگر سال بھر میں دو طالب علم بھی اعلیٰ امتحان میں بیٹھ کر ایک کامیاب اور ایک ناکام ہو نا تو بچاس فیصدی نتیجہ کے لحاظ سے یہ امر قابل فخر سمجھا جاتا۔ اور کہیں خوش قسمتی سے دونوں کامیاب ہو جاتے تو پھر فخر و مباہات کی کوئی حد نہ ہوتی۔ اس کے برخلاف اب ہم دیکھتے ہیں کہ اگر کوئی طالب العلم اٹھارہ برس کی عمر میں میٹرک کامیاب کرے تو سمجھا یہ جاتا ہے کہ اس نے اپنی عمر کا نصف حصہ سونے میں گذار دیا۔ صرف ان دو مثالوں ہی کو لیجئے تو آپ کو ایک عظیم الشان ذہنی فرق نظر آئیگا جس کا شاید آپ نے غیر شعوری طور پر احساس کیا ہوگا۔ اکثر یہ کہا جاتا ہے کہ ہمارے ملک میں اس جدید دور نے ایک ایسی جامعہ قائم کر دی جس نے تمام ہندوستان کو اپنی زبان کی عظمت اور اس کے فوائد سے آگاہ کیا لیکن کوئی اس پر غور نہیں کرتا کہ اس کامیابی کے راز میں ملک کے ذہنی انقلاب کو کتنا دخل ہے۔ ہم شخصیتوں کے احسان کو مانتے ہیں لیکن اگر کسی بیمار کے سامنے نعمت رکھ دی جائے تو کیا وہ اس کے لئے کسی کام کی ہو سکتی ہے۔ دور محبوبی میں جامعہ حیدرآباد کا مسئلہ چھڑا تھا لیکن اس وقت یہ مسئلہ کہکر رکھ دیا گیا کہ ابھی ملک اس کے لئے تیار نہیں ہے اور اہل الرائے اپنے اس خیال میں اس لئے صحیح تھے کہ اس کی مخالفت میں ایک آواز بھی اہل ملک سے نہیں اٹھی۔ اس کے برخلاف جس روز جامعہ عثمانیہ کی تاسیس کا اعلان ہوا ہے تمام ملک بیک زبان لبیک کہنے کو تیار تھا۔ چنانچہ دار الترجمہ کے قیام کے بعد جب پہلا امتحان میٹرکیولیشن ہوا اور اس کے کوئی چھ ماہ بعد دوسرا امتحان ہوا اور نتائج کا اعلان کیا گیا تو کامیاب طلبا نے اپنی اعلیٰ تعلیم کی پیاس بجھانے کے لئے العطش العطش کا شور مچا دیا تھا اور ارباب حل و عقد مجبور ہو گئے تھے کہ جلد سے جلد اعلیٰ تعلیم کی جماعتیں کھول دیں اور وہ ملک جہاں سال میں ایک یا دو گریجویٹ مغتنم سمجھے جاتے تھے۔ اب سال میں سوا سو سو کی تعداد کو بھی کم سمجھنے لگا ہے۔ ان واقعات کو اگر ہم ملک کی ہیئت کی روشنی میں غور کریں تو معلوم ہوگا کہ حکومت نے ملک کے لئے اعلیٰ تعلیم کا مسئلہ طے کیا اور اہل ملک اس کے عملی طریقہ سے بروئے کار لانے کے لئے آمادہ تھے اور یہ دونوں ملکر موجودہ دور کا درخشاں ترین کارنامہ جامعہ عثمانیہ اور اس کی شہرت کی شکل میں موجود ہے۔

تعلیمی مسئلہ کے بعد معاشرتی مسائل کو لیجئے۔ پردہ کا سوال ہندوستان میں غدر کے بعد کی پیداوار ہے اور مسلمان اپنے حکومتی اقتدار کے کھونے کے بعد اپنے سایہ کی طرح پردہ کے اٹھ جانے سے گھبرا رہے تھے اور بلا وجہ ایک زبردست تو تو میں میں اس مسئلہ پر مچی ہوئی تھی۔ ایک فریق طرفدار اور دوسرا مخالف تھا، چنانچہ حیدرآباد میں بھی دور محبوبی کے انتہا پسند لیڈر محب حسین موجود تھے جو پردہ دری کے لئے بجائے عمل کے کاغذی گھوڑے دوڑاتے تھے۔ اب اس مسئلہ کو دیکھئے تو معلوم ہوگا کہ ملک اس مسئلہ کو اس صحیح زاویہ نگاہ سے دیکھ رہا ہے جس کو آج سے پچاس سال پہلے دیکھنا چاہیئے تھا یعنی یہ کہ مسلمانوں میں اعلیٰ طبقہ بوجہ اپنی امارت اور بلندی اور ادنیٰ طبقہ بوجہ اپنے افلاس کے ہمیشہ پردہ کی قید سے بالاتر رہا ہے اور یہ چیز زیادہ شد و مد سے صرف متوسط طبقہ کی میراث رہی ہے، اب یہ ضرور ہے کہ پہلے کی طرح متوسط طبقہ پردہ کا طرفدار ہے اور قدیم کی طرح اعلیٰ اور ادنیٰ طبقہ اس سے آزاد لیکن بلا وجہ کی حجت اور اس فرسودہ مسئلہ کی بحث قطعاً اٹھ گئی ہے۔ آج اگر ہمیں یہ معلوم ہو کہ فلاں مولانا نے اپنی لڑکی ورزش جسمانی کی اعلیٰ تعلیم کے لئے یورپ بھیجا ہے تو کوئی حیرت یا رنج نہیں ہوتا۔ اس وقت بیسیوں مسلمان لڑکیاں یورپ میں اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہی ہیں۔ غور کیجئے کہ آج سے بیس سال پہلے اگر کوئی کہتا کہ علامہ نذیر احمد کی نواسی تعلیم حاصل کرنے یورپ جا رہی ہیں تو کس قدر شور نہ مچتا لیکن اسکے برخلاف آج اس خبر کو ہم اخباروں میں دیکھتے ہیں تو ایسی ہی معمولی چیز سمجھکر ورق الٹ دیتے ہیں جیسے کوئی "مراد آباد میں مردہ زندہ ہو گیا" والے اشتہار کو دیکھکر نظر پھیر لیتا ہے۔ ان دونوں حالتوں کو پیش نظر رکھکر ذہنی انقلاب کے لحاظ سے اگر کوئی نتیجہ نکال سکتے ہیں تو وہ یہی ہے کہ اب اہل ملک میں وہ اجتماعی شعور پیدا ہو گیا ہے جس سے وہ زمانے کے نہ رکنے والے دھارے کو جان سکیں اور اسی کے مد نظر اپنی زندگی کی طرح ڈال سکیں۔

معاشرت کے بعض اور پہلو بھی اس خصوص میں دلیل ہدایت ہیں۔ شادی بیاہ کے رسوم کے خلاف پہلے مضمون بازیاں، تقریریں، وعظ سب کچھ ہوتے تھے لیکن وہی مضمون نگار، واعظ، مقرر مسرت کے وقت یہ کہکر ان لغویات کا ارتکاب کرتا تھا کہ کیا کریں عورتیں مانتی نہیں۔ آج اس کے برخلاف ہم دیکھتے ہیں کہ علی الاعلان خود دولھا اپنی شادی کے وقت ان چیزوں کے خلاف نہ صرف صدائے احتجاج بلند کرتا ہے بلکہ اپنی قوت سے ان کو روک دیتا ہے یہی حال اور ازدواجی مسائل کا ہے۔ مثلاً اب مشاطہ کا کام اخبار، ارباب یا رشتہ دار اپنے ہاتھ میں لے لیتے ہیں اور بغیر کسی بے محل حجاب کے ان شرعی امور کا تصفیہ کرتے ہیں، کیا یہ تمام حقائق اور واقعات ایک بڑے انقلاب ذہنی کا پتہ نہیں دیتے اور اگر انہی واقعات کو ہم اپنی موجودہ زندگی سے ذرا پیچھے ہٹا دیں تو اس زمانے کے لئے یہ ہنگامہ آفریں نہ تھے؟

معاشیاتی زندگی کو لیجئے اور اس پر غور کیجئے وہاں بھی ہم کو ایسے حیرتناک نتائج ملیں گے۔ پہلے حیدرآباد میں تجارت یا تو غیر ملکی مارواڑیوں کے ہاتھ میں تھی یا غیر ملکی مسلمانوں کے۔ اور بہت کم اہل ملک اس سب سے بڑے پیدائشی ذریعہ کو اپنی وجہ معاش بناتے تھے لیکن اب جدھر میں اہل حیدرآباد دوش بدوش نظر آئیں گے۔ کچھ نہیں صرف پتھر گٹی کے جوتے والوں پر غور کیجئے سوائے دہلی کے کپڑا والوں کے کوئی اہل ملک اس زمرہ میں داخل نہ تھا لیکن اب عابد شاپ سے لیکر پتھر گٹی کے بیسیوں ہی دوکانیں خاص ملکیوں کی نظر آئیں گی۔ اسی طرح تجارت کے اور شعبے تھے گر ہم دیکھتے ہیں اس چند سال کی مدت میں ہر شعبۂ تجارت میں اہل ملک برابر اپنی کوشش کئے جا رہے ہیں اور باوجود مخالفات کے اپنی جگہ حاصل ہی کر رہے ہیں۔ صنعت و حرفت کو لیجئے بٹن فیاکٹریز، صابن فیاکٹریز، بیڑیوں کے کارخانے، مشنری کے کارخانے، سگریٹ سازی یہاں تک کہ جلد سازی بھی اہل ملک کے لائحہ عمل میں داخل ہو گئی ہے۔ زراعت ہمارے ملک کی اکثریت کا پیشہ ہے۔ اس میں باوجود اس کے کہ قدامت پسندی انتہا سے زیادہ طاقت رکھتی ہے ایک کشمکش موجود ہے۔ اور وقت اور محنت کی کفایت کے ساتھ ساتھ پیداوار کے اضافہ کا خیال جاہل کسانوں کے دل میں موجود ہے۔ چنانچہ گنا ابیل کی گرنیاں اور زرعی محنت کی آسانی کے لئے ٹریکٹر کا استعمال رفتہ رفتہ کسانوں کی ہمدردی حاصل کر رہا ہے اور جہاں پر کسی زمیندار کی تعلیم یافتہ اولاد موجود ہے وہاں یہ چیز اور نمایاں ہے۔ اب ہمارے ذرائع پیدائش کی سب سے آخری چیز اور شہر کے رہنے والوں کی سب سے اول چیز ملازمت کو لیجئے۔ ایک زمانہ تھا کہ متوسط درجہ کا انسان نوکری کے معاملہ میں صیغہ داری یا منشیگری کو اپنے لئے معراج سمجھتا تھا اور اس سے بڑھکر تمام عہدے امرائے شہر یا بیرون ملک کے مہم پسند افراد کا پیدائشی حق جانتا تھا لیکن اب تمنا کی حد تک ایک صیغہ دار کا بیٹا اعلیٰ سے اعلیٰ عہدے کو اپنے لئے کوئی غیر معمولی چیز نہیں سمجھتا اور عملی حیثیت سے صدر المہامی سے لیکر تحصیلداری اور منصفی تک اہل ملک

نہایت نیک نام جفاکش اور دیانت پیشہ ملازم بنے ہوئے ہیں۔ اس فرق کو ہم ان محکموں میں زیادہ محسوس کرتے ہیں جہاں مہارت عملی یا تربیت دماغی کا زیادہ دخل ہے۔ مثلاً آبپاشی، تعمیرات، طبابت، تعلیمات اور جامعہ۔ ان محکموں میں اعلیٰ عہدوں پر ملکی کافی تعداد میں نظر آئیں گے۔ جامعہ عثمانیہ ہی کو لیجئے باوجودیکہ اس کے قیام کو ابھی پندرہ بیس سال ہی کا عرصہ ہوتا ہے تاہم پروفیسروں کی صف میں دن بدن خود اس جامعہ کے فرزندوں میں اضافہ ہی ہو رہا ہے۔ دوسرے محکموں میں اہل ملک کی کمی اس بات کا نتیجہ نہیں ہو سکتی کہ ان میں دماغی اہلیت یا کام کی کمی یا قابلیت کا فقدان ہے بلکہ اس کے باوجود بالکل مختلف ہیں۔ اگر دماغی قابلیت کو آزاد مقابلہ کا موقعہ ملتا تو ہم مذکورۂ بالا محکموں کی طرح دوسرے محکموں کے بھی ذمہ دار نشستوں پر ملک ہی کے فرزندوں کو پاتے۔ اتفاقات حوادثات اور اثرات کو دماغی انقلاب کے جانچتے وقت ملحوظ رکھنا ضرور رہی ہے۔

معاشی انقلاب کو ہم نے اختصار میں پیش کیا اب ایک طالبعلم بھی اس کو حیدرآباد کے ماضی قریب سے مقابلہ کرکے وہ نتائج نکال سکتا ہے جس کو ہم دوسرے مختلف شعبوں میں دیکھتے چلے آئے ہیں۔

اب سوال یہ رہ جاتا ہے کہ آخر اس حیرتناک انقلاب کے اسباب کیا ہیں؟ اور وہ کونسی تحریکیں ہیں جنھوں نے سست الست دکن کو باکار اور خود آگاہ بنا دیا۔ ہم اس مختصر مضمون میں مفصل طور پر ان وجوہ کو بیان نہیں کرسکتے تاہم چند نمایاں چیزوں کو اختصار سے کہہ سکتے ہیں۔ خوش قسمت دور عثمانی زمانے کی ایسی کروٹ میں رونما ہوا ہے جب کہ مشرق مغرب کی غلامی سے نکلنے کی کشمکش کر رہا تھا اور مغرب کی تباہ کن جنگ عظیم کے بعد ذہنی حیثیت سے آزاد ہو گیا تھا اس کا اثر تمام مشرق کیطرح اس ملک پر بھی پڑا۔ دور عثمانی کی اور عمدہ اصلاحوں میں تعلیمی اصلاح نے ملک میں اعلیٰ تعلیم کے ساتھ ساتھ ایسی کثیر تعداد پیدا کر دی جو مشرق و مغرب دونوں کی حقیقت سے واقف ہے اور اس کے تقابل سے اپنی راہ عمل کو دریافت کرسکتی ہے۔ سب سے زبردست چیز اس حب الوطنی کی بیداری ہے جسکے بغیر حیدرآباد اپنے رعایا پرور اور نیک نہاد بادشاہ کی تمنا کو ہمیشہ سے پورا کرنے سے قاصر رہا تھا۔ اب اہل حیدرآباد اپنے آقا کی ہر اس چیز کو اپنی وفاکیشی اور جفاکشی سے کامیاب بنانے کیلئے آمادہ ہیں جس میں ان کے ملک کی فلاح، ترقی اور بہبودی کے آثار موجود ہوں۔ اس کے ساتھ ساتھ اہل حیدرآباد کے فطری اعتیاط پسند رجحان نے ان کو اس بے آہنگی اور سعی لاحاصل سے بچائے رکھا جس میں برطانوی ہند مبتلا ہے اور باوجود کشمکش کے ان سے خود کو الگ نہیں کرسکتا۔

آخری چیز جسکو سب سے اول سمجھنا چاہیئے وہ اہل حیدرآباد کی وہ خصوصیت ہے جس سے خود اہل حیدرآباد ایک حد تک ناواقف ہیں۔ وہ ان کا شوق مسابقت ہے۔ کوئی کام اپنے نتائج میں اچھا ہو یا برا اگر یہ اسکی طرف لگ گئے تو پھر اس کو انتہا کو پہنچانا ان کے لئے زندگی کا مقصد ہو جاتا ہے۔ جب تک ان پر سیاسی جمود اور معاشی بے حسی طاری تھی تو بے مصرف مشاغل میں ان کا کوئی جواب نہ تھا۔ اب جبکہ بیداری اور احساس ترقی کی لہر انہیں دوڑ گئی ہے تو یقیناً وہ اس راہ میں بھی اپنی اس خصوصیت کو ثابت کئے بغیر نہیں رہ سکتے۔

# عساکر عثمانی کا سپہ سالار اعظم

## از کپتن اعجاز علی صاحب شہرت

سرکار عالی کی باقاعدہ افواج کا وجود ایسٹ انڈیا کمپنی کے زمانے میں اُس وقت کے حالات کے اعتبار سے تھا۔ اور یہ فوجیں کبھی انگریز کبھی فرانسیسی جنرلوں کے زیر کمانڈ کارگذار رہیں۔ سبسی ڈیری سسٹم سنہ ۱۸۰۰ء میں نافذ ہوئی، افواج کنٹینجنٹ کا قیام ہوا اور اُس زمانے کے افواج باقاعدہ کا شیرازہ بکھر گیا۔ لنگر مبارک میں قدیم وضع کے لباس اور کلاہ پوش چند ضعیف سپاہیوں کو سب نے دیکھا ہوگا، یہ اُسی جمعیت کے نمونے کے افراد ہیں۔ سنہ ۱۸۵۳ء میں ملکی مصالح اور حالات کے تحت اندرونی انتظام کے لئے پھر ایک منظم فوج کی ضرورت ہوئی تو راجہ رامیسر راؤ بلونت بحری بہادر والئی سمستان ونپرتی کی مختصر اور قدرے منتظم جمعیت میں سرکاری جمعیت کا ایک جزو شریک کرکے اُس کا نام "نظامس فیلڈ فورس" رکھا گیا۔ راجہ صاحب اُس پر حکمران رہے اور جمعیت اُن کی ہمراہی میں رہی۔ پھر ایسی ضرورت پیش آئی کہ اُس کو شہر کے قریب رکھنا مناسب معلوم ہوا، اس لئے سنہ ۱۸۶۳ء میں اس کا نام "ریفارمڈ ٹروپس" رکھا گیا۔ جمعیت کے شمار نفری میں کسی قدر اضافہ ہوا۔ شہر کے مختلف مقامات پر پلٹن، رسالہ، توپخانوں کا قیام ہوا۔ سنہ ۱۸۶۶ء میں شمار میں اضافہ اور جدید تنظیم کیگئی۔ "ریگولر ٹروپس (افواج باقاعدہ)" نام رکھا گیا۔ یہ نام حال حال میں "حیدرآباد اسٹیٹ فورس" سے مبدل ہو گیا۔

عہد ہمایوں عثمانی میں افواج باقاعدہ کے ڈیویژن کی ترتیب حسب ذیل تھی:۔

ریگولر ٹروپس۔ چار پلٹنیں۔ فرسٹ انفنٹری۔ سکنڈ انفنٹری۔ نظامس اون تھرڈ انفنٹری۔ فورتھ انفنٹری۔

دو رسالے۔ افریکن کیاولری گارڈ (سابق رسالہ) تھرڈ لانسرز (سابق...)

ایک رجمنٹ توپخانہ۔ نمبر ون بیاٹری۔ نمبر ٹو بیاٹری

امپیریل سروس ٹروپس۔ دو رسالے۔ فرسٹ لانسرز سکنڈ لانسرز۔ گولکنڈہ برگیڈ۔ ایک پلٹن۔ نظامس اون گولکنڈہ لانسرز۔ بلگ بیاٹری (توپخانہ جنس نرگاوان)۔

جمعیت نظام محبوب۔ (میسرم) پرنس باڈی گارڈ۔

تمام ڈویژن۔ چھ پلٹنیں۔ چھ رسالے۔ دو توپخانے۔ آرڈر آف پریسیڈنسی۔ (لنگر مسل) فیلڈ آرٹلری۔ اے۔ سی گارڈ۔ فرسٹ لانسرز۔ سکنڈ لانسرز۔ تھرڈ لانسرز۔ نظامس اون گولکنڈہ لانسرز۔ جمعیت نظام محبوب۔ فرسٹ۔ سکنڈ۔ تھرڈ۔ فورتھ۔ گولکنڈہ انفنٹری پرنس باڈی گارڈ۔ بلگ بیاٹری (دو برگیڈیں۔ کیولری برگیڈ۔ انفنٹری برگیڈ)۔

ریگولر ٹروپس کا مشاہرہ قدیم اسکیل پر تھا جو ابتدائی تنظیم میں منظور ہوئی تھی۔ الطاف شاہانہ و نوازش خسروانہ اپنے جان نثاروں کی جانب مبذول ہوئے اور یکم خورداد سنہ ۱۳۲۹ف کو جدید اسکیم کے نفاذ سے نہایت معقول اضافہ ہوا۔ ذریعہ جنرل آرڈر نمبر ۶۔ ۵ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء مشتہرہ ڈویژن آرڈر اسپیشل نمبر (۲۰۔ ۸ - ۱۸) ۱۱ رجولائی سنہ ۱۹۲۰ء م ۵ رشہریور سنہ ۱۳۲۹ف۔ مراسلۂ فینانس نمبر ۸۵۴ و ۸۵۵ و ۸۵۶ مورخہ ۱۹ رامرداد سنہ ۱۳۲۹ف

فوج باقاعدہ میں کمانڈر فوج نے حکم دیا کہ یکم خورداد سنہ ۲۹ف سے تمام بقایائے اضافہ اور ماہوار اضافہ شدہ تمام ڈویژن میں ایک ہی تاریخ ایک ہی وقت پر تقسیم کی جائے یوں تو بلیے کال (تنخواہ کا بیوگل) ہمیشہ مسرت خیز ہوا کرتا ہے لیکن ۵ رشہریور سنہ ۲۹ف بھی قابل یادگار رہے جبکہ ایک ہی وقت مقررہ پر تمام ڈویژن میں بلیے کال کا نغمہ بلند ہوا اور اس صدائے خوش آیند پر عام مسرت کا اظہار ہوا۔

پھر جدید اسکیم کے نفاذ کے بعد اردی بہشت سنہ ۱۳۴۳ف سے علاوہ مشاہرہ اضافہ شدہ کے سپاہ کو خصوصی ماہانہ الاؤنس منظور ہوا۔ حیدرآباد اسٹیٹ فورسس۔ (موجودہ تنظیم ۱۰ ر نومبر سنہ ۱۹۴۳ء)۔

اس تنظیم میں بہت کچھ تغیر و تبدل ہوا جو اس عنوان کے تحت آئیگا:۔

"شاہزادۂ عالم و عالمیان والاشان نواب اعظم جاہ بہادر دام اقبالہٗ ولیعہد و سپہ سالار افواج"

افسران و سپاہ افواج باقاعدہ کے لئے یہ امر موجب صد ناز و باعث ہزار افتخار ہے کہ ولیعہد دولت ابد مدت آصفیہ اُن کا سپہ سالار ہے سپاہ کی مسرت قلبی اور ناظرین کے جوش دلی کا اندازہ کرنا مشکل ہے اُس وقت جبکہ پریڈ پر سپاہ صف بستہ ہوتے ہیں اور شاہزادۂ والاشان صف لشکر سے چالیس قدم آگے بمرتبۂ سپہ سالاری خسرو دکن کو شاہانہ سلامی ادا کرنے کیلئے شاہانہ اور سپاہیانہ انداز میں بہ جاہ و جلال قائم ہوتا ہے۔

شاہزادۂ والاشان کے زیر فرمان اس وقت حیدرآباد اسٹیٹ فورس کی تنظیم و ترتیب مندرجۂ ذیل ہے:۔

(۱)۔ نظامس ہارس آرٹلری۔ سابق نظامس فیلڈ آرٹلری (توپخانۂ گوشۂ محل) چار ضرب التوپ۔ بریچ لوڈر کوئک فیڈر۔ ۱۸ پونڈر۔ جو ۱۹ رجولائی سنہ ۱۹۳۳ء کو آگئی ہیں۔ ان سے پہلے ۱۵ پونڈر بریچ لوڈر بغرض تعلیم دی گئی تھیں۔ ان سے پہلے

نزل لوور ۱۹۰۵ء میں سکندرآباد آرسنل سے سرافسر مرحوم نے طلب کی تھیں اب اس توپخانہ کے دو بیاٹریاں ہیں۔
A. اے بیاٹری ہارس آرٹلری۔ B. بی بیاٹری فیلڈ آرٹلری، اس میں ۱۹۰۵ء والی چار توپیں ہیں۔ ہارس آرٹلری کے گولنداز گھوڑوں پر سوار توپوں کے ساتھ رہتے ہیں۔ فیلڈ آرٹلری کے گولنداز توپ کے عرابے پر بیٹھتے ہیں۔ (۲)۔ افریکن باڈی گارڈ (سابق رسالہ حبوش) اس کی اسامیاں تخفیف کرکے دوسری رجمنٹوں میں شریک کردی گئی ہیں۔ (۳)۔ فرسٹ لانسرز امپیریل سروس ٹروپس (۴)۔ سکنڈ لانسرز امپیریل سروس ٹروپس۔ (۵)۔ ٹریننگ اسکواڈرن۔ (سابق تھرڈ لانسرز)، اس کی نفری دوسرے رسالوں میں شریک کرکے اُن میں اضافہ کیا گیا اور حیدرآباد کیولری ٹریننگ اسکواڈرن میں ایک اسکوڈرن رہ گیا ہے (۶)۔ تھرڈ گولکنڈہ لانسرز (قدیم تھرڈ لانسرز کا نمبر گولکنڈہ لانسرز کو دیا گیا اور شمار نفری میں اضافہ کیا گیا۔ (۷)۔ پرنس باڈی گارڈ (۸)۔ جمعیت نظام محبوب۔ (۹)۔ فرسٹ بٹالین حیدرآباد انفنٹری (سابق فرسٹ انفنٹری گوشہ محل) یہ رجمنٹ اے لائن میں ہے ارشین گن قسم کی لوئس گن ہی، اس کو دی گئی ہے۔ (۱۰) حیدرآباد انفنٹری ٹریننگ کمپنی (سابق سکنڈ انفنٹری) اس کی شمار نفر دات دوسری رجمنٹوں میں اضافہ کیا گیا اور فقط ایک کمپنی باقی رہ گئی ہے اور اسکا نمبر بدل دیا گیا ہے (۱۱) تھرڈ نظاس اون انفنٹری۔ (۱۲) سکنڈ حیدرآباد انفنٹری (سابق فورتھ انفنٹری قدیم راجہ پلٹن) سابق سکنڈ کا نمبر اسکو دیا گیا۔ (۱۳) فورتھ حیدرآباد انفنٹری۔ سابق گولکنڈہ انفنٹری۔ سابق فورتھ کا نمبر اسکو دیا گیا۔ (۱۴)۔ اے۔ٹی ایس۔ اینمل ٹرانسپورٹ سکشن سابق توپخانہ جنس نرگاوان متعینہ قلعہ گولکنڈہ کی چھکڑ گاڑیاں، تیار کی گئیں جواب کام میں لائی جاتی ہیں۔ اسکے ساتھ میکانیکل ٹرانسپورٹ بھی ہے۔ اسوقت چند موٹر لاریاں ہیں یا فوجی ٹرانسپورٹ میں بھی اسلحہ کی طرح ترقیاں ہوئی ہیں۔ قدیم اور جدید اسلحہ کا فرق ظاہر ہے۔ ٹرانسپورٹ کا ایک تاریخی واقعہ جو خاص اس ریاست ابدمدت سے تعلق رکھتا ہے قابل توجہ ہے، شک نہیں کہ میکانیکل ٹرانسپورٹ پرقوت اور تیز رو ہے لیکن ہموار سڑک کا محتاج ہے چھکڑ گاڑیاں ناہموار راستوں پر جاتی ہیں لیکن دشوار گذار مقام پر حیوانات باربرداری اور خاصکر بیل نہایت بکار آمد ہیں۔ سامان اور رسد کے نقل و حمل کیلئے اس جانور سے زیادہ موزوں اُس زمانے میں (اور اسوقت بھی) دوسرا جانور نہیں زمانہ سابق میں جہاں افواج کا شمار لاکھ سے بھی زیادہ ہوجایا کرتا تھا یہ جانور نقل و حمل کی خدمت بجا لاتا اور بنجارے غلہ وغیرہ فراہم کرنیکے ذمہ دار تھے۔ اس زمانہ کی یادگار اب بھی باقی ہے ممالک محروسہ میں جنگی بھنگی قوم کے بنجارے ہیں انکے پاس تانبے کی ایک تختی ہے اُس پر یہ عبارت کندہ ہے:۔

رنجن کا پانی چھپر کا گھانس، دن کے بارہ خون معاف ؛ جہاں آصفجاہ کا گھوڑا وہاں جنگی بھنگی کا بیل

ممکن ہے کہ یہ قوم خاص فرقہ اپنے مورث اعلیٰ کے نام سے ہو اور جنگی بھنگی کا خطاب خدمات جنگی کے صلہ میں حضرت آصفجاہ نے عنایت فرمایا ہو رنجن کا پانی چھپر کا گھانس اس عہدنامہ پر صلہ ہونا معلوم ہوتا ہے یہ اعزاز قابل غور ہے کہ دن کو بارہ خون معاف اور اس رفاقت کو کیا کہا جائے کہ جہاں آصفجاہ کا گھوڑا وہاں اس کا بیل ضرور رہو۔

اسلحہ:۔ افواج باقاعدہ میں قدیم اسلحہ توفلنٹ لاک اینہ کے یا پتھری دار بندوقیں تھیں پھر راجہ گردہاری پرشاد بنسی راجہ نے بکمال دانشمندی اور دوربینی اپنی فرودرت کو پیش نظر رکھکر کارخانہ دارالصنعت قایم کیا اور یہاں نزل لوور ڈ بندوقیں تیار کیں جو ایک عرصہ تک زیر استعمال رہیں ایک بارود خانہ بھی تھا جہاں بارود تیار ہوتی تھی۔ بندوقوں میں ترقی ہوئی اور سرکار انگریزی کی خارج شدہ بندوق انفیلڈ نزل لوور ڈ استعمال میں آئی پھر ترقی کیساتھ ایک نزل افردم ہوتا ہے دارالصنعت یا منسی راجہ کا کارخانہ تو شکست ہوکر اب فنا ہوگیا لیکن انکی یادگاریں اب بھی پولیس اور امرائی جمعیتوں میں باقی ہیں ۱۹۰۵ء میں انفیلڈ بھی خارج ہوگئی اور اسنو تھ بور، مارٹنی ہنری رایج ہوئی تنظیم حالیہ میں یہ بھی خارج ہوگئیں۔ اور (۳۰۳) اسمری ناٹ تھری کی انفیلڈ میگزین رائفل آگئی ہے۔ یہ رائفل موجودہ زمانہ کی بہترین ایجاد ہے۔ افواج انگریزی میں زیر استعمال ہے۔ اس رائفل کے میگزین میں گیارہ کارتوس آتے ہیں۔ دس تو میگزین میں رہ جاتے ہیں اور گیارھواں خودبخود چیمبر میں آجاتا ہے۔

کیری رنگ پاور (زد) (۴۰۰۰) گز سے (۲۰۰۰) گز تک ہے۔ ایفکٹ رینج (کارگر) (۱۸۰۰) گز سے (۱۴۰۰) گز تک نزل ویلاسٹی (رفتار) پہلے سکنڈ میں (۱۸۰۰) گز، دوسرے میں (۱۶۰۰) گز، تیسرے میں (۱۴۰۰) گز علیٰ ہذا القیاس مشین گن قسم کی لوئس گن جو فرسٹ بٹالین میں ہے اُس میں بھی اس کے کارتوس چلتے ہیں اور میگزین میں (۴۷) رونڈ کارتوس آتے ہیں۔ ایکشن (قوت) بہت تیز ہے۔

بہرحال اس عہد درخشاں میں شہزادہ والاشان کے زیر فرمان، نہایت آراستہ فوج جدید آلات سے مسلح موجود ہے بروز جائزہ سپہ سالار اعظم جواب اُورس ارشاد فرمایا ہے:۔

"میں فوجی مبارکباد کا مشکور ہوں، میرے لئے یہ امر باعث مسرت ہے کہ اعلیٰحضرت بندگانعالی نے مجھے اپنی فوج کی خدمت کیلئے منتخب فرمایا اور میں کوشش کرونگا کہ فوج باقاعدہ اتنی اعلیٰ کہ معیار پر جائے کہ تنظیم جدید کے بعد سے فوج میں میں فرق چاہتا ہوں۔"

# ریاستہائے ہند

## از ”ادیب“ ام۔ اے

”سر ولیم بارٹن کے۔سی۔آئی۔ای۔سی۔ایس۔آئی کے نام سے حیدرآباد میں کون ناواقف ہے۔ یہ نہ صرف حیدرآباد ہی کے ریزیڈنٹ تھے بلکہ بڑودہ اور میسور میں بھی ریزیڈنٹی کے عہدے پر فائز رہ چکے ہیں۔ نیز بیس برس تک شمال مغربی سرحدی صوبے میں کام کرچکے ہیں۔ ہندوستان اور مخصوصاً ریاستہائے ہند کی جو معلومات اور تجربے انھیں حاصل ہیں، وہ بہت ہی کم برطانوی عہدہ داران سیاسی کو ہوگا۔ مندرجۂ ذیل دلچسپ مضمون جو انھوں نے ”آؤٹ ان انڈیا“ کے لئے تجویز کیا ہے ان کے موضوع پر ان کی غیرمعمولی معلومات اور گہری نظر کا شاہد ہے۔“ (مترجم)

ہندوستان کی گذشتہ دہ سالہ عہد کی تاریخ میں ایک نہایت اہم اور قابل لحاظ امر ریاستہائے ہند کے سیاسی اثر و نفوذ میں غیرمعمولی اضافہ بھی ہے۔ متحدہ ہندوستان کے مسئلہ کو حل کرنے میں، اس لحاظ سے کہ ان ریاستوں کا رقبہ کل ہندوستان کا ⅖ ہے اور ان کے حدود میں بسنے والی آبادی کل ہندوستان کی آبادی کا پانچواں حصہ ہے، انھیں اصولاً غیرمعمولی اہمیت حاصل ہونی چاہئے۔ حقیقت حال بھی یہی ہے کہ سیاسیات ہند میں ان ریاستوں کو جو موقف حاصل ہے تاوقتیکہ اس کا مطالعہ نہ کیا جائے، ہندوستان کے مسائل سیاسی کی نسبت کوئی قطعی نقطہ نظر قایم کرنا ممکن نہیں۔

ریاستہائے ہند کی مجموعی تعداد (۵۶۲) ہے۔ زیادہ اہم ریاستوں میں سے (۱۰۸) ریاستیں (۵۱۴۸۱۶۱) مربع میل کے رقبے پر پھیلی ہوئی ہیں اور ان کی آبادی چھ کروڑ سے زیادہ ہے۔ نیز ریاستہائے ہند کی مجموعی مالگزاری (۴۶) کروڑ میں سے (۴۲) کروڑ انھی ریاستوں کی ہے۔ یہ (۱۰۸) ریاستیں بہ اختیار خود ایوان روسائے ہند کی رکن ہیں۔ (۱۲۷) ریاستیں ایسی ہیں جن کا رقبہ (۷۶۸۴۶) مربع میل ہے اور ان کی آبادی (۸۰) لاکھ سے کچھ اوپر ہے۔ ایوان روسائے ہند میں اس کی نمائندگی بارہ اراکین کے ذریعہ ہوتی ہے جنھیں وہ خود ہی انتخاب کرتی ہیں۔ ان دونوں قسم کی ریاستوں میں سے تقریباً نصف ایسی ریاستیں ہیں جن کے رؤسا کو توپوں کی سلامی کا اعزاز حاصل ہے۔ مابقی (۳۲۷) ریاستیں کوئی عملی اہمیت نہیں رکھتیں اور صرف برائے نام ریاستیں کہلاتی ہیں۔

عظمت و اہمیت کے لحاظ سے یہ ریاستیں ایک دوسرے سے بہت کچھ مختلف بھی ہیں۔ ایک طرف حیدرآباد، میسور، بڑودہ، ٹراونکور اور کشمیر جیسی بڑی ریاستیں ہیں جن کا نظم و نسق نہایت ترقی یافتہ اور اعلیٰ درجہ کا ہے، اور جن کی آمدنی بہت ہی بڑھی ہوئی ہے تو دوسری طرف ایسی بھی ریاستیں ہیں جن کے رقبے چند سو میل سے زیادہ نہیں اور جن کے روسا کے اختیارات بہت ہی محدود ہیں۔

سلطنت ہند کی دستوری ترتیب میں ان کے صحیح موقف کو سمجھنے کے لئے ان کی تاریخ پر ایک سرسری نظر ڈال لینا بہت مفید ہوگا۔ اس غرض سے ہم ان کے مندرجۂ ذیل گروہ قرار دیتے ہیں۔

۱۔ راجپوت ریاستیں بشمول کشمیر۔ ۲۔ حیدرآباد اور دیگر مسلم ریاستیں

جان نثاران دولت کی ہزارہا امیدیں اپنے شاہزادۂ والاشان سے وابستہ ہیں۔ اس میں کس کو جائے کلام ہے کہ حسن شفقت، حمایت رعایا پروری، سپاہ نوازی کو شاہزادۂ والاشان کام فرمائیں گے وہ اعادہ ناممکن ہے، اور اپنے خزانے اور مصارف کا جو خیال خود وارث تخت و تاج کو ہوگا وہ خود شاہزادۂ والاشان کا مخصوص حق ہے ہم امید کرتے ہیں کہ شاہزادۂ عالم و عالمیان کے زیر فرمان قدیم ملازمین اپنے حقوق جائز سے فائدہ مند ہوکر دست بدعا رہیں گے۔

**تا ابد باد اسلامت برسر ما شاہ ما پادشاہ عثمان علی سلطان آصفجاہ ما**

۳۔ مرہٹہ ریاستیں ۔ ۴۔ سکھ ریاستیں
۵۔ میسور اور جنوب ہند کی دیگر ریاستیں ۔ ۶۔ اوڑیسہ کی باجگزار ریاستیں ۔

تعداد اور مجموعی وسعت کے لحاظ سے راجپوت ریاستیں ہی سب سے زیادہ ہیں اور عملاً سارا راجپوتانہ اور کاٹھیاواڑ انھی کے قبضے میں ہے۔ مرہٹوں کے عروج سے قبل راجپوت ہی وسط ہند پر مسلط تھے اور آج بھی اس علاقے میں ان کی بہت سی ریاستیں موجود ہیں جن میں ریوا اور اچھا سب سے زیادہ اہم ہیں۔ بہار و اوڑیسہ اور صوبجات متوسط میں بھی چند راجپوت حکمران ہیں اور اس طرح دریائے سندھ سے لیکر خلیج بنگال تک ان کی ریاستوں کا ایک سلسلہ قایم ہے۔ ساتویں صدی عیسوی سے بارھویں صدی تک شمالی ہندوستان پر راجپوتوں کی فوجی عظمت کا سکہ بیٹھا ہوا تھا اور دسویں صدی کے راجپوت رانا یورپ کے جاگیردار امرا کے ہر طرح مثیل وہم سر تھے۔ ان کا زمانہ تاریخ ہند کا عہد زریں تھا، لیکن شمال مغربی پہاڑوں کے اُس پار اسلامی فوجیں قوت حاصل کرتی جا رہی تھیں کہ یکایک گیارھویں صدی میں دھماکا ہوا۔ راجپوتوں کی تلواریں ایک سو برس تک ان کا مقابلہ کرتی رہیں گر بالآخر انھیں پسپا ہی ہونا پڑا۔ اور بچے کھچے سردار راجپوتانہ، وسط ہند اور کاٹھیاواڑ کے چھوٹے چھوٹے علاقوں تک قانع ہو کر رہ گئے۔ یہ ہے ایک اجمالی خاکہ موجودہ راجپوت ریاستوں کی ابتدا اور پیدایش کا۔ مسلمانوں کے سات سو سالہ دور حکمرانی میں ان کا اپنی قومیت کو جداگانہ طور پر برقرار رکھنا ان کی زبردست طاقت اور استقلال کا نہایت بین کارنامہ ہے اس تمام عہد میں مسلمان فرمانرواؤں کے ساتھ انکے تعلقات جاگیردارانہ نوعیت کے تھے، اور خصوصاً مغلوں کے عہد میں ان کا سیاسی موقف یہی تھا۔ مغل شہنشاہ راجپوت شہزادیوں سے شادی بیاہ کرتے تھے ان کی فوجیں اپنے ہی سرداروں کے ماتحت افغانستان کے سنگلاخ مقامات پر شریک جنگ ہوتی تھیں۔ سلطنت کے تمام صوبوں پر یہی گورنر تھے حتیٰ کہ ایک راجپوت شہزادہ کابل کا بھی گورنر رہ چکا ہے۔

اورنگ زیب کی مہمات دکن کی وجہ سے سلطنت مغلیہ کو جو صدمہ پہنچا اس نے مرہٹوں کی ترقی و عروج کے لئے راستہ کھولدیا۔ اٹھارھویں صدی کے پورے دوران میں راجپوت اور مرہٹے ایک دوسرے سے برسرپیکار رہے، یہاں تک کہ انگریزوں کی فوجی قوت نے اس کشمکش کا ہمیشہ کے لئے خاتمہ کر دیا۔ بہت سی راجپوت ریاستیں ان معرکہ آرائیوں کی وجہ سے اپنے بڑے بڑے علاقوں سے محروم ہو گئیں اور وسط ہند و کاٹھیاواڑ کی کئی ایک ریاستوں کو مرہٹوں کا باجگزار بننا پڑا۔

کشمیر کی تاریخ بالکل جداگانہ ہے۔ ابتداً یہ مغلیہ سلطنت کا ایک صوبہ تھا جس کے باشندوں کی بڑی تعداد مسلمان ہو گئی تھی۔ مغلوں کے بعد افغان اس پر قابض ہو گئے جنھوں نے اس کو سکھوں کے حوالہ کر دیا۔ انگریزوں نے سکھوں سے معرکہ آرائی کر کے اس کو اپنے تصرف میں لیا اور پھر موجودہ والی کشمیر کے جد اعلیٰ کے ہاتھ جو رنجیت سنگھ کا باجگزار علاقہ جموں کا سردار تھا، بیچ ڈالا۔ شملہ کی پہاڑیوں کی چھوٹی چھوٹی ریاستیں ۱۸۱۵ء تک نیپال کی باجگزار تھیں۔

مسلم ریاستوں میں سب سے زیادہ اہم حیدرآباد، بھوپال، بہاول پور، خیرپور، جوناگڑھ اور رام پور کی ہیں۔ یہ سب ریاستیں سلطنت مغلیہ کے زوال کے بعد عالم وجود میں آئیں۔ حیدرآباد کے بانی آصف جاہ اول ہیں جو سلطنت مغلیہ کے ایک بہت بڑے مدبر اور زبردست سپہ سالار تھے۔ وہ ۱۷۲۴ء میں عملاً خود مختار ہو چکے تھے اور کرنول سے لیکر ترچناپلی تک تمام مسلمان علاقوں نے ان کی سیادت اور اقتدار اعلیٰ کو تسلیم کر لیا تھا۔ ریاست بھوپال بھی اسی طرح اٹھارھویں صدی کے شروع میں قایم ہوئی۔ اور اس کی بنا بھی مغلوں ہی کے ایک سپہ سالار نے ڈالی ہے جو اورکزائی نامی سرحدی قبیلے سے تعلق رکھتے تھے۔ جوناگڑھ اور رام پور بھی اسی طرح عالم وجود میں آئے۔ اسی زمانے میں اودھ بھی جس کو انگریزی دور میں سو سال تک بہت اہمیت حاصل رہی، مرکزی حکومت کے اقتدار سے باہر ہو گیا اور ان تمام ریاستوں پر انیسویں صدی کے آغاز تک دہلی کا اثر و اقتدار برائے نام باقی رہ گیا تھا۔ بہاول پور، اور خیرپور اس درانی سلطنت کے صوبے تھے جو احمد شاہ نے پنجاب فتح کرنے کے بعد قایم کی تھی۔

مرہٹوں کی سلطنت اسلامی اقتدار و حکمرانی کے خلاف حریفانہ ہندو قومیت کی نمایندہ تھی۔ اس کی حیرت انگیز ترقی کا سہرا سیواجی اور اس کے فوجی جانشینوں کے سر ہے۔ دہلی کی مرکزی قوت کی کمزوری اور زوال نے اس کے لئے اچھے مواقع پیدا کر دئے۔ اگر مرہٹے وسط ہند اور راجپوتانہ کے راجپوت سرداروں کے ساتھ رشتۂ اتحاد قایم کر لیتے تو وہ سلطنت دہلی کا آسانی سے خاتمہ کر کے اسلامی اثر و اقتدار کو بھی نیست و نابود کر سکتے تھے، مگر ان کی حکمت عملی ہی جداگانہ تھی اور ہم انھیں ان قدیم سیاسی عمارتوں کو منہدم کرتے ہوئے دیکھتے ہیں جو راجپوتوں نے صدیوں سے راجپوتانہ، وسط ہند اور کاٹھیاواڑ میں بنا رکھی تھیں۔ مرہٹہ سرداروں نے اپنے لئے بڑے بڑے صوبے حاصل کر لئے۔ ادھر بڑودہ کی ریاست قایم ہوئی جس کے باجگزار علاقے گجرات اور کاٹھیاواڑ میں پھیلے ہوئے تھے تو ادھر گوالیار، اندور اور ناگپور کی وسیع ریاستیں وسط ہند میں پیدا ہوئیں۔ اور بہت سے چھوٹے چھوٹے راجپوت سرداروں کو طوعاً و کرہاً ان کی اطاعت قبول کرنی پڑی۔ اٹھارھویں صدی کے درمیانی زمانے تک مرہٹوں کی سلطنت وسط ہند کے بہت سے علاقوں پر قابض ہو گئی تھی لیکن گوالیار، بڑودہ، اندور، ناگپور اور ستارا جیسے عظیم الشان صوبوں کا اپنی مشترکہ اغراض کے تحت پیشوا کے مرکزی اقتدار کو تسلیم کر لینا کوئی مستحکم مشارکت نہیں تھا۔ یوں تو حیدرآباد اور دوسرے دور دراز علاقے بھی اگرچہ عملاً مرہٹوں کے فوجی قبض و تصرف میں نہیں تھے لیکن چوتھ یعنی اپنی مالگزاری کا ۱/۴ تھا استحصال بالجبر کے طور پر انھیں دیا کرتے تھے۔

پٹیالہ، جھینڈ، کپورتھلہ وغیرہ سکھ ریاستیں خالصہ جماعت کے فوجی سرداروں کی قایم کردہ ہیں۔ ان ریاستوں نے اس ڈر سے کہ کہیں رنجیت سنگھ حاکم پنجاب انھیں اپنے علاقے میں شامل نہ کر لے، انگریزوں کی حلیف بنکر اپنے وجود کو مستحکم کر لیا۔

ریاست میسور ابتداً وجیانگر کا باجگزار علاقہ تھی۔ جب ۱۵۶۵ء میں دکن کی مسلمان ریاستوں نے تالی کوٹ میں اس کو تباہ کن شکست دی اور اس کے بعد وہ سرعت کیساتھ زوال پذیر ہونے لگی تو ریاست میسور اپنی وسعت و اہمیت میں روز بروز بڑھنے لگی۔ ریاست ٹراونکور کا ارتقا بھی اس طرح واقع ہوا۔ اٹھارھویں صدی میں موجودہ حکمران خاندان کے ایک جد اعلیٰ نے نایر سرداروں کے چند باجگزار علاقوں کو متحد کر کے اس کی بنا ڈالی۔

اوڑیسہ اور صوبجات متوسط کی باجگزار ریاستوں کی نوعیت بالکل جداگانہ ہے۔ یہاں کی اکثر ریاستوں میں قدیم وحشی قبائل آباد ہیں۔ بعض صورتوں میں ان کے حکمران خاندان راجپوت ہیں اور بعض میں کچھ راجپوت خون کی آمیزش ہے۔ ان میں سے اکثر و بیشتر اولاً مغلوں کے ساتھ اور پھر ناگپور کے مرہٹوں سے باجگزارانہ تعلقات رکھتی تھیں جب ۱۸۵۳ء میں ناگپور کا الحاق عمل میں آیا تو یہ بھی برطانیہ سے وابستہ ہو گئیں۔ ان ریاستوں کے فرمانرواؤں کو پورے سیاسی حدود و ارضی حاصل نہیں۔

مندرجۂ بالا تاریخی خاکہ سے اٹھارھویں صدی کے ہندوستان کا تصور نہایت آسانی سے کیا جا سکتا ہے جبکہ انگریز جنوبی ہند میں فرانسیسیوں سے معرکہ آرائی میں فائز المرام ہو کر ہندوستان میں ایک مسلمہ سیاسی قوت سمجھے جانے لگے۔ ان دنوں مرہٹوں کی سلطنت اپنی معراج کو پہنچ چکی تھی۔ انگریز بنگال پر قابض و متصرف تھے ۱۷۶۰ء سے ان کی یہ سیاسی حکمت عملی شروع ہوئی کہ سلطنت مغلیہ کی منہدمہ دیواروں پر سیادت و اقتدار اعلیٰ کی عمارت چننے کے لئے جو قوتیں کشمکش کر رہی تھیں ان میں توازن قایم رکھا جائے۔ اس مقصد کو پیش نظر رکھکر انگریزوں نے جنوب میں حیدرآباد و ٹراونکور سے، شمال میں اودھ سے اور وسط ہند میں بڑودہ سے مدافعانہ اتحاد کے معاہدے کئے اور جب تک ریاست میسور پر قبضہ نہیں ہوا، مرہٹہ سلطنت سے کسی قسم کا تعرض نہیں کیا۔ میسور پر قبضہ کرتے ہی مرہٹوں اور انگریزوں میں

آویزش شروع ہوئی اور انیسویں صدی کے آغاز کیساتھ ہی انگریزی فوجیں مرہٹوں کے مقابل صف آرا ہوگئیں۔ انکی فتوحات نے مرہٹہ سلطنت کو پارہ پارہ کر دیا۔ اسوقت تک ان تمام دیسی ریاستوں سے انگریزوں کے تعلقات عملاً مساوات کے تھے۔ اس کے بعد ہی جدید معاہدات کا سلسلہ شروع ہوا جس میں اکثر صورتوں میں فوجی محافظت کی شرط بھی داخل ہوئی اگرچہ اسی وقت انگریزوں نے کل حلیف ریاستوں کو ان کے داخلی نظم و نسق میں مداخلت نکرنیکا بھی قول دیا تھا۔ اس وقت کی حلیف ریاستوں میں سب سے زیادہ اہم حیدرآباد، ٹراونکور، میسور، بڑودہ، اودھ اور پیشوا کی ریاست تھی۔ فوجی محافظت اسطرح بہم پہنچائی گئی کہ ہر ایک ریاست میں ایک بڑی معاون فوج کا انگریز افسروں کے زیر کمان اور انھی کے زیر انتظام، قیام عمل میں آیا۔ ان معاون افواج کے مصارف کے لئے ریاستوں کو یا تو کچھ علاقے انگریزوں کے سپرد کر دینے پڑے یا خراج ادا کرنا طے پایا۔

اس تمام عہد میں حیدرآباد کے ساتھ جو اتحاد قایم تھا وہی دکن میں برطانوی پالیسی کا اصل اصول رہا۔ اس کی وجہ سے حیدرآباد جیسی بڑی ریاست کی قوتیں مرہٹوں کے ساتھ آخری معرکہ آرائی میں انگریزوں کے ہاتھ مل رہیں۔ حیدرآباد کی معاون فوج دس ہزار سپاہ پر مشتمل تھی جس میں بعد کو حیدرآباد کنٹنجنٹ کے سات ہزار سپاہیوں کا مزید اضافہ عمل میں آیا۔ اس معاون فوج کے اخراجات کے لئے بڑے بڑے علاقوں پر قبضہ کر لیا گیا۔ اس وقت کے فرمانروائے حیدرآباد نے ۱۷۶۵ء میں ایک قلیل سے خراج مقررہ کے لئے شمالی سرکار جیسے وسیع اور قیمتی علاقے انگریزوں کے حوالے کر دئے اور اس طرح ان کے ذرائع آمدنی میں غیر معمولی اضافہ ہوگیا۔

۱۸۰۱ء تا ۱۸۰۳ء کی مرہٹہ جنگ پر ریاستہائے ہند سے انگریزوں کے تعلقات کا پہلا دور ختم ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا ہے کہ اس وقت تک جو تعلقات مختلف ریاستوں سے قایم کئے گئے تھے وہ کم و بیش مساویانہ نوعیت کے تھے۔ اب یہ معاہد ریاستیں برطانیہ کی فوجی محافظت کے دائرے میں آگئیں۔ اس زمانے میں ہندوستان بہت بڑی حد تک دیسی ریاستوں ہی میں منقسم تھا۔ جنوب میں تنجور (مرہٹہ)، ٹراونکور، کوچین اور میسور اور دوسری چھوٹی چھوٹی ریاستیں قایم تھیں۔ دکن کا بڑا حصہ بشمول برار فرمانروائے حیدرآباد کے زیر نگیں تھا۔ باقی دکن پر پیشوا کی حکومت تھی۔ صوبجات متوسط اور باجگزار ریاستہائے اوڑیسہ کا سارا علاقہ بھونسلا والی ناگپور کے قبضے میں تھا۔ ناگپور ہی ساحل اوڑیسہ پر بھی متصرف تھا۔ سندھیا اور ہلکر نے باقی ماندہ وسطی سطح مرتفع کو دریائے گنگا تک آپس میں تقسیم کر لیا تھا، گجرات اور کاٹھیاواڑ پر والئی بڑودہ کا تصرف تھا۔ پنجاب میں رنجیت سنگھ کی حکمرانی تھی۔ سندھ میں جس سے ذرا ہی افغان دست بردار ہو گئے تھے، وہیں کے امیر حکمران تھے۔ وزیر اودھ جس کو انگریزوں نے ہی ۱۸۱۹ء میں بادشاہ بنایا تھا، عملاً دہلی کی حکومت سے آزاد ہو چکا تھا۔ اگر انگریز چاہتے تو اسی وقت ان تمام ذمہ داریوں کے ساتھ جو اقتدار اعلیٰ سے وابستہ ہیں، ہندوستان میں اپنی سیادت قایم کر لیتے لیکن عدم مداخلت کی جو پالیسی اختیار کی گئی تھی اس کو سب ہی کے ساتھ یکساں طور پر مرعی رکھا گیا اور اس کے ناگزیر نتایج آپ ہی آپ رونما ہوئے۔ وسط ہند اور راجپوتانے کے مرہٹے اور راجپوت ایک دوسرے کا قلع قمع کرنے کے ارادے سے آپس میں گتھ گئے۔ راجپوت جو اپنے موروثی علاقوں سے بے دخل ہوئے جا رہے تھے، انگریزوں سے امداد کے طالب ہوئے مگر انھوں نے کوئی شنوائی نہیں کی۔ ریاست بھوپال معاہدے کی خواستگار ہوئی مگر اس کو بھی نفی میں جواب دیا گیا۔ وسط ہند کا سارا نظام حکومت درہم برہم ہو گیا اور یہ سارا علاقہ پنڈاریوں کی لوٹ مار کا گھر بن گیا۔ بالآخر برطانیہ کو مداخلت کرنی ہی پڑی اور اس نے معاہدات کے ذریعہ راجپوتوں کی اشک شوی کر کے ان کی تائید حاصل کی۔ وسط ہند کے بڑے بڑے مرہٹہ سردار اور پیشوا نے بجائے اس کے کہ اس نئی تحریک کی حمایت کرتے، برطانیہ کے خلاف علم بغاوت بلند کیا۔ پھر نہ صرف اس بغاوت کا خاتمہ کیا گیا بلکہ اس کے ساتھ ہمیشہ کے لئے پیشوا کو بھی ختم کر دیا گیا اور مرہٹہ سلطنت کے پھر سے زندہ ہونے کی تمام امیدوں پر بھی پانی پھر گیا۔ اب صرف ناگپور، گوالیار، اندور اور بڑودہ کی بڑی بڑی ریاستیں اور وسط ہند و دکن میں چند چھوٹے چھوٹے علاقے جیسے کولھاپور، ستارا اور مدراس میں تنجور باقی رہ گئے۔ بڑودہ میں پہلے ہی سے معاون فوج قایم ہو چکی تھی۔ برطانیہ نے بھی اپنی پالیسی میں تبدیلی کر دی اور اقتدار اعلیٰ کا مرتبہ حاصل کر لیا۔ اگرچہ اکثر صورتوں میں جدید معاہدات میں عدم مداخلت مشروط تھی لیکن بعض فرمانرواؤں نے مشورے قبول کرنے پر رضامندی ظاہر کر دی۔ سب نے ممالک خارجہ اور دوسری ہندوستانی ریاستوں سے اپنے تعلقات کے معاملہ کو بالکلیہ مقتدر اعلیٰ کے ہاتھ دیدیا۔ بہت سے راجپوت سرداروں کو جو مرہٹوں کی چیرہ دستیوں کی وجہ سے اپنے موروثی علاقوں سے محروم ہو کر غارت گری وغیرہ پر اتر آئے تھے، از سر نو زیر حمایت سرداروں کی حیثیت سے ان علاقوں میں قایم کیا گیا۔ اس جدید اصطلاح سے یہ مراد ہے کہ برطانوی حکومت نے ان سرداروں کے ساتھ ان کے حاکم اعلیٰ یعنی دوسرے مقتدر رئیسوں کی طرف سے کسی طرح کی بدسلوکی نہ کئے جانے کا یقین دلایا ہے اور بصورت دیگر ان کی حمایت کی طمانیت دی ہے۔ شمال کی ریاستیں اسی نوع کی ہیں۔ کاٹھیاواڑ کے چھوٹے چھوٹے راجاؤں اور وسط ہند کے مغربی سواحل کے حکمرانوں کا بھی جو ریاست بڑودہ کے باجگزار ہیں، یہی موقف ہے۔ آخر الذکر حکمران ریوا کانٹھہ، ماہی کانٹھہ سیاسی عمال کے زیر نگرانی ہیں۔ حقیقتاً دیکھا جائے تو یہ "زیر حمایت ریاستیں" ریاستہائے ہند سے بالکل جداگانہ نوعیت رکھتی ہیں۔

۱۸۴۲ء میں ریاستوں کی معاون افواج، برطانیہ ہندوستانی افواج کا نصف حصہ تھیں۔ برطانوی نقطۂ نظر سے فوجی قوت کو ترقی دینے کے لئے یہ نہایت ہی آسان، کم خرچ اور موثر طریقہ تھا لیکن اس کے ساتھ ہی اس میں کئی طرح کے نقائص بھی تھے۔ جب کسی ریاست کو کسی غنیم سے مقابلہ کرنے کے لئے، اپنے ذرائع محفوظ رکھنے اور اخراجات میں اس اندیشے کے مد نظر کفایت شعاری اختیار کرنیکی ضرورت باقی نہیں رہتی تو پھر عمدہ طریقے پر حکمرانی کرنے کی تمام ترغیبات رفتہ رفتہ کمزور ہو جاتی ہیں۔ خزانے کو معمور رکھنا غیر ضروری نظر آتا ہے اور بالآخر خود بخود فضول خرچی کی تحریص پیدا ہوتی ہے۔ کوئی چیز حکمران کو اپنی رعایا کے ساتھ ہمدردی کرنے اور اس کی رضاجوئی کی ترغیب دلانے والی نہیں ہوتی جس کا نتیجہ نظم و نسق میں خرابی کی صورت میں نمودار ہوتا ہے۔ بدنظمی کے ساتھ روز بروز ابتری بڑھتی جاتی ہے۔ ابھی ۱۸۱۸ء کے بندوبست کو پچیس سال نہیں گزرے تھے کہ اس طرح کا اخلاقی تنزل حیدرآباد، میسور، ٹراونکور، بڑودہ اور خاص طور پر اودھ و اندور میں ظاہر ہوا، جس پر حکومت برطانیہ کو اکثر صورتوں میں مداخلت کر کے انھیں دیوالیہ بننے سے بچا لینا پڑا یا امن و امان قایم کرنیکی ضرورت ہوئی۔ بڑودہ میں وزیر اعظم کے تقرر کے موقع پر حکومت برطانیہ نے اپنے مشورے کو لازمی قرار دیا۔ ٹراونکور میں ایک بغاوت فرو کرنی پڑی۔ حیدرآباد کے لئے ۱۸۰۸ء تک وزیر اعظم کے تقرر میں مشاورت کی شرط قایم رہی۔ اس کے چند سال بعد ہی اہل ملک کے اطمینان کیلئے خود ریزیڈنٹ کو حیدرآباد کنٹنجنٹ کے تقرر و قیام کا کاروبار اپنے ہاتھ میں لے لینا پڑا۔ پندرہ برس تک حکومت برطانیہ ہی کے نظمائے مالگزاری بہت بڑی حد تک ریاست کے نظم و نسق کے ذمہ دار رہے۔ ۱۸۳۱ء میں ایک بغاوت کی بنا پر انگریزوں نے میسور کی عنان حکومت اپنے ہاتھ میں لے لی اور یہ انتظام پچاس برس تک کے لئے کیا گیا تھا۔

ان تمام باتوں کے باوجود برطانوی حکومت نے بحیثیت مقتدر اعلیٰ ریاستوں میں بہت ہی عمدہ انتظام حکومت کی

ذمہ داری اپنے سر لینے سے ہمیشہ انکار کیا ہے، اور اس نظریئے کو ترجیح دی کہ وہ باجگزار ریاستوں کی مقتدر اعلیٰ ہے صرف ریاستوں کی نگرانی، ضبطی اور جانشینی کے موقع پر اپنی منظوری پر اکتفا کی ہے۔ نگرانی کی ضمن میں رئیس کے نابالغ ہونے کی صورت میں ولی ونگرانکار مقرر کر کے ریاست کا انتظام کرنے کی ذمہ داری بھی شامل ہے۔ موروثی ورثائے ریاست کی نااہلی اور انتظام حکومت میں ناکامی کی صورت میں ضبطی کا طریقہ نہایت سہل اور کارآمد تھا۔ ضبطی کے سلسلے میں ہندوؤں کے طریقہ تبنیت کی تنسیخ ہونے لگی جس سے راجگان ہند میں بہت ناراضی پیدا ہوگئی۔ اور بلاشبہ غدر کے اہم اسباب میں یہ بھی داخل ہے۔ لارڈ ڈلہوزی اس اصول کے سب سے بڑے حامی تھے ناگپور کی بڑی ریاست اسی اصول کے تحت ۱۸۵۳ء میں ضبط کرلی گئی۔ ستارا، جھنگر اور جھانسی کا الحاق بھی اسی بنا پر ہوا۔ اودھ کا بھی یہی حشر ہوا، مگر اس کی وجہ یہاں کی مسلسل اور متواتر بدنظمی تھی۔

غدر سے کچھ پہلے ہندوستانی وزیروں اور مدبروں کی ایک جماعت نے جیسے حیدرآباد کے سالار جنگ، گوالیار کے ڈنکر راؤ، ٹراونکور کے ساگر نی متن اور اندور کے مانسر راؤ نے اپنے حسن تدبر سے نہایت ترقی یافتہ نظم ونسق کی مثالیں قائم کیں تو ریاستہائے ہند کے لئے اچھی امیدوں کا ایک نیا دور شروع ہوا۔ ۱۸۵۷ء کی زبردست لڑائیوں میں حکومت برطانیہ عموماً ریاستہائے ہند اور خصوصاً راجپوت ریاستوں اور حیدرآباد کی امداد و اعانت کی بہت مرہون منت رہی ہے۔

غدر کے زمانے میں ان ریاستوں نے جو غیر معمولی مدد کی تو اس کے اعتراف میں انھیں حق تبنیت دوبارہ عطا کیا گیا اور اس سے راجگان ہند کی تشویش وناراضی میں بہت بڑی کمی ہوگئی۔

غدر کے بعد پچاس سال تک ریاستوں اور حکومت اعلیٰ کے تعلقات کی حد تک سیاسی ترقی بہت ہی دھیمی رہی۔ اس دوران میں یہی اصول سب سے زیادہ نمایاں نظر آتا ہے کہ حکومت اعلیٰ کی ذمہ داری، ملک کی حفاظت اور قیام امن وامان ہی ہے۔ چنانچہ ریلوے کی پالیسی، ڈاک اور تار کی نگرانی، بحری چنگی کی وصولات، شہنشاہی محاصل اندازی (جیسے نمک کا محصول) تجدید اسلحہ اور منظم جرائم مثلاً ٹھگی اور ڈاکہ وغیرہ کے انسداد میں یہی اصول کارفرما رہا ہے۔ علیحدگی و بے دخلی کی قدیم حکمت عملی بھی جاری رہی۔ روسائے ہند کے ساتھ اس طرح کی بے اعتمادی کے باوجود جب ۱۸۸۶ء میں افغانی سرحد پر واقعہ پنج دہ پیش آیا اور برطانیہ عظمیٰ اور روس کے درمیان جنگ کا خطرہ پیدا ہوگیا تو روساء نے اپنی وفاشعاری کی شاندار مثال پیش کی۔ بہت سے روساء اپنے ذاتی مصارف سے باقاعدہ فوجیں قائم کرنے پر آمادہ ہوگئے اور یہی تحریک بالآخر امپیریل سروس ٹروپس کے قیام پر منتج ہوئی جس سے برطانیہ کی افواج ہند میں غیر معمولی اضافہ ہوگیا۔ لارڈ کرزن کے عہد میں حکومت ہند کی طرف سے ریاستوں کے کاروبار میں جو گہری دلچسپی لی گئی اس کا بڑا سبب قحط کی وجہ سے بہت سی ریاستوں کا نیم دیوالیہ ہوجانا تھا لیکن اس کے ساتھ ہی حکومت اعلیٰ کی پالیسی کو تشویش کی نظروں سے دیکھا جانے لگا اور عام طور پر یہ خیال پھیل گیا کہ جہاں کہیں ریاستوں اور صوبجات ہند کے اغراض ومفاد متصادم ہوتے ہیں، ریاستوں کے ساتھ بے توجہی برتی جاتی ہے۔ لارڈ منٹو کو جو لارڈ کرزن کے جانشین ہوئے اس خصوص میں روسائے ہند کا اعتماد حاصل کرنے کے لئے بطور خاص کوشش کرنی پڑی اور وہ ایک حد تک اس میں کامیاب بھی ہوئے۔

جنگ عظمیٰ کے دوران میں ریاستہائے ہند نے حکومت اعلیٰ کے مقاصد کی تائید وتکمیل کو اپنا اولین فرض سمجھا اور اپنے فوجی اور معاشی ہر قسم کے ذرائع سے اس کی غیر معمولی امداد کی۔ جنگ عظمیٰ کے بعد حکومت برطانیہ کی نہ صرف حکمت عملی بلکہ طرز عمل میں بھی نمایاں فرق شروع ہوا۔ اور یہ محسوس ہونے لگا کہ بے دخلی وعلیحدگی کی قدیم پالیسی جس سے بڑی بے اعتمادی پیدا ہوگئی تھی، اب روز بروز ناقابل عمل ہوتی جا رہی ہے۔ حکومت برطانیہ نے اس امر کو تسلیم کرلیا کہ روسائے ہند نے اپنی شاندار خدمات کی وجہ سے سلطنت کے مشوروں میں شریک ہونے کا اپنے آپ کو ہر طرح مستحق ثابت کیا ہے۔ برطانوی ہند اس دوران میں آہستہ آہستہ ایک حکومت خود اختیاری کی طرف بڑھتا جا رہا تھا اور حالات متبدلہ کے تحت یہ ناممکن ہوگیا تھا کہ روسائے ہند کے اس دعویٰ کو کہ انھیں اپنے طبقے کے حقوق کی حفاظت کے لئے آپس میں متحد ہوکر رائے مشورے کرنا چاہیئے، تسلیم نہ کیا جائے۔ اسی بنا پر ۱۹۲۱ء میں ایوان روسائے ہند کا قیام عمل میں آیا۔ یہ ایک مشاورتی کمیٹی ہے جس میں سربرآوردہ رؤساء بجائے خود رکن ہیں اور مابقی اپنے نمایندوں کو ذریعۂ انتخاب مقرر کرتے ہیں۔ اس ایوان کی وجہ سے اعتماد اور اطمینان کا ایک نیا دور شروع ہوا۔

زیادہ ترقی یافتہ ریاستوں کے فرمانرواؤں نے سیادت اور اقتدار اعلیٰ کے معاملے میں اپنے موقف کی صفائی کے لئے مشترکہ ومتحدہ مشاورت کے مواقع کبھی ہاتھ سے جانے نہ دیا۔ یہ محسوس کیا جانے لگا کہ محکمۂ سیاسیات کے دائرۂ عمل کی تدریجی ترقی ووسعت نے انھیں ان حقوق واختیارات میں بہت کچھ دست اندازی کی ہے جو انھیں از روئے معاہدات حاصل ہیں۔ اس کے انداع اور آیندہ کی دست اندازیوں کی روک تھام کرنے کی خواہش بھی پیدا ہوئی۔ ان کی خواہش کی تکمیل میں جہاں تک ممکن ہوسکا محکمۂ سیاسیات کے اعمال وافعال کا ضابطہ مدون کرایا گیا۔ اس جدید ضابطے میں تاج برطانیہ کے اس دعویٰ کو کہ نظم ونسق کی ابتری کی صورت میں وہ مداخلت کرسکتا ہے، شریک کرلینا ناممکن نظر آیا۔ ایک اور سوال بھی جو اتنا ہی اہم ہے، فوری توجہ کا طالب ہوا۔ وہ یہ اگر برطانوی ہند کو حکومت خود اختیاری دیدی جائے تو ریاستوں کی سیادت واقتدار اعلیٰ حکومت ہند کو حاصل رہیگا یا تاج برطانیہ کو؟ اس مسئلہ اور اس کے تمام متعلقات اور جزویات کو جو ریاستوں کے اس دعویٰ سے پیدا ہوئی تھیں کہ برطانوی ہند کی چنگی کروڑگیری وغیرہ میں انھیں بھی حصہ پانے کا حق حاصل ہے بحث وتصفیہ کے لئے ۱۹۲۷ء بٹلر کمیٹی کے سپرد کیا گیا۔ اس کمیٹی نے اپنی رپورٹ ۱۹۲۹ء میں دیدی ہے اس کی رائے ہے کہ اقتدار اعلیٰ تاج برطانیہ کو حاصل ہونا چاہیئے وہ کہتی ہے کہ ایسا ضابطہ بنانا تو ناممکن ہے جو اس مسئلہ کی پوری وسعت پر حاوی ہو اقتدار اعلیٰ کو خود اغراض ومفاد کی خاطر اقتدار اعلیٰ رہنا چاہیئے۔ بٹلر کمیٹی نے ریاستوں کے ساتھ تاج کے تعلقات کی وسعت بیان میں جو تذبذب ظاہر کیا ہے اس سے بعض حلقوں میں مایوسی سی پیدا ہوئی۔ مالیاتی تعلقات کے مسئلہ پر بٹلر کمیٹی نے ریاستوں کی پیش کردہ تجاویز سے پورا پورا اتفاق نہیں کیا۔ چنگی اور کروڑگیری وغیرہ کے مسائل کی نسبت مزید تحقیق کی سفارش کر کے خاموشی اختیار کی۔ بٹلر کمیٹی کی رپورٹ ہنوز زیر تصفیہ ہے۔ اور اس پر حکومت کے آخری احکام ابھی تک نافذ نہیں ہوئے ہیں۔

بٹلر کمیٹی کے ساتھ ساتھ خود روساء نے بھی اپنی ایک جداگانہ کمیٹی مسائل زیر بحث کی تحقیق کے لئے سر لزلی اسکاٹ کی صدارت میں قائم کی۔ اس کمیٹی نے نہایت حزم واحتیاط سے موجودہ معاہدات کی اور ان تمام مواقع کی تصحیح وتفتیش کی جبکہ معاہدات کی خلاف ورزی کی گئی۔ اس کمیٹی کی رپورٹ کو بٹلر کمیٹی کے آگے پیش کیا گیا جس نے اس پر غور وخوض کی نظر ڈالی۔ اس کا ذکر کردینا کافی ہے کہ سر لزلی اسکاٹ اور ان کے رفقائے کار نے اقتدار اعلیٰ کے سوال کو صرف ریاستوں کے خارجی تعلقات، نیز ریاستوں کے مابین رشتوں اور مدافعت کی کامل ذمہ داری تک محدود رکھا ہے یعنی بہ الفاظ دیگر تاج برطانیہ کے اختیارات کو صرف خارجی تعلقات اور داخلی وخارجی حفاظت تک محدود کرایا گیا ہے۔ ان اصولوں کی ضمن میں یہ بھی لازم آتا ہے کہ تاج کو کسی ریاست کے اندرونی معاملات میں بھی مداخلت کا حق حاصل ہے بشرطیکہ ایسی مداخلت خارجی تعلقات اور داخلی وخارجی حفاظت کے سلسلے میں تاج کی ذمہ داریوں کو

پورا کرنے یا اختیارات محصلہ کو استعمال کرنے کے لئے ضروری ہو۔ اس کے سوا کسی اور صورت میں ایسی مداخلت روا نہ ہوگی۔ سمجھا جاتا ہے کہ اس مسئلہ کو حل کرنے کے لئے کسی خاص صورت میں مداخلت کا ادعا جائز ہے یا نہیں، بعض روساء ایک آزاد عدالت کے قیام کے خواہاں ہیں۔ اس سے ایک بے ضابطگی لاحق ہوتی ہے۔ مقتدر اعلیٰ کے اختیارات کسی تیسرے فریق کے سپرد نہیں کئے جا سکتے۔

برطانوی ہند اور ریاستہائے ہند کا وفاق جس کو بٹلر کمیٹی نے ایک دور کے تخیل سے زیادہ اہمیت نہیں دی تھی، آج کل عام مباحث کا موضوع بنا ہوا ہے۔ اس صورت میں تاج کی ذمہ داری بحیثیت مقتدر اعلیٰ ہونے کے روز افزوں مشکلات سے گھر جائیگی۔ یہ صورت حال اس وقت بہت آسان ہو سکتی ہے جب روساء یہ تجویز قبول کریں جو حال ہی میں بہت سے ریکسوں نے پیش کی ہے کہ قواعد و ضوابط کے نفاذ کے ساتھ ایک واجبی تعداد سیول عہدہ داروں کی مقرر کیجائے، باقاعدہ نظام حکومت قایم کیا جائے۔ جدید اصولوں پر تدریجی سیول خدمات مقرر کیجائیں اور بحیثیت مجموعی ترقی یافتہ نظم و نسق پیدا کیا جائے۔ بہت سی ریاستیں پہلے ہی سے اس معیار پر پوری اترتی ہیں۔ بعض نے چند اصولوں کو اختیار کر لیا ہے مگر ابھی تمام اصول اختیار نہیں کئے گئے۔ اکثروں کے لئے ابھی زمانے کا ساتھ دینا باقی ہے۔

اس کے علاوہ ایک اور مشکل بھی درپیش ہے، یہ فوجی محافظت کا سوال ہے جو یا تو ازروئے معاہدہ ہے یا اقرار نامے کی بنا پر یا عدم معاہدہ کی صورت میں رواج و روایات کے مد نظر۔ تاج برطانیہ اس معاملے میں اپنی ذمہ داری سے دست کش نہیں ہو سکتا۔ وہ صرف اسی صورت میں اپنے آپ کو اس سے بے تعلق سمجھ سکتا ہے کہ خود روسائے ہند کی اس کو کامل رضامندی حاصل ہو۔ اس کو ہرگز فراموش نہیں کرنا چاہئیے کہ برطانیہ کی اس فوجی محافظت کے معاوضے میں اکثر صورتوں میں وسیع علاقے برطانیہ کے حوالے کئے گئے ہیں۔ مثلاً حیدرآباد کے علاقہ جات برار، شمالی سرکار وغیرہ۔ بڑودہ کے علاقے جو گجرات میں واقع ہیں اور گوالیار و اندور کے علاقے جو وسط ہند میں ہیں۔ روسائے ہند کے نقطۂ نظر سے فوجی محافظت نہایت ضروری استحکامات میں سے ہے۔ وہ کبھی یہ فراموش نہیں کریں گے کہ برطانوی بحریہ نے ڈیڑھ سو برس تک سواحل ہند کی ہر طرح حفاظت کی ہے اور یہ کہ ہندوستان کو ابھی کچھ اور مدت کے لئے انھی کی حفاظت پر تکیہ کرنا چاہئیے۔ ان میں سے اکثر و بیشتر بخوبی جانتے ہیں کہ اقتدار اعلیٰ کی اخلاقی حمایت کے بغیر وفاقی

ہندوستان" میں ریاستوں کو ناقابل عبور مشکلات سے دوچار ہونا پڑے گا۔ اقتدار اعلیٰ اور فوجی قوت کو کبھی جدا نہیں کیا جا سکتا۔

بعض حلقوں میں یہ بھی خیال کیا جاتا ہے کہ ریاستوں کا یہ کہنا کہ انھوں نے سو برس پہلے ہی اپنے علاقے سپرد کر کے فوجی محافظت کے بوجھ کو ہلکا کر دیا ہے اور اس بارے اپنا حصہ پورا کر چکے ہیں، ایک تاریخی غلطی ہے اور یہ کہ شہنشاہی افواج کے مصارف میں ہندوستان کے اور حصوں کی طرح انھیں بھی اپنا موجودہ آمدنی کی مناسبت سے ہاتھ بٹانا چاہئیے۔ اس خیال کی معقولیت پر بحث و تمحیص کا یہ موقع نہیں ہے۔ البتہ اس کو بطور ایک تاریخی حقیقت کے ذہن نشین رکھنا چاہئیے کہ غدر کے زمانے میں برطانیہ کی ہندوستانی فوج کے مصارف کا چالیس فی صدی حصہ انھی دیسی ریاستوں نے برداشت کیا تھا۔ آج ہندوستان کو ایک تاج کے زیر سایہ برقرار رکھنے اور ہر طرح حملہ آوروں کا راستہ بند کرنے میں ان کی امداد اور ذرائع آمدنی کا بہت بڑا حصہ ہے۔ اگر ریاستوں کے ایسے علاقہ جات، خراج کی بابت اداشدہ رقوم اور شہنشاہی اغراض کے لئے ان کی افواج کا لحاظ کیا جائے تو آج بھی ہندوستان کے فوجی مصارف میں ان کا حصہ کسی طرح ۱۸۵۷ء کی امداد کے مقابلے میں کمتر نہیں ہوگا۔ یہ سچ ہے کہ بعض ریاستیں اپنی آمدنی کے لحاظ سے اس میں برابر کا حصہ نہیں لیتی ہیں اور ہر لحاظ سے انھیں اس میں حصہ لینا چاہئیے۔

صفحات گزشتہ میں ریاستہائے ہند اور حکومت برطانیہ کے تعلقات کے ان مدارج کو بیان کیا گیا جن کے دوران میں برطانیہ نے اپنی سلطنت ہند کو استوار طور پر قایم کر لیا۔ جیسا کہ اوپر ذکر آ چکا ہے بہت سے ترقی یافتہ روسائے ہند یہ سمجھتے ہیں کہ اقتدار اعلیٰ کے نظریے اور اصول کو اس کی حدود سے بہت آگے بڑھا دیا گیا ہے۔ یہ ایک پیچیدہ مسئلہ ہے اور اس پر پوری طرح بحث و غور موجودہ مضمون کی گنجائش سے باہر ہے۔ بریں ہم اس نقطہ نظر کے بارے میں کہ باجگزارانہ تعلقات کو بہت وسیع کر دیا گیا ہے، کچھ نہ کچھ ضرور کہنا چاہئیے۔ تاج برطانیہ حقیقتاً اس موقف کا جانشین نہیں ہے جو مغلوں کو حاصل تھا۔ خصوصاً راجپوت ریاستوں کے معاملے میں۔ ان کے تعلقات معاہدہ یا سند وغیرہ کی بنا پر قایم ہیں۔ مابعد ریاستوں جیسے حیدرآباد، میسور، ٹراونکور یا مرہٹہ ریاستوں کی صورت میں اس کے تعلقات کی بنا قطعی طور پر معاہدات پر قایم ہے۔ یہ سچ ہے کہ بعض صورتوں میں حکومت برطانیہ اور ریاست یا جاگیر کے تعلقات بالکل جاگیردارانہ نوعیت کے ہیں۔

جیسے وسط ہند، کاٹھیاواڑ اور علاقہ جات ریوا و ماہی یا سرداران و جاگیرداران دکن وغیرہ۔ لیکن ان ریاستوں کو کوئی حقیقی اختیارات حاصل نہیں۔ ان کے سارے سیاسی اقتدارات پولیٹکل ایجنٹ بحیثیت نمایندۂ تاج، استعمال کرتا ہے بعض ریاستوں کی صورت میں جیسے ریاستہائے اوڑیسہ میں خفیف سے اختیارات ہیں لیکن وہ بہت ہی محدود ہیں اور ان میں بھی جاگیریت کا عنصر موجود ہے۔ جہاں تک دیسی ریاستوں کا سوال ہے جنھیں پورے سیاسی اختیارات حاصل ہیں اور حلیف مملکت کی حیثیت سے ان کے موقف کی توضیح معاہدات کے ذریعہ ہو چکی ہے، اقتدار اعلیٰ کی ترقی کے ساتھ ساتھ ان کے معاہداتی موقف میں کمی ہونا داخلی اور خارجی محافظت کی ذمہ داری کے سلسلے میں حق بجانب ہو جاتا ہے، دوسرے لفظوں میں ہم یوں کہہ سکتے ہیں کہ بیرونی حملوں اور اندرونی بدنظمیوں سے محفوظ رہنے کے لئے نیز مجموعی طور پر سارے ہندوستان کے اغراض و مفاد کے مد نظر یہ ناگزیر سا معلوم ہوتا ہے کہ روسائے ہند اپنے موقف کے چند اختیارات سے خود بخود دست بردار ہو جائیں، یہی اقتدار اعلیٰ کی مختصراً تعریف سمجھنی چاہئیے اور اس میں شک و شبہ کی گنجائش نہیں کہ کوئی برطانوی حکومت ان حدود سے متجاوز ہونا پسند نہیں کریگی جو اصول کے تحت اندرونی اور بیرونی امن قایم رکھنے کے لئے خود ریاستوں اور برطانوی ہند دونوں کے اغراض و مقاصد قرار دے رہے ہیں۔

بین الاقوامی طور پر ریاستہائے ہند سلطنت برطانیہ کے ساتھ ہیں۔ بین الاقوامی اغراض کے لئے ان کی رعایا برطانوی رعایا سمجھی جاتی ہے اور سلطنت کے باہر اس کو ہر طرح برطانوی محافظت حاصل ہے۔ اسی طرح ممالک خارجہ کی رعایا بھی ریاستہائے ہند میں برطانوی محافظت کی طالب ہو سکتی ہے۔ ریاستی علاقوں میں یورپینوں کے لئے حکومت برطانیہ ہی حدود سماعت مقدمہ کی مدعی ہے۔

اگر ہم ہندوستان کے سیاسی نقشے پر ایک سرسری نظر ڈالیں تو برطانوی ہند کے سرخ رنگ کے درمیان جگہ جگہ زرد رنگ کے حصے دیسی ریاستوں کے وسیع علاقوں کا پتہ دیتے ہیں۔ اگر چاہو تو کشمیر سے ٹراونکور تک برطانوی علاقے میں سے گذرے بغیر سفر کر سکتے ہو یا اسی طرح دریائے سندھ سے خلیج بنگال تک چلے جا سکتے ہو۔ بڑودہ، اندور اور گوالیار کی زبردست مرہٹہ ریاستیں جو وسط ہند میں واقع ہیں بہت ہی اہم موقع پر قابض ہیں۔ یہ بہت ہی ترقی یافتہ ریاستیں ہیں اور گوالیار کی فوج غالباً ہندوستان بھر کی دیسی ریاستوں میں سب سے زیادہ طاقتور ہے۔

اگر ہم نقشے میں اودے پور، جھانسی، ناگپور

اور برار کو بھی زرد رنگ کا کریں تو پھر ایک لمحے کے لئے یہ تصور کر سکتے ہیں کہ اگر ریاست کی ضبطی کا اصول رائج نہ کیا جاتا اور حکومت برطانیہ پنجاب میں اور سرحد پر دیسی حکومت ہی قایم رہنے دیتی تو غدر کے بعد اس کی کیا حیثیت رہ جاتی۔ اس صورت میں ہندوستان کو اپنے طور پر ترقی کرنے کا موقع ملتا تھا۔

بہت سی ریاستیں ترقی پذیر حالت میں ہیں اور بعض کا نظم و نسق برطانوی ہند کے نظم و نسق کے مقابلے میں کچھ برا نہیں۔ ٹراونکور اور میسور نے تو حکومت خود اختیاری کے معاملے میں اتنی ہی ترقی کرلی ہے جتنی برطانوی ہند میں نظر آتی ہے۔ البتہ بحیثیت مجموعی نظم و نسق کی عمارت بہت کم وسیع ہے۔ ریاستوں کے چھوٹے چھوٹے عہدہ دار اپنے سیاسی پڑوسیوں سے اگر بلند آہنگی میں کم نہیں ہیں تو تعداد میں ضرور کم ہیں۔ بعض ریاستوں میں نظم و نسق بہت بڑی حد تک مجلس عاملہ کے ہاتھ میں ہے جیسے حیدر آباد، بڑودہ، کشمیر، گوالیار، میسور، اندور، بیکانیر، پٹیالہ اور بھوپال۔ بہت سی ریاستوں میں عدالتی نظام بالکل اسی اصول پر قایم ہے جو برطانوی ہند میں مروج ہے اور اکثر موقعوں پر مقامی وکلاء میں سے اعلیٰ قابلیت اور مضبوط کردار کے ہائیکورٹ جج بھی پیدا ہوئے ہیں۔ اکثر ریاستوں کا نظام مالیات برطانوی ہند ہی کے نمونے پر ہے۔ ریاستوں میں تعلیم میں غیر معمولی ترقی ہوئی ہے۔ حیدر آباد اور میسور میں جامعات بھی ہیں۔ ٹراونکور کا معیار خواندگی سارے ہندوستان میں سب سے زیادہ ہے۔ بڑودہ میں مفت جبریہ تعلیم کی حکمت عملی نافذ ہے۔ اکثر ریاستوں میں نہایت ترقی یافتہ سررشتہ جات طبابت بھی موجود ہیں۔ کئی ایک ریاستوں میں سائنٹفک شعبے بھی قایم ہیں۔ اکثر یہ بھی ہوتا رہتا ہے کہ ریاستوں کی حکومتیں اپنے ہاں کے معیار کو ترقی دینے کے لئے حکومت ہند سے باہر انگریز اور ہندوستانی عہدہ داروں کی خدمات مستعار لیتی ہیں۔ حقیقتاً اس میں کوئی شبہ نہیں جیسا کہ خود بٹلر کمیٹی نے بھی ظاہر کیا ہے کہ کل ریاستوں میں باشندگان ملک کے آگے ذمہ داری کا احساس تیزی کے ساتھ بڑھتا جارہا ہے۔ آج کل ہندوستان پر سیاسی شورش کے جو گھنگھور بادل چھائے ہوئے ہیں، ریاستیں ان سے بالکلیہ محفوظ ہیں۔ رعایائے ریاست کی ایسی انجمنیں جو برطانوی ہند میں قایم ہیں بعض صورتوں میں فرمانرواؤں پر دباؤ ڈالنے کی کوششیں کرتی رہی ہیں۔ میسور اپنے فرمانروا کی وسیع النظری اور ہمدردی کے باوجود سیاسی زندہ دلی کے دور سے گزر چکا ہے۔ حیدر آباد میں بھی جہاں دکن کی تین بڑی قومیں، مرہٹے، آندھرے اور کنڑے ایک جھنڈے تلے متحد ہوتے ہیں، سیاسی بے چینی کے آثار ظاہر ہو چکے ہیں۔ ریاستوں میں بمبئی اور کلکتہ کی طرح بڑے بڑے کاروباری مرکز نہیں پائے جاتے۔ نہ دوآبہ گنگا کی طرح ویسی زندگی کے زرخیز حصے ان میں موجود ہیں لیکن ان تمام باتوں کے باوجود اگر ایک طرح زندگی کے مواقع برطانوی ہند کی بہ نسبت کم پیچیدہ ہیں تو دوسری طرف افلاس اور تنازع للبقا کی عدم موجودگی اس کی بہت کچھ تلافی کردیتا ہے۔ بہت سی ریاستوں میں ایسے فرمانروا ہیں جو اپنے آپ کو ہمہ تن رعایا کی فلاح و بہبود کے لئے وقف کر چکے ہیں۔ ان کی رعایا بھی ان کے ساتھ بہت ہی وفادار ہے۔ ہندوستان کی قدیم دلکش زندگی آج بھی ان ریاستوں میں نظر آتی ہے۔ قدیم مذہبی مراسم اور جلوس وغیرہ جیسے میسور اور بڑودہ کا دسہرہ قابل دید ہیں۔ اکثر ریاستوں کے پائے تخت عمدہ قدرتی مناظر کے درمیان واقع ہیں۔ ان میں سے بہت سے خوبصورت عمارات سے آراستہ ہیں۔ بہت سے رئیس سادگی کے اعزاز کو کروفر اور تزک و احتشام پر ترجیح دیتے ہیں ہر جگہ فیاضانہ داد و دہش اور زمانہ قدیم کی خوش اخلاقی نظر آتی ہے۔ یہ کہنا بالکل صحیح ہے کہ ریاستوں میں ہندوستان کی عظمت گزشتہ کی یادگاریں باقی ہیں۔ انکے ہاں سیاسی تربیت کے دبستان بھی موجود ہیں اور وہ اپنے رئیسوں اور وزیروں کو پیش کرکے یہ کہہ سکتے ہیں کہ انھوں نے درجہ اول کے مدبرین پیدا کئے ہیں بہ ہمہ وجوہ امید کیجا سکتی ہے کہ ہندوستان کے مستقبل میں وہ اپنی شاندار روایات اور ذرائع کے شایان شان حصہ لیں گی اور آج ہندوستان میں جو سیاسی مسائل چھڑے ہوئے ہیں انکو معقول طور پر حل کرنے میں ریاستوں کی متحدہ مساعی فیصلہ کن ثابت ہوں گی۔


# انفن ٹون

## نوزائیدہ اور شیر خوار بچوں کیلئے بہترین نعمت ہے

ماں کے دودھ کے نقائص کو دور کرتی اور جانوروں کے دودھ کو ماں کے خالص دودھ کے مانند بناتی ہے

ڈاکٹری تحقیقات نے اسوقت تک شیر خوار بچوں کیلئے اس سے مفید تر دوا ایجاد نہیں کی۔ انفن ٹون ہاضم اور مقوی ہے۔ تمام موسمی شکایات سے محفوظ رکھتی ہے۔ قبض، بد ہضمی، بخار، نفخ شکم، کالی کھانسی، بدلی وغیرہ کا ازالہ کرتی ہے۔ دانت نکلنے کی تکالیف سے بچاتی ہے میٹھی نیند سلاتی اور توانا و تندرست بناتی ہے۔

تمام محتاط والدین اپنے بچوں کی صحت اور عافیت کیلئے انکو انفن ٹون دیتے ہیں

صدہا تجربہ کار ڈاکٹر، طبی جرائد اور معززین انفن ٹون کے استعمال کی سفارش کرتے ہیں۔ قیمت فی شیشی ۱۵ار

## انفن ٹون بے بی بسکٹ

بچوں اور بڑوں کی روزانہ غذا کا مفید ترین جزو

مفید ترین دوا اور خوشذائقہ غذا

سچی تندرستی اور خوبصورتی کو ہمیشہ بحال رکھنے کیلئے خود بھی استعمال کیجئے اور اپنے بچوں کو بھی دیجئے

بچوں کے دانت نکلنے میں آسانی پیدا کرتے اور ہاضمہ کو درست رکھتے ہیں

قیمت ایک پاونڈ کاٹن عہ پیکٹ چار اونس ۵ ر

## عبد الرزاق اینڈ کمپنی

کیمسٹ خاص اعلیٰ حضرت حضور نظام

صدر دار الادویہ چار کمان — شاخ عابد بلڈنگ

حیدر آباد دکن

(صبا اینڈ کمپنی — ۱۰۴۰)

# حاجی طیب علی

چار کمان — فون ۶۷۸



## کیا چاہتے ہیں؟

یہی نا! کہ مضر اجزا سے پاک۔ مفید اور وٹمنیس پیدا کرنے والی اشیاء سے لیمن۔ سوڈا اور دوسرے پانی تیار کئے جائیں یقیناً ہر شخص کی یہی خواہش ہوگی۔ چنانچہ ہمارے پاس خاص اہتمام۔ صفائی اور تازہ اینسنس سے لیمن وغیرہ تیار کئے جاتے ہیں

**شرفا۔ امرا اور جلیل القدر عہدہ دار**

ہمارے کارخانہ کا تیار کیا ہوا پانی استعمال کرتے ہیں

ٹریڈ

# خریدتے وقت

معلوم ہو جائے گا۔ ہمارے پاس پارچہ جات کتنے بہتر ہیں۔ سلک۔ ٹوئیڈس۔ رنگ برنگ سرج فلالین بہتر سے بہتر



آری۔ بنارسی۔ تاربانہ۔ جامدانی۔ کامدانی کمخواب۔ کارچوبی۔ اور طرح طرح کے کپڑے

اعلیٰ سے اعلیٰ

واجبی اور ایک قیمت پر فروخت ہوتی ہیں

**ہنسراج مانگی لال کلاتھ مرچنٹ**

ساہوکاری بلڈنگ

فون

ٹریڈ

# گردشِ تقدیر

از مولوی غلام رسول صاحب حیدرآبادی

(۱)

"شکر کے کھلونے پیسے میں دو کھیل لو کھلالو۔ ٹوٹ جائے تو کھالو۔ پیسے میں دو"

سریلی آواز میں کہتا ہوا کھلونے والا ایک چھوٹی سی گھنٹی بجا رہا تھا۔ اس کی آواز سنتے ہی ترونی بول اٹھی "اماں پیسہ دو کھلونا لونگی"

"آج پیسہ نہیں ہے بیٹی"

"ایک پیسہ اماں۔ ہاتھ جوڑتی ہوں"

"نہیں ہے ترونی۔ دوسرے دن لے لینا"

ترونی کے بشرے پر اطمینان کے آثار نمایاں تھے۔ اس نے کھڑکی سے پکار کر کہا۔

"اے کھلونے والے آج پیسہ نہیں ہے کل آنا"

"چپ رہ ایسی باتیں بھی کوئی سنتا ہے؟" اس کی ماں نے گرج کر کہا۔

تین برس کی ترونی کی سمجھ میں نہ آیا۔ لیکن اس کی ماں دنیا کے سامنے اپنی زندگی کا بھرم کھونے سے ہچکچاتی تھی۔ واقعی ایسا خشک جملہ صرف لوگوں کے ہنسنے کے لئے ہی ہوتا ہے۔

---

شام ہو چلی تھی! لجاوتی باورچی خانے میں کھانا پکا رہی تھی۔ دفتر سے اس کے شوہر کے واپس آنے کا وقت تھا۔ آج گھر میں کوئی ترکاری نہ تھی۔ پیسے بھی نہ تھے۔ وجے کرشن کو روکھا کھانا ہی ملے گا۔ لجا روٹی پکا رہی تھی اور ترونی اپنے آبا کا انتظار کر رہی تھی۔

"اماں بڑی تیز بھوک لگی ہے" دبی آواز میں ترونی نے کہا

"بابوجی کو آنے دو۔ انھیں کے ساتھ کھانا کھانا۔ اب آتے ہی ہوں گے" لجا نے سمجھاتے ہوئے کہا۔

فی الواقع ایک ہی تھالی میں ترونی اور وجے کرشن ساتھ بیٹھ کر روزانہ کھانا کھایا کرتے تھے۔ ان لوگوں کے کھانے کے بعد اسی تھالی میں لجاوتی بچے ٹکڑوں پر جینے والے پیٹ کی آگ بجھایا کرتی تھی۔ جھوٹن ہی پر اس کا گذارہ تھا۔

لجاوتی نے چراغ جلایا۔ ترونی نے آنکھ بند کر کے چراغ کو نمسکار کیا۔ کیونکہ اس کی ماں نے روزانہ اسے ایسا کرنا سکھایا تھا۔ دروازے پر کھٹکا ہوا۔ وجے دن بھر کا تھکا ماندہ لوٹا تھا۔

ترونی نے اچھلتے ہوئے کہا "اماں بابوجی آگئے"

وجے کمرے کے ایک گوشہ میں اپنی پرانی چھتری رکھ کر کھونٹی سے کرتا اور ٹوپی ٹانگ رہا تھا۔

لجا نے پوچھا۔ "کیا آج تنخواہ ملی نہیں"

"نہیں ملی کل ملے گی۔ صاحب نے برآورد پاس کر دی ہے" تاسف کے لہجے میں وجے کرشن نے کہا۔ لجاوتی متفکرانہ انداز میں کھانے کی تھالی چننے لگی۔ کھانا کھاتے وقت سوکھی روٹی اور دال کی کٹوری کی طرف دیکھ کر وجے نہ جانے کیا سوچ رہا تھا۔ اس لئے سوچ بچار ہی غریبوں کی زندگی ہے اور امید ان کے دم کا سہارا"

---

دن گذر چکا تھا رات کا وقت تھا۔ ترونی سو گئی تھی۔ لجا بیٹھی تھی۔

"دیکھتا ہوں اس نوکری کا کوئی بھروسہ نہیں ہے" اپنی صورت بناتے ہوئے وجے کرشن نے کہا۔

"کیوں کیا کوئی نئی بات ہے؟" لجاوتی نے اپنی جھکی ہوئی آنکھیں اوپر اٹھا کر ایک دفعہ وجے کی جانب دیکھتے ہوئے پوچھا۔

"بڑا صاحب مجھ سے ناخوش رہتا ہے۔ میری نسبت اس کی آنکھیں ہمیشہ چڑھی رہتی ہیں"

"کس لئے؟"

"ممکن ہے میری آزردہ دلی ہی اس کا باعث ہو"

لجا چپ تھی۔ "پندرہ روپیہ ماہوار پر دن بھر محنت کرنی پڑتی ہے۔ اس کے باوجود ..........."

"اوہ بڑا بُرا زمانہ آگیا ہے!" لجاوتی نے آہ کی ایک ٹھنڈی سانس بھر کر کہا۔

"مکان والے کا دو مہینے کا کرایہ باقی ہے۔ اس دفعہ وہ نہیں مانے گا"

"اس دفعہ نہ ملنے پر وہ بڑی آفت مچائے گا" لجا نے خوف زدہ ہو کر کہا

"کیا کروں؟ جان دینے پر بھی اس زندگی سے چھٹکارا ملتا........"

"ایسا سوچنا فضول ہے۔ گھبرانے سے کیا فائدہ؟ کبھی دن پھر گئے ہیں"

"کل اتوار ہے چھٹی کا دن ہے۔ ایک جگہ دوکان پر خط پتر لکھنے کا کام ہے پانچ روپیہ مہینہ دینے کو کہتا تھا۔ گھنٹہ دو گھنٹے اس کا کام کرنا پڑے گا۔ میں آٹھ مانگتا تھا۔ اب سوچتا ہوں کہ کل اس سے مل کر قبول کر لوں۔ دفتر سے لوٹنے پر اس کے ہاں جایا کروں گا" کہتے ہوئے وجے کرشن کے دل میں خوشی کی ایک ہلکی سی لہر دوڑ پڑی۔

"جیسا مناسب سمجھو" کہہ کر لجا خیالات میں غرق ہو گئی۔ وہ جانتی تھی کہ وجے کی صحت محنت کرنے سے روز بروز خراب ہوتی جا رہی ہے۔ مگر روٹی کا سوال تھا!

دن گزرتے اور مہینے الجھتے چلے گئے۔ وجے روزانہ دفتر جاتا۔ وہ کسی سے بہت کم بولتا۔ اکی نیک مزاجی پر اکثر دفتر کے اہلکار اسے بنایا کرتے۔ اس کا زرد چہرہ اور دھنسی ہوئی آنکھیں لوگوں کو مذاق کرنے پر آمادہ کرتی تھیں۔ لیکن وہ چپ چاپ ایسی باتوں کو ان سنی کر جاتا۔ کبھی جواب نہ دیتا۔ اس پر بھی لوگوں سے رہا نہ جاتا تھا۔

وجے کی عمر بھر میں آج ایک ناشدنی واقعہ پیش آگیا۔ اسے کچھ سمجھ نہ پڑی کہ راستے میں اُسکے قدم آگے نہ بڑھے۔ اس کی آنکھوں کے سامنے چنگاریاں جھلملانے لگیں۔ مجھ سے کیا قصور ہوا؟۔ کئی دفعہ اس نے دل میں سوال کئے۔ گھر سے دفتر جاتے وقت بلی نے راستہ کاٹا تھا۔ آگے چل کر خالی گھڑا دکھائی دیا تھا۔ لہٰذا ان بدشگونیوں نے مل کر آج اس کی قسمت کا فیصلہ کر دیا تھا۔

وہ صاحب بڑا ظالم ہے۔ کیا غریبوں کا پیٹ کاٹنے کے لئے ہی سرمایہ داروں کا جنم ہوا ہے؟ غارت ہوں یہ......... وہ کون سا دن ہوگا جب کہ روپیوں کا وجود دنیا سے مٹ جائیگا؟ جب کہ آدمی دوسرے کے سامنے ہاتھ نہ پھیلا سکے گا؟" سوچتے ہوئے وجے کا دماغ چکرانے لگا۔ وہ راستے میں گرتے گرتے سنبھل گیا۔ یکایک اس نے آنکھیں اٹھا کر دیکھا کہ وہ اپنے گھر کے سامنے آگیا تھا۔ بڑی مشکل سے وہ گھر میں داخل ہوا کمرہ میں آکر دھم سے بیٹھ گیا۔

لجاوتی نے گھبرا کر پوچھا "طبیعت کیسی ہے؟"

"جو کہا تھا وہی ہوا"

"کیا ہوا؟"

"نوکری چھوٹ گئی۔ صاحب نے جواب دے دیا" کہتے کہتے اس کی آنکھیں آبگیں ہو گئیں۔ وجے کی حالت پر لجا کو بھی رونا آگیا۔ وہ بھی آبدیدہ ہو گئی۔ ان دونوں کو روتا دیکھ کر ترونی بھی سسکنے لگی۔

شام کی اداس تاریکی میں تینوں بیٹھے رو رہے تھے۔ بعد ازاں صبر کر کے وجے نے اپنی آنکھیں پونچھیں۔ لجاوتی نے اپنی اور ترونی کی۔ کیونکہ دنیا میں ایک اور بڑی قوت ہے جو ان سب حکمرانوں سے ارفع و اعلیٰ ہے۔ جن کے بھروسہ پر بیٹھا ہوا انسان اپنے نوشتۂ تقدیر کا امتحان کرتا ہے۔

اگر زمانہ "رہبر دکن" کا مطالعہ
آپ کو
دوسرے سارے اردو جرائد سے بے نیاز کردیگا



آر پی لوہم چند
جویلرس اینڈ میکرس
عابد بلڈنگ
مصطفٰے بازار
فون ۲۰۴
نقاشی کا مجسمہ
"چاندی کے ظروف"
خاصدان کی بناوٹ لاجواب
پاندان کا نقش بےمثال
لطیف صنعت کا
قابل قدر تحفہ ہر لحاظ سے
مکمل نمائیں دیکھنا
چاہتے ہیں تو ہمارے
یہاں "شوروم" میں
زیورات
ملاحظہ فرمائیے
FAZAL

# حیات بعد الممات

(از حضرت ناکارہ، حیدرآبادی)

(۱)

اخبار کے ایڈیٹر کی ڈاک بھی ایک عجیب وغریب چیز ہوتی ہے۔ بعض خطوط ایسے ہوتے ہیں کہ ان کو پڑھ کر بے اختیار ہنسی آتی ہے۔ اور اکثر خطوط اس درجہ نامعقول ہوتے ہیں کہ پڑھتے ہی بے ساختہ رونا آتا ہے! لیکن چند ایک ایسے اس قسم کے ہوتے ہیں کہ بار بار پڑھنے کے بعد بھی میں یہ فیصلہ نہیں کرسکتا کہ قہقہے ماردں یا دھاڑیں! چنانچہ رحلت نگر کے باہر کے اکثر نادانوں کے وہ خطوط جن میں میری اور مولانا ہادی رحلت نگری کی طرف اشارے کئے جاتے ہیں، اسی قبیل کے ہوتے ہیں۔

مولانا ہادی اور میں، دونوں ایک ہی سرزمین کی پیداوار۔ وہ لیڈر اور میں ایڈیٹر دونوں ملک وقوم کے لئے نہایت اہم بلکہ لابدی۔ مولانا ملک کی آزادی کے لئے جیل خانے کی ہوا کھا چکے ہیں۔ اور میں اپنے بعض مضامین کی بدولت اس عظیم الشان سرکاری مہمان خانہ کو جاتے جاتے بچا ہوں۔ ہم وطن رہنے کی حیثیت سے میں ان کا بڑا مداح رہ چکا ہوں۔ ان کی قابلیت، انکی پالیسی، ان کی بے تعصبی، ان کی مسلم پرستی، ان کی دیانت، انکی نیک نیتی اور خلوص، غرض ان تمام خصوصیات پر (دوسروں کے نزدیک) کئی گرانقدر مقالے اپنے روزنامہ "مخبر" میں سپرد قلم کرچکا ہوں اور دلائل وبراہین سے ثابت کرچکا ہوں کہ اگر ہندوستان میں اس پایہ کے دو چار اور قومی لیڈر پیدا ہو جائیں تو سوراج کل کا ملتا آج ہی مل جائے!۔ چنانچہ دراسلہ نگار مجھ سے یہی استفسار کرتے ہیں، کہ ایک وہ دن تھا کہ مولانا ہادی مدظلہ کی تعریف میں زمین آسمان کے قلابے ملائے جاتے تھے۔ اور پل باندھے جاتے تھے۔ اور ایڈیٹر "مخبر" کی زبان اور دوات دونوں خشک ہوئی جاتی تھیں، اور ایک یہ دن ہے کہ مدیر کی زبان قلم مولانا کے خلاف زہر میں بجھے ہوئے آرٹیکل اگلنے میں ہمیشہ مصروف رہتی ہے، مولانا کا مضحکہ اڑایا جاتا ہے، ان کے فحش کارٹون بنائے جاتے ہیں، ان کی شان میں گالیاں گائی جاتی ہیں، ان کے حسب نسب، ان کی نیت، ان کی ذاتیات پر سخت سے سخت حملے کئے جاتے ہیں، ان کی عصبیت اور ہندو دوستی، ان کی خود غرضی اور حکومت پرستی کو طرح طرح سے ثابت کرنے کی کوشش کیجاتی ہے۔ ان کی ترکی ٹوپی شیخ کی پگڑی کی طرح اچھالی جاتی ہے اور اسی طرح ان کا منڈا ہوا سر منظر عام پر لایا جاتا ہے! اور مولانا کے کلی دار پائجامہ کو (گاندھی جی کی لنگوٹی کی طرح) اخبار کے مزاحیہ کالموں میں تختۂ مشق بنایا جاتا ہے! آخر اخبار "مخبر" کے زاویۂ نگاہ کے اس فوری تغیر کے اسباب کیا ہیں؟ کوئی کہتا ہے کہ مولانا ہادی پہلے اپنے پروپگنڈا کی خاطر "مخبر" کو کچھ رقمی امداد دیا کرتے تھے۔ لیکن موجودہ کسادبازاری اور چندہ کی کمی کی وجہ سے امداد بند ہوگئی ہے اور مولانا کی تنقید وتنقیص کا کالم "مخبر" میں کھل گیا ہے! کوئی کہتا ہے کہ مولانا کا رشتہ میرے خاندان میں ہونے والا تھا، لیکن موصوف نے کسی وجہ سے انکار کردیا۔ اس لئے مدیر "مخبر" ان کا جانی دشمن بن گیا۔ کوئی کہتا ہے کہ جب "مخبر" کی ضمانت ضبط ہورہی تھی تو مدیر نے مولانا کی بہت خوشامد درآمد کی، ہاتھ جوڑے اور پاؤں پڑے، کہ مولانا کوشش فرمائیں اور اپنے اثر ورسوخ کو کام میں لاکر ضمانت ضبط نہ ہونے دیں، مگر مولانا کے بڑے بڑے کانوں پر جوں تک نہ رینگی اور آخر ضبطی عمل میں آگئی، اور ایڈیٹر دیوالیہ اور دیوانہ ہوگیا! اور مولانا کو "نیم لیڈر خطرۂ قوم" کے نام سے یاد کرنے لگا!

مگر میں آج قلم لے کر ان تمام غلط فہمیوں کا ازالہ کرنے بیٹھا ہوں۔ خدا نے چاہا تو مجھے امید ہے کہ ناظرین پر میری بے گناہی ثابت ہو جائے گی۔ اور "مخبر" کی اشاعت میں اس واقعہ فاجعہ کے سبب جو کمی واقع ہوگئی ہے، اس کا ازالہ بھی ہو جائے گا۔ انشاء اللہ المستعان!

ناظرین کو اچھی طرح یاد ہوگا کہ گزشتہ عید الضحیٰ کے دن حسرت آباد میں کس قدر زبردست ہندو مسلم فساد برپا ہوا تھا۔ اور گائیوں کے ساتھ سینکڑوں انسان بھی ذبح ہوئے تھے۔ مولانا ہادی مسلم کانفرنس کے سلسلہ میں وہیں مقیم تھے۔ ان کا کمزور دل اس افسوسناک ہنگامہ کے دردناک مناظر دیکھکر خون ہونے لگا۔ مسلم لیڈر ہونے کی حیثیت سے انھوں نے مسلمانوں کو سمجھانے کی ہزار کوششیں کیں، لاکھ جتن کئے، تقریریں کیں، اعلان جاری کئے، مگر جوش کسی طرح کم نہ ہوا۔ آخر بارہ گھنٹے کے قتل وغارت کے بعد پولیس کو امن وامان قائم کرنے میں کامیابی ہوئی۔ اور یہ امر واضح ہوگیا کہ ہندوستانیوں کی سرکوبی کے لئے دو چیزیں ہی نہایت کارآمد ہیں۔ جورو کی جوتیاں اور پولیس کی لاٹھیاں! اور گائے اور باجہ کے واسطے کٹ مرنے والے ہندوؤں اور مسلمانوں کے لئے اس زمانہ میں بس دو ہی ٹھکانے رہ گئے ہیں، ہسپتال یا جیل! جہاں ان کی آنکھوں کا پٹی کھل جاتی ہے اور سر پر باندھی جاتی ہے، یا پھر گھر گھر چکی پیسنی پڑتی ہے!

شہر میں اس قضیہ نامرضیہ کی وجہ سے سنسنی کیا کم تھی؟ لیکن دوسرے روز اس میں معتدبہ اضافہ ہوگیا۔ مولانا نے اعلان کردیا کہ آپ اس قسم کے غمناک ہنگاموں کے انسداد اور ہندو مسلم اتحاد کے لئے چالیس دن تک بھوکے رہیں گے!

مولانائے محترم حسرت آباد کانفرنس میں مسلمانوں کے حقوق منوانے کی غرض سے تشریف لے گئے تھے۔ لیکن یہ کسے معلوم تھا کہ انھیں یہ روز بد دیکھنا پڑے گا۔ یعنی گئے تھے نماز بخشوانے اور روزے گلے پڑے، ایک نہ شد دو شد!

اس اعلان پر عوام کے کان کھڑے ہوئے، اور بھویں اوپر اٹھیں، مگر مجھے بالکل تعجب نہ ہوا میں مولانا کے تزکیۂ نفس سے خوب واقف تھا۔ مگر میرا خیال تھا کہ مولانا اس مہینہ کے بجائے غرۂ رمضان المبارک سے اپنا روزہ شروع کرتے تو زیادہ مناسب ہوتا! ایک کام دو کاج کے مصداق ثواب بھی ملتا، اور ان کا مقصد بھی پورا ہو جاتا۔ میں نے ایک خانگی خط میں اسی روز مولانا کو اس باریک نکتہ کی طرف توجہ دلائی، مگر افسوس کہ خط پہنچنے تک آپ کا روزہ شروع ہوچکا تھا۔

مولانا کے اس یادگار روزہ نے تمام ملک میں چہ میگوئیوں اور خیال آرائیوں کی دعوت عام دیدی تھی۔ آپ کے دوست اس کو بالکل بے سود خیال کرتے تھے۔ "آپ کا یہ روزہ ہندوؤں اور مسلمانوں کی اصلاح صرف اسقدر کرسکتا ہے جس قدر ایک نلی کتے کی دم کی کرسکتی ہے!" وہ لوگ جو مولانا کے مسالک کے مخالف تھے، ان کا یہ کہنا تھا کہ "فاقہ کشی نعم البدل خودکشی نہیں، ایک مسلمان لیڈر جس کی نسبت کسی نے آج تک یہ نہیں سنا کہ رمضان کے فرض روزے اس نے رکھے ہوں، آج سے چالیس دن کا برت رکھنے کا اعلان کرتا ہے، اور اپنی روحانی قوت سے ہندو اور مسلم کو شیر وشکر بنانے کا دعوے کرتا ہے۔ مگر یہ کس طرح سمجھا جائے کہ یہ بھی کوئی سیاسی چال نہیں؟" ہفتہ وار "فتنہ" نے ایک افتتاحیہ میں لکھا "ہندوستان کو مرد لیڈروں کی ضرورت ہے۔ اگر اس قسم کی زنانہ حرکتیں مشہور لیڈروں سے بھی سرزد ہونے لگیں تو پھر ہندوستان کا خدا حافظ ہے...... اس مرض کا جو علاج مولانا صاحب نے تجویز کیا ہے وہ تریاہٹ نہیں!" روزنامۂ "کارنامہ" نے لکھا ہے "اس مغالطہ جوعی سے بہت ممکن ہے کہ مسلمان متاثر ہو جائیں۔ لیکن اس امر کا اطمینان کس کو ہے کہ فریق ثانی بھی اثر لے کر دست صلح دراز کرے گا؟" ـــــ لیکن اتنا ضرور تھا کہ مولانا کے حلیف اور حریف دونوں آپ کی اس بھوک ہڑتال کے نتیجہ کے بے چینی سے منتظر تھے۔

مولانا کا روزہ ۱۲ ذی الحج کو شروع ہوا۔ گو ڈاکٹروں نے معائنہ کے بعد کہا بھی کہ مولانا کے قوے اس قابل نہیں کہ چالیس دن تک روزہ رکھا جائے۔ لیکن مولانا اپنی بات کے پکے تھے۔ انھوں نے اپنا تن من دھن ملک وقوم کی خاطر قربان کرنے کو، ان آئے دن کے ہندو مسلم فساد کے خونین مناظر کو زندہ رہ کر دیکھنے سے بہتر سمجھا ـــــ آفریں باد بریں ہمت مردانہ تو!

ایک ہفتہ خیر وخوبی سے گزر گیا۔ لیکن پریس کی خبریں حوصلہ شکن اگر نہیں، تو ہمت افزا بھی نہ تھیں۔ نقاہت زیادہ پیدا ہوچلی تھی۔ ڈاکٹر حیات اور ڈاکٹر نہال چند روزانہ دیکھ جاتے تھے مولانا کے شاگرد دن رات جمع رہتے تھے۔ کوئی سر دباتا تھا تو کوئی ہتھیلیاں سہلاتا تھا، کوئی پاؤں دباتا تھا، تو کوئی انگلیاں توڑتا تھا۔ اور اس دوران میں ایک آدہ مولانائے معظم کے دہن مبارک سے نکلے ہوئے ارشادات عالیہ کو شارٹ ہینڈ میں لکھتا جاتا تھا۔ اور معاوضہ لیکر اشاعت کے لئے اخبار کو میں بھیجتا تھا۔ جب انسان کا پیٹ خالی ہوتا ہے اور آنتیں قل ہو اللہ پڑھ رہی ہوتی ہیں، تو اسکے منہ سے پتہ کی باتیں نکل جاتی ہیں۔ اور پند وموعظت کے دفتر کے دفتر کھل جاتے ہیں۔ مولانا کے

وہ ارشادات بھی اس قابل ہیں کہ انھیں زریں حروف میں شائع کیا جائے۔ مثلاً ایک پیش کرتا ہوں:۔

دنیا میں سب سے زیادہ بدقسمت وہ شخص ہے جس کو شادی ہونے سے قبل موت آدبوچتی ہے! (واضح رہے کہ مولانا کی شادی ابھی نہیں ہوئی ہے) روزہ کا دوسرا ہفتہ پریشان کن تھا۔ اور بے اطمینانی کی حالت میں گزرا۔ مولانا کو خفیف سا بخار رہنے لگا۔ وزن ۱۰۴ سے گھٹ کر ۹۵ پونڈ رہ گیا۔ 'اے پی' کی ایک خبر میں مذکور تھا کہ مولانا جب بات کرتے تو ایسا معلوم ہوتا کہ آواز کسی تہہ خانے سے آرہی ہے۔ اسی ہفتہ میں آپ کی ایک تصویر بھی شائع ہوئی۔ صورت پہچانی نہ جاتی تھی۔ آنکھوں کے گرد حلقے پڑ گئے تھے، اور خود آنکھیں اندر کو دھنس گئی تھیں، اور چہرہ کی ہڈیاں ابھر آئی تھیں، دیکھنے سے افسوس ہوتا تھا کہ ایک خوشرو جوان کی حالت بھوکا رہنے کی وجہ سے کیا سے کیا ہوگئی ہے۔ اور ایک قابل لیڈر نامعقول قوم کے لئے اپنی جان مفت گنوا رہا ہے۔

حالت تشویشناک ہوتی چلی۔ تو مولانا کے شاگرد پیشہ حضرات نے مجبور کیا کہ مولانا اپنے وطن رحلت نگر چلیں۔ پردیس میں کسی کا کوئی نہیں ہوتا۔ گھر سے خطوں کی بھرمار اور بلاوے کے تار پر تار آرہے تھے۔ مگر مولانا نے صاف کہہ دیا کہ جس جگہ میں نے اپنا قومی روزہ شروع کیا ہے، وہیں اللہ نے چاہا تو اسے ختم کروں گا۔ ورنہ (خاکم بدہن) خود ختم ہوجاؤں گا۔ لوگوں نے بہت سمجھایا منایا۔ مگر ہمارے قومی قائد دوسروں کی بھلا کب سنتے ہیں؟ آخر مجبوراً مولانا کا سارا خاندان رحلت نگر سے حسرت آباد سدھارا۔ اس قافلہ کو خیرباد کہنے اسٹیشن تک میں بھی گیا تھا۔ تاکہ "مخبر" کے مقامی کالم کے لئے کافی مواد مل جائے۔ اور اس بھوک ہڑتال کے سلسلہ کی کوئی کڑی باقی نہ رہ جائے۔ ان دنوں چونکہ مولانا ہادی کا یہ برت اہمیت پکڑتا جارہا تھا اور اخبار کی بکری بہت زیادہ حد تک اسی کے متعلق تازہ بتازہ خبروں پر موقوف تھی، اس لئے میں نے رخصت کرتے وقت مولانا کے خاندان کے ایک سمجھدار مگر بے روزگار فرد کو اس بات پر راضی کرلیا کہ وہ وہاں سے مولانا کی صحت اور کیفیت کی خبریں روزانہ بحیثیت نامہ نگار "مخبر" مقیم حسرت آباد بلاناغہ بھیجتے رہیں۔ میں نے ان سے معاوضہ کے بارے میں بڑے بڑے وعدے کئے، امیدیں دلائیں۔ ادارہ "مخبر" میں بہت جلد ایک مترجم کی جگہ خالی ہونے کی خوش خبری سنائی۔ قابلیت اور اہلیت ثابت کرنے پر انھیں چند ماہ میں اپنے معاون کی کرسی پر فائز کرنے کا مژدۂ جانفزا گوش گزار کیا۔ جب کہیں جاکر وہ نامہ نگار خصوصی بننے پر رضامند ہوئے۔ اور مولانا کی حالت کی خبریں بذریعہ ڈاک اور بدرجۂ مجبوری بذریعۂ تار بھیجنے کا حتمی وعدہ کیا۔ سچ ہے، بے کاری انسان سے سب کچھ کراتی ہے!

سال نو کا چاند ہمیشہ کی طرح پیام ماتم لے کر نمودار ہوا۔ مگر خاص کر اس سال اسلامی ہند کے لئے اس کا پیام بہت معنی خیز تھا۔ مولانا ہادی رحلت نگری کی صحت روز بروز گرتی جارہی تھی ان کے ڈاکٹروں کو بھی تشویش ہونے لگی تھی۔ اور مجھے اس کا بہت قلق تھا کہ موصوف کا قربانی کا گوشت تو اس منحوس مہنگا مہ کی نذر ہوچکا تھا۔ اور اب محرم کی کھچڑی، شربت، اور روٹ چونگے اس برت کی بھینٹ چڑھنے کو ہیں! چنانچہ اسی خیال کے مدنظر خاکسار نے ایک اداریے میں منطقی طور پر اس کا بے سود ہونا ثابت کردیا تھا۔ اور آخر میں مولانا ہادی سے پرزور استدعا، تمام رحلت نگر کے مسلمانوں کی طرف سے کی تھی کہ خدا اور خدا کے رسول کے واسطے اس روزہ سے باز آئیں مگر اس نقار خانہ میں جہاں اخباری برادری اپنی اپنی بولیاں بولنے میں معروف تھی، مجھ طوطی کی آواز کون سنتا؟ موسیقی اور "مخبر" کی آواز سننے کیلئے خاص کانوں کی ضرورت ہے!

ساتویں محرم کو نامہ نگار خصوصی کی طرف سے یہ خبر ملی کہ مولانا کی حالت نازک ہوچلی ہے۔ میرا ماتھا ٹھنکا۔ دل میں طرح طرح کے اندیشے پیدا ہونے لگے۔ مگر میں نے اپنی زبردست قوت ارادی کو کام میں لاکر انھیں دور کردیا۔ ہر مومن کے بارے میں ہمیشہ یہ خیال کرنا چاہیئے کہ ایک سو تیس سال تک زندہ رہے گا۔ کم سے کم! میں نے کہا کہ یہ کوئی معمولی شخص نہیں۔ اس کی تو ملک اور قوم کو عرصہ دراز کیلئے سخت ضرورت ہے۔ وہ لاکھ چاہے کہ ملک پر سے اپنی جان عزیز قربان کردے لیکن خود ملک اس سے اس طرح ہمیشہ کے لئے جدا ہونے کے لئے تیار نہیں ہے۔ غرض میں اسی طرح اپنے دل کو ڈھارس دیتا رہا۔ نمازیوں سے استدعا کرتا رہا کہ وہ اپنے اس جانباز برادر وطن کے لئے نہایت خشوع و خضوع سے دعا

کریں۔ لیکن دل اندر ہی اندر بیٹھا جارہا تھا اور رہ رہ کر کان میں یہ آواز آتی تھی کہ مسلمانوں کا ایک اور رہبر صادق رخصت ہونے کو ہے۔ اور ہندوستان کی تاریخ میں پہلی بار ایک قومی لیڈر ملک و ملت پر سے اپنا پیٹ اور جان دونوں قربان کرکے ایک عظیم الشان یادگار قائم کرنے والا ہے!

دوسرے روز مولانا کی صحت کا بلیٹن شائع ہوا۔ لکھا تھا کہ "مولانا کو بخار ۱۰۴ ڈگری ہے۔ پوست و استخواں باقی ہے۔ کمزوری اس درجہ ہے کہ بات کرنا بھی دوبھر معلوم ہوتا ہے۔ وزن اس وقت ۹۲ پونڈ ہے! بالکل صاحب فراش ہوگئے ہیں" اس کی تصدیق ہمارے نامہ نگار سے اسطرح ہوئی "رفع حاجت کیلئے بھی نہیں اٹھ سکتے۔ دوسروں کے محتاج ہیں۔ ...... باتیں سرگوشیوں میں کرتے ہیں۔ حاضرین کے فائدہ کے مدنظر کمرہ میں ایک لاؤڈ اسپیکر (آلہ مکبر الصوت) نصب کرنے کی تجویز پر غور کیا جارہا ہے!"

شام کی اطلاع مظہر تھی کہ "حالت حسب سابق ہے۔ مولانا کی ہمشیرہ بیگم اطہر ناز کی حالت بھائی کے غم میں ابتر ہے۔ اس لئے حکومت نے مولوی اطہر کو غیر مشروط رہائی دے دی ہے اور وہ ڈاکٹر عمرانی کے ہمراہ رات کی میل سے راہی حسرت آباد ہوچکے ہیں" اور (نمبر ۲) "انجکشن کے مارے مولانا کا سارا جسم چھلنی ہے۔ ڈاکٹر کو تازہ انجکشن کے لئے حصۂ جسم کی تلاش ہے!"

پہلی خبر "مخبر" کی صبح کی اشاعت میں ان الفاظ میں درج ہوئی "حشو و زوائد" کا ذمہ دار ادارہ ہے!:۔

"مولانا ہادی کے قومی روزہ کا تائیسواں (۲۷) دن بڑے کرب و بے چینی میں گزرا۔ مولانا کے دشمنوں پر اس وقت غشی کا دورہ ہے۔ منہ بند ہے۔ اور دانت بھنچے ہوئے ہیں! ڈاکٹر مقوی دوائیں باریک سے ناک اور کانوں کے ذریعے پہنچا رہے ہیں! بخار ۱۰۴٫۳ ڈگری ہے۔ مولانا کی ہمشیرہ محترمہ بیگم اطہر ناز جو انجمن ترقی نسواں رحلت نگر کی صدر ہیں، اور مولوی اطہر جاویدی کی اہلیہ ہیں اپنے پیارے بھائی کی تکلیف سے اس درجہ متاثر ہیں کہ پچھاڑیں کھارہی ہیں۔ اور در و دیوار سے سر ٹکراتی ہیں اور سنبھالے نہیں سنبھلتیں! لہٰذا عزیز حکومت نے از راہ رحم و کرم مولوی اطہر جاویدی کو جو درجۂ الف کے قیدیوں میں نہایت ممتاز درجہ رکھتے تھے غیر مشروط رہائی دیدی ہے۔ یاد ہوگا کہ مولوی صاحب موصوف کو سول نافرمانی کے سلسلے میں تقریباً آٹھ ماہ پیشتر نو ماہ کی قید محض کی سزا دیگئی تھی۔ ہم حکومت کے اس فیاضانہ فعل کو بہ نظر استحسان دیکھتے ہیں!

("مخبر")

اسی خبر کا دوسرا حصہ ایک دوسرے کالم میں طبع ہوا۔

"مولوی اطہر جاویدی جو قیدخانہ سے غیر مشروط طور پر رہا کردیے گئے ہیں' ڈاکٹر عمرانی کی معیت میں رات کے ساڑھے آٹھ بجے کے میل سے حسرت آباد روانہ ہوچکے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ ڈاکٹر عمرانی جو مولانا ہادی کے قدیم دوست ہیں، ان کا علاج کریں گے۔ اخبار "ٹائمز" کا بیان ہے کہ ڈاکٹر صاحب موصوف کو مولانا ہادی کے طبی مشیروں کے علاج اور توجہ میں کلام ہے۔ ان کے ایقان میں مولانا کی یہ زبوں حالی بعض کی بے پروائی اور غفلت کی رہین منت ہے۔ بہرحال ڈاکٹر صاحب کو قوی امید ہے کہ مولانا انکے علاج و تشخیص کے بعد اپنے روزہ کے چالیس دن صحت اور سلامتی سے پورے کرسکیں گے!" تفصیلات کا انتظار ہے"

اسی روز دوسری خبر آئی "مولانا دس گھنٹے سے بیہوش ہیں۔ دونوں ڈاکٹر، ٹائمز کے اعلان کے بعد منت و سماجت کے باوجود علیحدہ ہوگئے ہیں۔ حالت نہایت نازک ہے۔ میل آج ۵ گھنٹے لیٹ ہے ڈاکٹر عمرانی کا سخت انتظار ہے"

اس خبر کے پڑھتے ہی دل بڑے زور سے دھڑکا کیا واقعی یہ مایۂ ناز فرزند اپنی مادر وطن کو داغ مفارقت دے جائیگا؟ کیا خدا کو اس کا زندہ رکھنا منظور نہیں؟ قدرت کے کارخانے اس کے خلاف کام کرتے معلوم ہوتے ہیں۔ میل لیٹ۔ ڈاکٹر ندارد۔ اور مولانا بے ہوش! سچ ہے مصیبت تنہا نہیں آتی! ........ تو کیا وہ منحوس دن آکر ہی رہے گا۔ جس کا سب کو اور خصوصاً مجھے اندیشہ تھا؟ آخر کار کیا مجھے مولانا کی یادگار میں "مخبر" کا ہادی نمبر نکالنا پڑے گا؟ ........ میرا دماغ کام کرنے لگا

میں نے فوراً وہ رجسٹر اٹھایا جس میں مشہور و معروف لیڈروں کے سنہ پیدائش، ابتدائی حالات، جوانی کے واقعات، لیڈری کے کارنامے کے نوٹ لکھے ہوئے تھے میں نے جلدی جلدی ان سب کو ایک جگہ مضمون کی شکل میں جمع کیا دماغ پر زور ڈال کر قابل ذکر واقعات کا اضافہ کیا اور دو تعزیتی

کے اندر مولانا ہادی کی سوانح حیات تیار کر ڈالی کہ وقت ضرورت کام آئے۔ کیونکہ مشاہیر کی سوانح عمری کی اشاعت کی ضرورت ان کی وفات کے بعد ظاہر ہوا کرتی ہے !

اس کے بعد دوسرا کام میں نے یہ کیا۔ کہ سارا زورِ قلم صرف کر کے ایک اداریہ لکھ ڈالا۔ اس کا عنوان تھا "آہ! مولانا ہادی مرحوم و مغفور" خون دل سے لکھا ہوا یہ آرٹیکل غالب کے اس شعر سے شروع تھا ؎

یارب زمانہ مجھ کو مٹاتا ہے کس لئے ؛ لوحِ جہاں پہ حرف مکرر نہیں ہوں میں

یہ مضمون کیا تھا ایک نثری مرثیہ تھا۔ جذبات و احساسات کا ایک سیلاب تھا کہ امڈا چلا آتا تھا۔ چونکہ عقیدت اور خلوص کی بناء پر قلم بند کیا گیا تھا۔ اس لئے جوش و تاثر کی ہر ہر سطر میں وہ بجلیاں کوندرہی تھیں کہ پڑھنے والے کی نگاہیں خیرہ ہو جائیں اور آنکھوں سے سیلاب اشک جاری ہو جائے۔ پہلے تو میں نے اپنے ملک کی مردہ پرستی کا رونا رویا تھا پھر یہ ثابت کیا تھا کہ صدیوں کے بعد مادرِ وطن ایسا سپوت پیدا کرنے میں کامیاب ہوتی ہے۔ پھر میں نے بیباکی سے یہ استفسار کیا تھا کہ جبتک مولانا ہادی زندہ رہے ملک و قوم کی فلاح و بہبود کیلئے اپنی بے لوث خدمات سے کبھی دریغ نہ کیا طرح طرح کی تکالیف برداشت کیں صعوبتیں سہیں۔ پاپڑ بیلے لیکن اپنے حلوے مانڈے سے کام رکھنے والوں نے انھیں اس کا کیا صلہ دیا؟ کبھی بھی ان کی خدمات کا اعتراف کیا؟ نہیں! کبھی نہیں!......

پھر میں نے یہ بتایا کہ اگر مولانا کسی زندہ قوم میں جنم لیتے تو ان کی وہاں کیا قدر و منزلت اور عزت و توقیر ہوتی۔ ان کی یادگاریں قائم ہوتیں مجسمے ایستادہ کئے جاتے اور زندگی اور موت دونوں حالتوں میں وہ شہرت و عزت حاصل ہوتی کہ آسمان پر فرشتے بھی رشک کریں۔ پھر میں نے دکھایا کہ اب جبکہ مولانا ہادی اللہ کو پیارے ہو چکے ہیں ان کے مزار پر قبے اور گنبد تعمیر کئے جائیں گے اور ان کی قبر کی پرستش کی جائے گی۔ مگر نہیں!..... (جذبات نے پلٹا کھایا)..... دل کو یہ کس طرح یقین آئے کہ وہ ... آشیاں ہو گئے ہیں، وہ جو کل ہمارے درمیان میں بیٹھا نصیحتوں کے موتی لٹا رہا اور ہدایتوں کے تمغے لنڈھا رہا تھا۔ کیوں کر باور کریں کہ آج قبر کے آغوش میں ابدی نیند کے مزے لے رہا ہے؟....

مگر نہیں! وہ اب تک زندہ ہے!! گو اس کا جسد خاکی سپرد خاک کر دیا گیا ہے۔ لیکن وہ روحانی طور ہماری قیادت و رہبری کے لئے ہمیشہ زندہ اور موجود رہے گا..... پھر میں نے ہندوؤں اور مسلمانوں دونوں کو لے ڈالا کہ انہی کی برکت سے مولانا کو اس طرح قبر کا منہ دیکھنا پڑا۔ ان کا بے گناہ خون ہمیشہ ہماری قوم کی گردن پر ہوگا۔ جس کا بدلہ ہے نہ قصاص!.......... اور آخر میں میں نے حسب معمول مولانا مرحوم کے لئے دعائے مغفرت اور پسماندگان کو دعائے صبر جمیل، اور مسلمانوں کو دعائے ہدایت نیک دیکر آرٹیکل کو ختم کیا۔


آرٹیکل لکھ چکا تو میں نے محسوس کیا کہ سینہ سے ایک بوجھ اتر گیا ہے۔ بار بار اس کو پڑھتا رہا۔ کبھی زیر لب اور کبھی باواز بلند اور کبھی قرارت سے جیسے کوئی شخص قرآن کی تلاوت کر رہا ہو۔ پڑھتے وقت دماغ میں اچھے مصرعے شاعرانہ جملے اور موزوں اشعار یاد آنے لگے جنھیں جا بجا حسب موقع چسپاں کرتا گیا۔ مثلاً..... "خدا بخشے بہت سی خوبیاں تھیں مرنیوالے میں".... مولانا ہادی کے سانحہ ارتحال کی خبر وحشت اثر نے حواس معطل کر دیئے...... زخم دل پھر خون رسنے لگا..... خدا مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا...... ایسا فرد بشر تھا جس نے حکومت کے بے معنی خطابوں کی کبھی پروا نہ کی..... ہماری قوم جو اب تک صرف یتیم العقل تھی، آج صحیح معنی یتیم ہو گئی...... ع این ماتم سخت است کہ گویند جواں مرد!...... اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت!..... وغیرہ وغیرہ

اس نہایت ضروری کام کو ختم کر کے میں نے اپنے معاون کو بلایا۔ مولانا ہادی کی دو تصویروں کے بلاک جو دفتر میں رکھے تھے ایک چھپ چکی تھی دوسری تازہ ترین تھی۔ میں نے انھیں یہ تصویریں دے کر آرٹ پریس بھگایا کہ کل تک دس دس ہزار کاپیاں آرٹ پیپر پر چھپ کر تیار ہو جائیں۔ نہ معلوم ان کی کب ضرورت پڑے۔ جاتے وقت میرے معاون نے معنی خیز انداز میں مجھ سے پوچھا۔ "نام کے ساتھ مرحوم بھی چھپوا دوں؟" میرے معاون نے بڑا نکتہ رس دماغ پایا ہے۔ میں نے مسکرا کر کہا "نہیں ابھی اس کی ضرورت نہیں۔ بعد میں اضافہ کر لیا جائے گا۔ مگر دیکھو۔ یہ ابھی کسی پر ظاہر نہ ہو۔ یہ ایک نہایت قیمتی تجارتی


ایس اے رحیم

سالار جنگ بلڈنگ — پتھر گٹی





باتصویر کیٹلاگ مع ہو چکا ہے

براہ کرم کارڈ بھیجکر طلب فرمائیے

شائستہ مذاق کے پسند خاطر ہر ایک موسم کی مناسبت سے گوناگوں ضروریات کی اشیاء کا بہترین اور منتخب اسٹاک موجود رہتا ہے۔

بوٹ، شوز، بنیائن، بنیانے سوئٹر، ترکی ٹوپیاں شیروانی کے بٹن اور دوسری چیزیں جو حال میں منگوائی گئی ہیں سابق کی مقابلے میں ہر لحاظ سے بہتر اور وضع میں آپ اپنی مثال ہیں



راز ہے جس کی حفاظت تمھارا اوّلین فرض ہے تم سمجھدار ہو۔ سب کچھ سمجھتے ہو، جاؤ تمھیں دیر ہو رہی ہے۔"

کچھ دیر بعد تار آیا۔ "ڈاکٹر عمرانی آگئے۔ طرح طرح سے ہوش میں لانے کی ترکیبیں کر رہے ہیں بے ہوشی کا عرصہ اٹھارہ گھنٹے حرارت ۱۰۳، وزن ۹۸½ پونڈ۔ حوائج ضروری اڑتالیس گھنٹوں سے ندارد۔ نبض کی رفتار ۷۶ فی منٹ۔ حالت بہت نازک ہے، مگر ڈاکٹر عمرانی مایوس نہیں۔"

کوئی مایوس ہو نہ ہو، مگر آپ کا یہ خاکسار ایڈیٹر تو بالکل مایوس ہو چکا تھا۔ اور سوچ رہا تھا۔ کہ یہ مشتِ ہڈی زیادہ سے زیادہ کتنے گھنٹوں کا مہمان ہوگا۔ دل گواہی دے رہا تھا کہ اس بطلِ اعظم کا مرغِ روح قفسِ عنصری سے اب تک پرواز کر چکا ہوگا۔ اس خیال کے آتے ہی آنکھوں میں آنسو آگئے۔ عینک اتار کر آنسو پونچھ رہا تھا کہ یکایک دل میں ایک خیال آیا۔ اتنی کم مہلت تھی اور میں نے ابتک "قطعۂ تاریخ انتقال پر ملال حضرت مولانا ہادی رحلت نگری مدظلہ العالی" نہیں لکھا تھا۔ حالانکہ مجھے چاہئیے تھا کہ کم از کم تین قطعے تینوں سنوں (ہجری، علیسوی اور فصلی) میں لکھتا اور اس فرض سے سبکدوش ہوتا! شاعر کے خراج تحسین کے بغیر مولانا کی وفات کا خزینہ نامکمل سا معلوم ہو تا رہا تھا!

فارسی قطعہ کے پہلے دو مصرعے ہوئے تھے۔ کہ میرا معاون واپس آگیا۔ "تصویریں کل چھپ کر آجائیں گی" "بہت خوب اچھا تم اب ایک اردو قطعہ تاریخ انتقال لکھ ڈالو۔ سنہ عیسوی نکلے۔ مگر اس کا خیال رہے کہ مولانا کا اسم گرامی "رحلت نگر" قربانی، فسادر، روزہ اور شہادت کا ذکر ضرور آئے۔ دیکھیں کتنی دیر میں لکھ سکتے ہو؟"

اس قطعہ کا انتظام ہو چکا تو میں نے اپنے قطعہ کی طرف رجوع کیا۔ مگر بقول شخصے کہ "آہٹ پہ کان دریہ نظر" تھی۔ کسی نے خوب کہا ہے۔ "الانتظار اشد من الموت" ڈاکیہ آج شام تک نہ آیا۔ مگر رات کو ایک اور تار آیا۔ "مولانا بدستور بیہوش ہیں۔ ڈاکٹر عمرانی صرف منھ کھول کر تیار کردہ عرق حلق کے نیچے پہنچانے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ حرارت ۱۰۴ دل دھیرے دھیرے دھڑک رہا ہے نبض کی رفتار ۷۵ فی منٹ! بے ہوشی کا کامل عرصہ ۲۵ گھنٹے۔"

میں نے دل میں کہا خدا کو جو منظور ہے وہی ہو کر رہتا ہے۔ انسان ضعیف البنیان ہزار کوشش کرے اور لاکھ سر مارے۔ مگر مشیت ایزدی کے آگے اسکی ایک پیش نہیں جاتی۔ موت کا ایک دن معین ہے۔ یہ کبھی نہیں ٹلتا۔ حیف صد حیف! مولانا کی تندرستی اس نازک مرحلہ سے گزر رہی تھی جہاں آزار کی بجائے دوا دعا کی ضرورت ہوتی ہے اور مریض کو کوئی انسانی قوت نہیں بچا سکتی۔ اس معبودِ حقیقی کا کوئی کام مصلحت سے خالی نہیں ہوتا۔ مولانا کو اس دار المحن سے اٹھا لینے میں بھی ضرور کوئی مصلحت پوشیدہ ہوگی۔ خدا کی باتیں خدا ہی جانے!

مگر اخبار بین حضرات کی تسکین کی خاطر دامن امید چھوڑنا بھی خلاف مصلحت تھا۔ چنانچہ اگلے روز کا اخبار مندرجۂ ذیل سرخیاں (جلی اور خفی دونوں) لے کر نکلا!:-

"مولانا ہادی کی حالت خطرناک طور پر نازک ہے" "ناامیدی ڈاکٹر عمرانی کے مسلک میں بمنزلہ کفر ہے!" "ڈاکٹر عمرانی کا دعویٰ — مولانا ہادی کو صحت کلی نصیب ہوگی۔ ورنہ میں اپنا پیشہ چھوڑ دونگا"

مگر تازہ خبریں جو دفتر میں موصول ہوئیں۔ ان سے ثابت ہوگیا کہ ہیچ میرز انسان خدا اور اسکی قوت اور قدرت کو بھول کر کیسے کیسے دعوے کر بیٹھتا ہے۔ نامہ نگار خصوصی رقمطراز تھا کہ "مولانا کا بخار حیرتناک سرعت سے اتر گیا ہے۔ ڈاکٹر عمرانی بھی اس کو خطرناک خیال کرتے ہیں۔ بے ہوشی بدستور ہے۔ نبض کی رفتار میں باقاعدہ طور پر کمی واقع ہو رہی ہے" "اور پھر اڑھائی گھنٹے کے بعد پرچہ لگا کہ "چہرہ پر مردنی چھا رہی ہے۔ مگر لبوں پر تبسم ہمیشہ کیطرح اب بھی موجود ہے" اس کے بعد گیارہ بجکر پچیس منٹ پر اطلاع آئی "ڈاکٹر عمرانی کی بوکھلاہٹ قابل دید ہے۔ جوش اور دیوانگی کے عالم میں برابر علاج کر رہے ہیں۔ مولانا کے ہاتھ پاؤں سرد ہوتے چلے ہیں!"

یہ خبر پڑھکر خود میرے ہاتھ پاؤں پھول گئے! میں نے کہا عمل کی اس وقت سخت ضرورت ہے۔ ماتم اور سوگ سے کیا حاصل؟ اور یہاں تو شدت الم سے آنکھوں میں آنسو بھی خشک ہوگئے تھے! میں نے آستینیں چڑھالیں قلم اٹھایا اور آخری نامکمل قطعہ تاریخ کی طرف توجہ مبذول کی۔ یکایک ایک خیال آیا اپنے معاون کو بلایا۔ اور حکم دیا کہ مروجہ "ادب لطیف" میں مولانا کی وفات حسرت آیات کا مرثیہ نثر میں لکھ کر جلد از جلد پیش کرو۔ وقت بہت تنگ ہے۔ اور کام کی زیادتی الامان والحفیظ! آج شہادت کا دن ہے مگر ہمارا دفتر آج تھکا رہے گا۔ اخباری دنیا دیکھ لے گی کہ "مخبر" اپنے ایک ہم وطن کے انتقال پر کیا کچھ کر سکتا ہے۔ اور کیسی قابل قدر اور لائق تقلید نظیر قائم کر سکتا ہے!-

بارہ بجے خبر ملی "چہرہ نیلا پڑ گیا ہے۔ دل شمع سحری کیطرح ٹمٹما رہا ہے۔ بیگم اطہر کا رنج وغم دیکھا نہیں جاتا" میں نے اپنے معاون کو آواز دی "مولانا کی تصویریں چھپ کر ابتک کیوں نہیں آئیں؟ جاؤ جلدی لے آؤ اور دیکھنا مولانا کے نام کے ساتھ مرحوم ومغفور کا اضافہ ضرور کروا دینا۔ اچھا؟ بھولنا مت" اسکے بعد میں مولانا کی سیرت و کردار کے متعلق ایک زوردار مقالہ لکھنے میں مصروف ہوگیا۔ اور لہجہ وہی اختیار کیا جو عقیدتمند مضمون نگار کسی مرحوم برگزیدہ ہستی کی شان میں اختیار کرتا ہے۔

بارہ بجکر پچپن پر ایک آخری تار آیا۔ پڑھتے ہی ہاتھوں کے طوطے اڑ گئے اور پیروں تلے کی زمین نکل گئی "نبض کا آدھے گھنٹے سے پتہ نہیں ہاتھ اور پاؤں برف کیطرح سرد ہو چکے ہیں۔ کہرام مچا ہے۔"

آہ! ہو چکا! ہمارے اس قائد اعظم کا کام تمام ہو چکا! کسے خبر تھی کہ ڈوکا کانفرنس میں شرکت کی غرض سے رحلت نگر سے رخصت ہوگا تو ہمیشہ کے لئے ہم سے رخصت ہو جائے گا۔ اور وطن کی سرزمین پر اسے پھر قدم رکھنا نصیب نہ ہوگا؟ کون جانتا تھا کہ اس کی مٹی یوں برباد ہوگی اور حسرت آباد جیسے پتھریلے مقام پر اسے مٹی ملے گی۔ یا عبرت عبرت!

خیال کی پرواز کو کون نہیں جانتا؟ میرے خیال نے بھی پرواز کی۔ اور منٹوں میں حسرت آباد دیکھ آیا میری بصیرت کی آنکھوں نے سینما کی تصویروں کی طرح سلسلہ واری اس ماتم کدہ کے مناظر دیکھنا شروع کئے کہ اب ڈاکٹر عمرانی بیاسا سنبھلے کرسی ہار رہے ہیں۔ اب میت کے پاؤں قبلہ کی طرف کئے جا رہے ہیں۔ اب ایک شخص مکھیاں اڑانے پر متعین کیا گیا ہے۔ اب تعزیت کو آنے والوں کا تانتا بندھا ہے۔ اور ہر شخص آتا ہے اور میت کا روئے پُرنور دیکھ جاتا ہے۔ اور اب . . . . . . . .

مخبر کی آمد نے سلسلۂ خیال درہم برہم کر دیا۔ تصویریں آگئیں۔ میں نے ایک ایک کاپی اٹھائی اور سرد آہیں بھرتا ہوا ان کا مطالعہ کرنے لگا۔ ہائے ابھی تصویر چند دنوں میں تبرک ہو جائے گی۔ مولانا کے اسم مبارک کیساتھ "مرحوم ومغفور" کا دم چھلا دیکھ کر آنکھیں ڈبڈبا آئیں۔ مگر میں نے بڑے ضبط سے کام لیا حقیقت ہمیشہ تلخ ہوتی ہے۔ اس کے چہرہ پر پردہ ڈالنے کی مجال بھلا کس کو ہوسکتی ہے؟ اس لئے دل کو یقین دلایا کہ مولانا سچ مچ اس دارِ فانی سے گزر گئے ہیں۔ میں نے اپنی آنکھیں پونچھیں۔ ناک صاف کی اور پھر اپنے کام میں مشغول ہوگیا۔

میں نے "آہ! مولانا ہادی مرحوم ومغفور"! والا آرٹیکل اٹھایا۔ یہ اب سارے ملک کے آگے پیش ہونے والا تھا۔ اس لئے اسے پھر غور سے پڑھا اور ردوبدل اور حذف واضافہ کے بعد کاتب کے حوالہ کیا۔ اس آرٹیکل کو پڑھتا تھا تو فخر ومسرت کی لہریں دل میں اٹھتی تھیں! یہ وہ چیز تھی جس کے مطالعہ کے بعد چار دانگ عالم میں میرے قلم کی دھاک بیٹھ جائے گی۔ اور دھوم ملا کر کہرام مچ جائے گی۔ اس پر مجھے ہمیشہ بجا طور پر ناز رہے گا۔ شروع کیا تھا "مولانا ہادی کو مرحوم لکھتے ہوئے قلم اور دل دونوں کانپتے ہیں۔! . . . . . ." مگر خیر یہاں میں اسکو نقل کرنا نہیں چاہتا۔ تاریخ ۱۱ محرم الحرام کا "مخبر" اٹھا کر دیکھ لیجئے۔ صفحہ نمبر (۳) کالم (۱) پر آپ وہ معرکہ آرا اور ہنگامہ پرور اداریہ پڑھیں گے جس نے افتتاحیہ نگاری کا ایک نیا باب کھول دیا ہے اور جس کے روح کو . . . وجد میں لانے والے اکثر جملے اب تک ذہین وفہیم ناظرین کو ازبر ہیں!

کاتب تو یہ ایڈیٹوریل لکھتا رہا اور میں مولانا ہادی کے آخری وقت کی خبروں کی ترتیب و تہذیب میں مصروف ہوگیا۔ اور آدھ گھنٹے بعد مولانا کی حسرتناک وفات کا ایک مکمل نقشہ اشاعت کے لئے تیار کر کے رکھ دیا۔

دو شہید ملت مولانا ہادی رحلت نگری کا سانحۂ ارتحال!

"ہندو مسلم اتحاد کی سعی لاحاصل میں ملک کا ایک جانباز فرزند جان سے گزر گیا!

"حسرت آباد ۱۰ محرم الحرام۔ مولانا ہادی کے قومی روزہ کا انتیسواں دن عالم اسلام اور خصوصاً اسلامی ہند کے لئے عبرت کا سامان لئے ہوئے نکلا ہے۔ ناظرین کو یاد ہوگا کہ مولانا ۴۸ گھنٹے سے بے ہوش تھے۔ اور بخار سے جسم تمام مجلس رہا تھا۔ لیکن کل صبح کے تقریباً آٹھ بجے مولانا کا بخار ۵ منٹ میں

تعجب انگیز اور حیرت ناک سرعت سے اثر گیا۔ اس طور پر کہ ڈاکٹر عمرانی جو مولانا کے معالج خصوصی تھے حیران رہ گئے، اور ان کے ہوش پراں ہو گئے۔ مولانا کی بیہوشی کو ہوش میں تبدیل نہ ہونا تھا، نہ ہوئی بلکہ نبض کی رفتار میں بھی با قاعدہ طور پر کمی واقع ہونے لگی۔ ساڑھے دس بجے سے چہرہ زرد پڑنا شروع ہوا اور رفتہ رفتہ مُردنی کی علامات نمودار ہونے لگیں۔ مگر دیکھنے والوں نے دیکھا کہ اس بیہوشی کے عالم میں بھی مولانا کے تبسم خصوصی نے کبھی ان کے لبوں کا ساتھ نہ چھوڑا۔ گیارہ بج کر ۴۰ منٹ ہوئے تھے کہ مولانا کے ہاتھ پاؤں سرد ہونے لگے، اور ڈاکٹر عمرانی کے چھوٹنے لگے۔ چہرہ یکے بعد دیگرے زرد، سفید اور نیلا پڑنے لگا۔ گویا ایک رنگ آتا تھا تو ایک جاتا تھا۔ دل کی حرکت مشکل سے محسوس ہونے لگی۔ اور بارہ بجے نبض کی ضربات کم ہوتے ہوتے گم ہو گئیں! اور ہاتھ اور پاؤں علی الترتیب کہنیوں اور گھٹنوں تک برف کی طرح بالکل سرد ہو گئے۔ مولوی اطہر جاوید نے جو مولانا کے بہنوئی ہوتے ہیں یٰسین شریف پڑھنا اور مستورات نے رونا پیٹنا شروع کیا۔

اور اس طرح بدنصیب ہندوستان کا یہ قائد اعظم ڈاکٹر عمرانی کے دعوے اور شبانہ روز کی انتھک کوششوں کے باوجود ہندوؤں اور مسلمانوں میں اتحاد پیدا کرنے کی کوشش میں جاں بحق تسلیم ہو گیا! انا للہ وانا الیہ راجعون!

بیگم اطہر ناز کی حالت ناقابل بیان ہے، غش پہ غش آ رہے ہیں۔ اور وقفوں میں بین و ماتم سے سارا گھر سر پہ اٹھا لیا ہے۔ ایک چیخ آسمان پر ہے تو ایک زمین پر۔ دردناک تفصیلات کا انتظار ہے۔"

میں نے کاتب کو بلایا اور اس خبر کو کاپی کے پہلے صفحہ پر جلی قلم سے لکھنے کی تاکید کی۔ اس کے بعد مولانا کی زندگی کے حالات کا نوٹ اٹھایا اور اسمیں وفات کی تاریخ اور وقت کا اضافہ کر دیا۔ میں نے یہ نوٹ بھی کاتب کو دیدیا اور اپنے معاون کو بلایا۔ وہ اپنے تاثرات مولانا کی وفات پر پاکیزہ انشائے لطیف میں لکھ لایا۔ اس کا عنوان تھا "الوداع! اے شہید قوم الوداع!" یہ مضمون مجھے بہت پسند آیا۔ میں نے مدیر معاون کو مخاطب کر کے کہا "آج میں صحافت کا وہ بلند معیار پبلک کے آگے پیش کرنیوالا ہوں جس پر اخباری دنیا ہمیشہ فخر کرے گی۔ اور آئندہ نسلیں اسکو مشعل ہدایت کے طور پر استعمال کرینگی۔ میں اردو صحافت کے چہرہ سے وہ بدنما داغ دور کرنیوالا ہوں جس کی وجہ سے ہم اب تک دوسروں کو اپنا منہ دکھلانے کے قابل نہیں رہے تھے۔ دنیائے صحافت بہت جلد دیکھ لیگی کہ انکا یہ "مخبر" ان کی ترقی کیلئے کسقدر کوشاں ہے! میں دنیا کو دکھا دوں گا کہ جہاں کل دوسرے روزنامے مولانا ہادی کے نزع کے عالم کی کیفیات لیکر نکلیں گے وہاں میرا اخبار ان کے انتقال پر ملال، نماز جنازہ اور تجہیز و تکفین کے حالات کے ساتھ منظر شہود پر آئیگا! اور اسکی قیمت کل ایک آنہ کے بجائے دو آنہ ہوگی!"

اور پھر میں نے اپنے دست راست کو مولانا کے جنازہ کے جلوس، نماز جنازہ اور تجہیز و تکفین کا ایک خاکہ تیار کر کے دیا کہ نمک مرچ لگا کر جاذب نظر سرخی کیساتھ اخباری خبر کے سانچے میں ڈھال کر لائے۔ اسکے بعد میں نے "مولانا ہادی قدس سرہ العزیز اور چند مشورے" کے عنوان سے ایک کالم کا مختصر سا مضمون لکھا۔ اسمیں میں نے رحلت نگر میں بسنے والوں کو چند بیش بہا مشورے دئے تھے کہ تعزیت کے طور پر تمام شہر میں ہڑتال منائی جائے، کاروبار بند رہے، مدرسوں، دفتروں اور عدالتوں کو عام تعطیل دیجائے، تعزیتی جلسے منعقد ہوں، قراردادیں منظور ہوں۔ اور مولانا ہادی (خدا انھیں کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے) کی یادگار میں انکا مجسمہ وسط شہر کے چوراہے پر تعمیر کیا جائے۔ انکے نام نامی اسم سامی سے شہر کی جدید سڑکیں اور عمارتیں منسوب کئے جائیں، پرسوں شہر کی جامع مسجد میں فاتحہ سوم مقرر کیا جائے۔ اور ہر سال اسی تاریخ کو "یوم ہادی" زور و شور سے منایا جائے۔ انکی یادگار میں رسالے اور اخبار جاری کئے جائیں۔ وغیرہ وغیرہ۔

میں نے مضمون ختم کیا تھا کہ جنازہ کا نوٹ قلمبند ہو کر آگیا۔ طوالت مانع ہے ورنہ میں اسے بھی قارئین کی خدمت میں پیش کرتا، مگر آپکی دلچسپی بھی مقصود نہیں اسلئے اسکا خاکہ نقل کرنے پر اکتفا کرتا ہوں وہ "ساڑھے پانچ بجے روانگی... مجمع زائد از چالیس ہزار.... لیڈر سیاہ پوش.... امرائے شہر موٹروں میں... لٹھ بند پولیس ہمراہ... جامع مسجد ناکافی، لہذا نماز جنازہ کیلئے مقامی میدان کربلا کی تجویز بالاتفاق منظور... فاصلہ دو فرلانگ... سوا چھ بجے جنازہ میدان کربلا میں... فساد و جھگڑا کچھ نہیں... نماز جنازہ... امام مولوی اطہر جاوید... ساڑھے چھ بجے قبرستان کو روانگی... دو گھنٹہ مزار کی تیاری کا انتظار... تدفین 9 بجے... بخت بالخیر..." نائب مدیر نے اسکی سرخی یہ تجویز کی۔ "عاشق کا جنازہ تھا بڑی دھوم سے نکلا"! نوٹ بڑا رنگین تھا، اور کہیں کہیں لکھنے والے نے اپنے ذہن سے تفصیلات بہم پہنچائی تھیں مثلاً مجمع کا جوش و خروش اسطرح بیان کیا کہ... "لوگ جنازہ کو کندھا دینے کیلئے ایک کے اوپر ایک ٹوٹے پڑتے تھے، اس کشمکش میں چند ایک کی ٹوپیاں سروں سے علحدہ ہو گئیں اور اکثر حضرات کے جوتے پیروں سے چھوٹ گئے۔ بعض زخمی بھی ہوئے اور ایک سن رسیدہ بزرگ کا گرد و غبار کی وجہ سے دم گھٹ گیا اور بیہوش ہو گئے!... ایک اور جگہ لکھا اتفاق سے ایک معزز عہدہ دار کی موٹر کا ٹائر پھٹ گیا۔ اور انھیں جنازہ کیساتھ پیدل چلنے پر مجبور ہونا پڑا...." ہجوم کے ذکر کے ضمن میں مجھے یہ اضافہ نظر آیا "... کہا جاتا ہے کہ میدان سے باہر نماز جنازہ کے ختم ہونے کا انتظار کرنے والوں کی تعداد پانچ ہزار سے زیادہ تھی! اب اگر فرض کیا جائے کہ بے طہارت اور باطہارت مسلمانوں میں ایک اور آٹھ کی نسبت تھی، تب بھی مجمع چالیس ہزار سے زیادہ ثابت ہوتا ہے!"... تدفین کے تذکرہ میں یہ حاشیہ آرائی کسقدر ضروری تھی!... "تدفین کا مسئلہ نہایت اہم صورت اختیار کر گیا۔ حسرت آباد والے مصر تھے کہ مولانا کو وہیں سپرد خاک کیا جائے، اور رحلت نگر کے باشندے مولانا کے مزار کو مولانا کے جسد اطہر سے محروم کرنے پر ہرگز تیار نہ تھے۔ لہذا حاضرین کے ووٹ لئے گئے، اور غلبۂ آراء یہ قرارداد منظور ہوئی کہ مولانا کی تدفین حسرت آباد میں عمل میں آئے!..." افسانہ نگار کا قلم جنازہ کے ذکر میں بھی گل کھلائے بغیر نہیں رہ سکتا!

"ہادی نمبر" چھپتا رہا۔ اور رات بھر میں تازہ ترین تار کی راہ دیکھتا رہا کہ آتے ہی "اشاعت پریس" میں درج کر دوں، مگر ہمارا نامہ نگار بھی حسرت آباد میں مولانا کی تجہیز و تکفین کے انتظامات میں اسقدر منہمک معلوم ہوتا تھا کہ اس نے رات بھر اپنے "مخبر" کو یاد نہ کیا۔ "اب" کا سکوت بھی تحیر خیز تھا۔ موذن صبح کی اذاں دے رہا تھا، جبکہ پرچہ چھپ کر تیار ہوا اور سات بجے لڑکے سیاہ حدول والا اخبار ہاتھ میں لئے سڑکوں پر لپکاتے ہوئے نظر آئے۔ "مخبر کا ہادی نمبر دو آنے!... مولانا ہادی کا انتقال... دو آنے! ہادی نمبر دو آنے!... جنازہ کی تفصیلات... دو آنے! ہادی نمبر دو آنے!..." اخبار ہاتھوں ہاتھ بکا، اور پڑھا گیا بلکہ چاٹا گیا! مقامی ایجنٹوں کا پے در پے فرمائشوں سے دل باغ باغ ہوا جا رہا تھا۔ منہ مانگی مراد بر آئی تھی۔ اخبار کی مانگ اور بکری کو دیکھتے ہوئے میں نے محسوس کیا کہ شام تک اس کا دوسرا ایڈیشن شائع کرنا ضروری ہو جائیگا۔ ورنہ دفتر کا بڑا نقصان ہوگا۔ اسلئے میں نے احتیاطاً باہر کے خریداروں کو پرچہ نہیں بھیجا، اور دھڑا دھڑ دوسرے ایڈیشن کی تیاری کرنے لگا۔ اپنے اس کارنامہ کی کامیابی اور عوام میں اپنی ہردلعزیزی کو دیکھتے ہوئے مجھے بہت کچھ امید بندھ گئی کہ عنقریب ہونیوالے انتخابات بلدیہ میں مجھے کافی ووٹ ملیں گے، اور میں کامیاب رہوں گا۔ رحلت نگر کے متوطن صاحب عقل و فہم ہیں، انھوں نے میرے مشوروں پر عمل پیرا ہو کر بطل پرستی کے ثبوت طرح طرح سے دئے۔ مسلمانوں نے اپنی دوکانیں نہیں کھولیں، کارخانے والوں نے ہڑتال منائی، کالج اور دفتر بند رہے، مسجدوں میں مولانا ہادی (خدا انھیں غریق رحمت کرے) کے لئے دعائے مغفرت مانگی گئی، کلوب عظیم میں جلسۂ تعزیت منعقد ہوا، وہ پرجوش اور زہرہ گداز تقریریں ہوئیں کہ سخت سے سخت دل والے بھی خون کے آنسو رو دئے۔ قراردادیں منظور ہوئیں، اور آخر میں ایک پیام تعزیت مرحوم کی والدہ محترمہ اور ہمشیرہ کے نام ارسال کیا گیا، اور جلسہ برخواست ہونے سے قبل معتمد جلسہ نے باواز بلند اعلان کیا کہ کل بعد نماز فجر جامع مسجد میں بغرض ایصال ثواب فاتحۂ سوم مقرر ہے۔ حاضرین شریک ہو کر عنداللہ ماجور ہوں! شام کے پانچ بجے تک دوسرا ایڈیشن بازار میں آگیا، مانگ کا یہ عالم تھا کہ بلا تصویر یہ پرچہ چار آنے میں بکا اور مجھے اطمینان ہوا کہ دفتر کی رات دن کی خواب و خور کو حرام کرنیوالی محنت اب ٹھکانے لگی۔ اور یہ امر واقعہ ہے کہ جب محنت نیک نیتی اور صحیح جذبے کے تحت کی جاتی ہے تو اس کا معاوضہ ملے بغیر نہیں رہتا اور میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ اس قلیل مدت میں جو کچھ ہوا اسمیں خدائے بزرگ و برتر کا فضل و کرم شامل حال رہا ورنہ — من آنم کہ من دانم! یہ سب کچھ تو تھا مگر محاذ سے خبریں آنی بند ہو گئی تھیں جسکی مجھے بڑی حیرانی تھی۔ مقامی معاصروں کو دیکھتا تھا کہ بجائے مولانا ہادی رحمۃ اللہ کے آخری دم کی خبریں چھاپ رہے تھے، اور شام کو شائع ہونیوالے روزانہ اخبار بحوالہ "مخبر" مولانا کی وفات حسرت آیات کی خبریں درج کر رہے تھے، وہ ایک بددیانت خبریں تو نقل کر رہے تھے لیکن حوالہ دینا کسرشان یا غیر ضروری سمجھتے تھے۔ شام کی ڈاک سے باہر سے آنیوالے روزنامے بھی کوئی نئی خبر فراہم کرنے میں کامیاب نہیں ہوئے تھے۔ خدا کے فضل و کرم سے اسبارہ میں "مخبر" سب سے بازی لیگیا تھا! میں اپنی اس شاندار کامیابی پر پوری طرح بغلیں بجانے بھی نہ پایا تھا، کہ نامہ نگار حسرت آباد کا ایک تار دفتر میں بم کی طرح پھٹا اس طور پر کہ میرے ہوش و حواس کا جنازہ نکل گیا! "ڈاکٹر عمرانی کی کوششیں آخر بار آور ہوئیں، ساڑھے چار بجے مولانا نے آنکھیں کھولیں

اور نہایت نحیف آواز میں پوچھا میں کہاں ہوں؟ مولانا کے جسم میں حرارت آگئی ہے۔ نبض آہستہ آہستہ چلنے لگی ہے۔ ڈاکٹر عرق کے قطرہ حلق میں ٹپکا رہے ہیں۔ سب کی جان میں جان آئی ہے۔“ اور میری جان پر بن گئی اور لینے کے دینے پڑگئے مجھے یقین تھا کہ میں خواب نہیں دیکھ رہا ہوں پھر یہ عجیب و غریب تار کیا معنی رکھتا ہے! میں نے آج تک نہیں سنا کہ ایک مریض کی نبض آدھ گھنٹے تک غائب ہو اور ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جائیں پھر بھی وہ بدنصیب نہ مرے! ایں خیال است و محال است و جنوں — مولانا ہادی کی سخت جانی اور ایک حد تک میری جلد بازی نے مجھے کہیں کا نہ رکھا! جریدہ کی اشاعت نے سب سے حق پر مرے پر سو درّے کا کام کیا۔ ”مولانا ہادی کے برت کا اٹھتیواں دن بڑا کٹھن تھا اور اکثر لوگوں کے نزدیک ان کے برت کا آخری دن سمجھ لیا گیا تھا۔ مگر خدا کا شکر ہے کہ مولانا اڑتیس گھنٹے کی بیہوشی کے بعد ہوش میں آئے ہوئے ہیں اور کمزوری کے باوجود ڈاکٹر عمرانی سے سیاسی مسائل پر گفتگو کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر عمرانی کی رائے میں مولانا خطرہ سے نکل چکے ہیں۔“ یعنی ان کے انتقال پر ملال کا اب کوئی امکان ... ”مخبر کی برّیت کی ایک امید تھی سو وہ بھی جاتی رہی دس بارہ گھنٹے کی دیر ہی سہی اگر مولانا اس عالم آب و گل کو خیرباد کہہ جاتے! ایک مسلم روزنامہ اس رسوائی سے بچ جاتا جو اب اس کے مقدر میں ہے۔ اور عقلمند ناظرین موت کی ان جنگی خبروں کو پیشین گوئی کی حیثیت دیتے! مگر نہ معلوم ہادی صاحب نے اپنا فاقہ کونسی منحوس گھڑی سے شروع کیا تھا کہ مجھے اب ساعت بد سے دو چار ہونا پڑا! کسی کی جان گئی آپکی ادا ٹھہری — سوچتے سوچتے ذہن اس شعر کیطرف منتقل ہوا جس سے میں نے اپنا افتتاحیہ و نا مبارک افتتاحیہ شروع کیا تھا یعنی سے یا رب زمانہ مجھ کو مٹاتا ہے کس لئے؟ لوح جہاں پہ حرف مکرر نہیں ہوں میں! کس قدر لغو شعر ہے! ”حرف مکرر“ کی بے معنی ترکیب سے قطع نظر شعر کے کوئی معنے نکلتے ہیں؟ تنقید عالیہ دیوانِ غالب کو تیسری الہامی کتاب سمجھتی ہے۔ اگر یہ شعر بھی الہام تھا تو موجودہ صورت میں اس کا غلط ثابت ہونا کس قدر افسوس ناک ہے! پھر کیا ادبی دنیا غالب کو کیوں حرز جاں بنائے ہوئے ہے؟ — آہ! اس شعر کے انتخاب نے رسوا کیا مجھے! رات بھر نہیں معلوم نیند کہاں مر رہی تھی پیچ و تاب کھاتا رہا اور کروٹیں بدلتا رہا۔ اور اپنے آپ کو کل کے ہنگامے کیلئے تیار کرتا رہا۔ مگر دل تھا کہ ڈوبتا چلا جا رہا تھا۔ ادھر میری قسمت پھوٹی اور ادھر صبح میں بھانڈا پھوٹا۔ ناسازیٔ طبع کا بہانہ کرکے میں گھر ہی میں پڑا رہا۔ باشندگان رحلت نگر غم و غصّہ کے مارے دیوانے ہوگئے۔ جوش و خروش روکے نہ رکتا تھا میں نے ان کو بڑا دھوکا دیا تھا۔ خواہ مخواہ رنج و الم میں مبتلا کر دیا تھا۔ انھیں بیوقوف بنایا تھا۔ ان کے جیتے جاگتے لیڈر کو بے موت مارا تھا۔ اس لئے سب میرے خون کے پیاسے ہوگئے تھے۔ اس شرارت کی پاداش میں میرے سر کو خاد

خونیں تڑپتا دیکھنے کے بیحد آرزو مند تھے۔ انھوں نے ہادی نمبر کے جتنے پرچے مل سکے لاکر میرے دفتر کے سامنے جمع کر دیے اور خاکسار کے خلاف ملامت اور نفرین کے بے شمار ووٹ پاس کرنے کے بعد اس ڈھیر میں آگ لگا دی۔ یہ تھا وہ صلہ جو انھوں نے ایک ایسے شخص کو دیا جس نے سالہا سال تک ان کی فلاح و بہبود کی جان توڑ کوششیں کیں جسنے ان کے حقوق کے لئے حکومت سے جنگ کی۔ جس نے ان کی معاشرت، ان کے اخلاق، ان کی تہذیب اور معیار کو بلند کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا۔ جس نے ان کی ماں بہنوں کو آزادی دلانے میں ایڑی چوٹی کا زور لگایا اور بہو بیٹیوں کو مغربی تعلیم کے فیوض و برکات سے آگاہ کرانے اور اس سے فیض یاب ہونے کی ترغیب دلانے میں اپنا وقت خراب کیا جس نے ان کے نیک نام اور دیانت دار عہدہ داروں کی کمزوریوں اور عیوب (”معاوضہ لیکر ہی سہی؟) بر ملا چشم پوشی سے کام لیا جس نے ........ مگر جانے دیجئے۔ ان احسانات کو گنانے سے کیا فائدہ؟ یہ کم ظرف آدمیوں کا شیوہ ہوتا ہے۔ — مگر مجھے رنج صرف ایک بات کا تھا۔ ان تمام کارگزاریوں کو بھلا کر ایک ادنیٰ فروگزاشت سے اس درجہ متاثر ہونا۔ اور میرا نام و نشان مٹانے کی کوشش کرنا دنیا شریفوں کے شایان شان نہیں تھا۔ میں بھی منہ میں زبان اور ہاتھ میں قلم رکھتا ہوں۔ چاہوں تو بات طول پکڑ جائے اور رحلت نگر کے وہ وہ راز ہائے سربستہ جو میرے سینہ میں دفن تھے چشم زدن میں منظر عام پر آجائیں اور یہاں کے مغلوب الغضب ساکنین کو پھر منہ چھپانے کو بھی موقع اور جگہ نہ ملے۔ مگر مصلحت وقت اسکی متقاضی تھی کہ میں سکوت اختیار کروں اور گھر سے باہر نہ نکلوں۔ ہر قوم اور ملک کے مصلح ایسے نازک مرحلوں پر یہی کرتے آئے ہیں۔ میں نے اس نازک مسئلہ پر بہت کچھ غور کیا اور آخر اس نتیجہ پر پہنچا کہ ان قدر ناشناس احسان کش اہالیان شہر سے میرا نباہ مشکل بلکہ ناممکن ہے اس لئے مناسب سمجھا کہ راتوں رات اس جاہلوں کی بستی کو ہمیشہ کے لئے خیرباد کہا جائے اور معہ اشاق اور اہل و عیال کے ”خسرپور“ چلدیا جائے چنانچہ اسی رات بغیر کسی گڑبڑ اور دھوم دھام کے میں اپنے قافلہ کیساتھ سسرال روانہ ہوگیا۔ کسی کو کانوں کان خبر نہ ہوئی مگر مجھے دو باتوں کا بڑا افسوس رہا۔ ایک تو اخبار سے اسطرح دست بردار ہو جانا۔ اور دوسرے کاغذ اور مطبع والوں اور کاتبوں سے بلا اطلاع رخصت ہو جانا جنکی اجرت بہت کچھ واجب الادا ہے۔ مردوں کو دغا دینے والے مولانا ہادی کا برت ڈاکٹر عمرانی کی کرامت سے خیر و خوبی سے ختم ہوا۔ اور اب وہ اللہ کے فضل سے بالکل تندرست ہیں۔ مگر انکی وجہ سے میرے اخبار کے وقار اور اشاعت کو جو صدمہ پہنچا ہے اس کیلئے میں انھیں عمر بھر معاف نہیں کرسکتا۔ وہ ہزار مرتبہ اسطرح روزہ رکھیں اور مر مر کے جی اٹھیں لیکن ”ہندو مسلم اتحاد“ وہ فقرہ ہے جو کبھی شرمندۂ معنی نہ ہوا۔ فسادات و ہنگامے ہوتے رہے ہیں۔ اور آئندہ بھی *


# شروع سے اب تک

تجارت کے جتنے راستے ہیں ان پر کسی نہ کسی ایسے شخص یا جماعت کا قبضہ اور تصرف رہا ہے جو امراء، شرفاء اور پبلک میں بارسوخ تھے۔ ان تک رسائی کے انکو ذرائع حاصل تھے۔ دوسرے تاجر بے وسیلہ اور غیر معروف ہونے کی وجہ سے خاطر خواہ اپنی تجارت کو کامیاب نہیں بنا سکتے تھے لیکن زمانہ بدل گیا۔ رت بدل گئی۔ اب ہر شخص غیر معمولی شہرت کا مالک بن سکتا ہے۔ اس صورت سے کہ اپنی چیزوں کا باقاعدہ اور موثر طریقہ سے اشتہار شائع کرے۔ جب چیز غیر معمولی شہرت حاصل کرے گی تو لامحالہ غیر سے اس کی مانگ بڑھ جائے گی۔ لہٰذا مناسب طریقہ یہ ہے کہ اس فریضہ کو کسی مستند ادارے کے سپرد فرمادیں۔ موجودہ دور میں مستند طور پر اڈورٹائزنگ کا کام

ٹریڈ اکسپینشن کمپنی سے بہتر کوئی انجام نہیں دے سکتا۔

”ٹریڈ“ ماہران نشریات نظام شاہی روڈ۔ حیدرآباد دکن


۱۰۷


# ہندوستان کوآپریٹیو انشورنس سوسائیٹی لمیٹڈ

## آئیے اپنا بیمہ کرائیے


### تاکہ

## کمپنی کے منافع سے آپ بھی بہرہ اندوز ہو سکیں

گزشتہ چار سال کے عرصہ میں
ہندوستان کوآپریٹیو انشورنس سوسائیٹی لمیٹڈ
کا بزنس ممالک محروسہ سرکار عالی میں۔




مختلف سنین میں کمپنی نے بزنس میں تدریجاً جو ترقی حاصل کی ہے اسکو ذیل کی علامتوں سے واضح کیا گیا ہے




ٹریڈ مارک

**ایل بی استھانہ آرگنائزر، ممالک محروسہ سرکار عالی**


حاجی محمد کیپ مرچنٹ
دوکان کو مقبولیت حاصل ہوئی ہے
مختصر فہرست درج ذیل ہے
رومی ٹوپی۔ شیرگولہ۔ مصری ٹوپی۔ کرسٹی۔ بوٹ۔ شوز زنانے
اور مردانے ہمہ قسم پائتابہ۔ دستی۔ تولیہ۔ بنیائن ہمہ قسم۔ شیروانی
کے بہترین بٹن۔ سیفٹی ریزر۔ چھتری۔ چاقو۔ قینچی۔ بلانکٹ ہمہ قسم
سوزنیاں وغیرہ وغیرہ


ریو موٹر کار
گیر بدلنے کی ضرورت نہیں
بار بار گیر بدلنے کی دقت اگر آپ کو نہ ہو تو موٹر چلانے
میں کس قدر لطف آئے۔ ؟ اس موٹر کی یہ نایاب خصوصیت ہے
جب آپ راستہ میں لگتے ہی بار بار گیر نہ بدلیں۔ گیر خود بخود بدل جاتے ہیں۔ ریو
موٹر کار کو دیکھتے ہی آپ بیساختہ کہہ اٹھیں گے کہ کیا خوب صورت کار ہے۔
اس کی خوشنمائی اور ڈیزائن کی خوبی کا دنیا میں چرچا ہے۔ اس کی ایک ایک چیز
صناعی کا بہترین نمونہ ہے۔ اس کے باوجود اس کی قیمت نہایت مناسب ہے
سول ایجنٹس
پربھاکر اینڈ کمپنی
جیمس اسٹریٹ
سکندرآباد
ڈیلرس
گرانٹ گیراج